بسم اللہ الرحمن الرحیم

آغا خانیت

علمائے اُمّت کی نظر میں

www.KitaboSunnat.com

ناشر

سواد اعظم اہلسنت چترال پاکستان

ملنے کا پتہ

دار العلوم تعلیم القرآن سول کوارٹر پشاور صدر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com



آغا خانیت

علمائے اُمّت کی نظر میں

ناشر

سوادِ اعظم اہلِ سنّت چترال پاکستان

ملنے کا پتہ

دارالعلوم تعلیم القرآن سول کوارٹر پشاور صدر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نام کتاب ..... آغا خانیت علمائے امت کی نظر میں
مرتب ..... فیض اللہ چترالی
فن کتابت ..... تلمیذ پروین رقم رای
مصحح ..... مولانا نعمت اللہ چترالی
ناشر ..... سواد اعظم اہلسنت چترال پاکستان
زیر نگرانی
مولانا عبید اللہ چترالی
مدیر دار العلوم تعلیم القرآن سول کوارٹر پشاور۔ صدر۔

المکتبۃ الرحمانیۃ
۹۹... جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور
فون ...024.15...

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست

	صفحہ
عرض مرتب	۴
مقدمہ، مولانا محمد یوسف لدھیانوی	۵
الاستفتاء	۳۵
مفتی اعظم پاکستان مفتی ولی حسن صاحبؒ کا فتویٰ	۳۷
مفتی رشید احمد صاحبؒ کا فتویٰ	۴۵
فتویٰ دارالعلوم کراچی	۴۶
فتویٰ مولانا سلیم اللہ خان صاحب	۱۰۵
توقیعات علمائے سندھ	۱۰۶
فتویٰ علمائے پنجاب	۱۰۸
فتویٰ علمائے سرحد و شمالی علاقہ جات	۱۲۲
" آزاد کشمیر	۱۳۱
" بلوچستان	۱۳۲
فتویٰ دارالعلوم دیوبند (انڈیا)	۱۳۳
فتویٰ مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور (انڈیا)	۱۳۴
فتویٰ جامعہ ازہر	۱۳۵
فتویٰ شیخ عبداللہ بن باز	۱۳۶
ضمیمہ فتویٰ مفتی اعظم پاکستان مفتی ولی حسن متعلق آغا خانی فاؤنڈیشن	۱۳۸

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عرضِ مرتّب

پاکستان میں جن افراد کو آغاخانی کہا جاتا ہے ان کا ابتدائی تعلق اسمٰعیلی مذہب کی نزاری شاخ سے ہے اسمٰعیلی مذہب کی ابتدا دوسری صدی ہجری کے اواخر میں ہوئی۔ اسمٰعیلیوں کے عقائد پر یونانی، ایرانی، مجوسی اور نصرانی فلسفوں کا شدید غلبہ نظر آتا ہے ان کے یہاں تعلیمات کو دو حصّوں میں منقسم کیا گیا ہے ایک ظاہری دوسری باطنی۔ اُس دور کے علماء نے ان کے عقائد پر نقد و نظر کے بعد اُن کو خارج از اسلام قرار دیا۔ اس وجہ سے بیشتر تاریخوں میں اسمٰعیلیوں کا ذکر روافض باطنیہ یا ملاحدہ (جمع ملحد) کے عنوان کے تحت کیا گیا ہے۔ اسمٰعیلیہ سے تعلق زیادہ لٹریچر عربی زبانی میں ہے یا انگریزی میں ہے جس کے سہل الحصول نہ ہونے کی وجہ سے عوام اُس سے مستفید نہیں ہو سکتے۔ دوسرے اس ایک ہزار سال کے عرصہ میں گمراہی میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ لہٰذا آغاخانیوں کے موجودہ عقائد کی روشنی میں دنیا بھر کے جیّد علماء کرام سے فتاویٰ حاصل کر کے کتابی شکل میں پیش کئے جاتے ہیں تاکہ عوام کو حقائق کا علم ہو سکے اور وہ گمراہی سے بچیں،

وما توفیقی الّا باللہ

فیض اللہ چترالی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

مقدمہ

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی صاحب مدظلہم العالی

آغا خانیوں کے جن عقائد کی بناء پر یہ فتویٰ شائع کیا جا رہا ہے ان کا خلاصہ حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب مفتی اعظم پاکستان کی تحریر میں اس کی کافی تفصیل دار العلوم کراچی کے فتوے میں آپ ملاحظہ فرمائیں گے لیکن آغا خانیوں کے بارے میں چند ضروری مباحث کا ذکر کر دینا ضروری ہے جن سے قارئین کو آغا خانی مذہب کے بارے میں کافی حد تک بصیرت حاصل ہو سکے۔

۱۔ آغا خانی سلسلۂ امامت

اسمٰعیلی مذہب میں سلسلہ امامت کو کلیدی حیثیت حاصل ہے ان کے نزدیک حاضر امام کا فیصلہ ناطق ہے اس لئے سب سے پہلے ان کے سلسلۂ امامت پر نظر ڈالنا ضروری ہے ان کے یہاں ائمہ کا سلسلہ حسب ذیل ہے۔

۱۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ	۴۰ھ
۲۔ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما	۶۱ھ
۳۔ حضرت زین العابدین علی بن حسین رح	۹۴ھ
۴۔ حضرت محمد باقر	۱۱۴ھ
۵۔ حضرت جعفر صادق	۱۴۸ھ

جعفر صادق کے بعد فرقہ امامیہ میں مسئلہ امامت پر اختلاف ہوا فرقہ اثنا عشریہ نے حضرت جعفر صادق کے صاحبزادہ موسیٰ کاظم کو امام مانا اور اسمٰعیلی اپنے بڑے صاحبزادے حضرت اسمٰعیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بن جعفر صادق کی امامت کے قائل ہوئے۔ ڈاکٹر زاہد علی[1] نے "تاریخ فاطمین مصر" میں اس سلسلہ میں جو کچھ لکھا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے۔

امام جعفر صادق کے ترتیب عمر کے لحاظ سے سات بیٹے تھے۔ ۱۔ اسمٰعیل ۲۔ عبداللہ افطع ۳۔ موسیٰ کاظم ۴۔ محمد معروف بہ دیباج ۵۔ اسحٰق ۶۔ عباس ۷۔ علی عریضی۔ اول الذکر چاروں نے امامت کا دعویٰ کیا جس سے متعدد فرقے پیدا ہو گئے۔ ان میں مشہور اور اہم فرقہ اسمٰعیلیہ اور فرقہ موسویہ ہے اسمٰعیل امام جعفر صادق کے بعد حضرت اسمٰعیل کی امامت

---

[1] ڈاکٹر زاہد علی صاحب "تاریخ فاطمین مصر" میں عام مورخین کی غلطیاں" کے زیر عنوان لکھتے ہیں۔ جہاں کہیں عام مورخین نے سلسلہ نسل ائمہ کا ذکر کیا ہے وہاں حضرت علیؓ کو امام اوّل بتایا ہے اور اس طرح سلسلہ قائم کیا ہے ۱۔ حضرت امام علیؓ ۲۔ امام حسنؓ ۳۔ حسینؓ ۴۔ امام علی زین العابدین ۵۔ محمد الباقر ۶۔ امام جعفر صادق ۷۔ امام اسمٰعیل۔ اس طرح امام اسمٰعیل کو ساتواں امام شمار کیا ہے حالانکہ حضرت علیؓ عقائد اسمٰعیلیہ کے مطابق امام اول نہیں ہیں اسمٰعیلیوں کے ہاں امامت کا سلسلہ حضرت امام حسن سے شروع ہوتا ہے حضرت علیؓ تو اساس اور وصی ہیں البتہ فرقہ اثنا عشریہ نے حضرت علیؓ کو بھی ائمہ کے سلسلہ میں شریک کیا ہے اس طرح ان کے عقیدے کے مطابق بارہویں امام محمد المنتظر ہیں مورخین نے اسی پر قیاس کر کے ائمہ فرقہ اسمٰعیلیہ کے سلسلہ میں حضرت علیؓ کو بھی امام اوّل قرار دیدیا۔ لیکن اسمٰعیلیہ کے عقیدے کی رُو سے یہ بالکل غلط ہے ان کے ہاں حضرت امام حسن پہلے امام ہیں اور ساتویں امام اسمٰعیل کے فرزند محمد ہیں۔ جو "سابع النطقاء" کہے جاتے ہیں اسمٰعیلی عقائد کا بڑا دارومدار اس عدد پر ہے۔

لیکن آغاخانی ائمہ کی مستند تاریخ "جونور مبین" کے نام سے آغاخان ثالث کے دور میں لکھی گئی اور تاریخ ائمہ اسمٰعیلیہ جو حال ہی میں خود آغاخان کی طرف سے کراچی سے شائع ہوئی ہے ان میں امام اوّل حضرت علیؓ کو قرار دیا گیا ہے اور امام دوم حضرت حسینؓ کو حضرت حسنؓ کو سلسلہ ائمہ میں سرے سے لیا ہی نہیں گیا۔ چنانچہ "نور مبین" کی عبارت درج ذیل ہے۔ حضرت امام حسین (سن امامت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے قائل ہیں، اور اثنا عشری یا موسوی حضرت موسیٰ کاظم کو امام مانتے ہیں اسمٰعیلیوں کا کہنا ہے کہ حضرت اسمٰعیلؑ حضرت امام جعفر کے بڑے صاحبزادے تھے امام جعفر نے ان کی امامت پر نص کی تھی اور اسمٰعیل کی والدہ کی موجودگی میں انہوں نے نہ کوئی نکاح کیا نہ لونڈی خریدی لہٰذا وہی امام ہیں اثنا عشریوں کا کہنا ہے کہ اسمٰعیل پر امام جعفر نے نص ضرور کی تھی مگر ان کا انتقال باپ کی موجودگی میں ہو گیا تھا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کو بدا ہو گیا (یعنی رائے بدل گئی) اور امامت موسیٰ کاظم کی طرف منتقل ہو گئی۔

علامہ مجلسی کی روایت کے مطابق امام جعفر صادق نے اسمٰعیل کو اپنا جانشین بنایا تھا۔ لیکن ایک موقعہ پر انہوں نے شراب پی لی تو ان کے والد برافروختہ ہو گئے اور ان کو معزول کر کے امامت موسیٰ کاظم کو منتقل کر دی۔ مگر فرقہ اسمٰعیلیہ نے اس کو نہیں مانا۔ اسمٰعیل بن جعفر کے بارے میں دو قول ہیں ایک یہ کہ ان کا انتقال والد کی زندگی میں ہو گیا تھا اور دوم یہ کہ ان کا انتقال نہیں ہوا تھا مگر تقیہ کے طور پر وہ روپوش ہو گئے تھے۔ اور اپنی موت مشہور کرا دی تھی تاکہ قتل سے بچ جائیں۔

(ملخص تاریخ فاطمیین مصر ص ۳۹ تا ۴۱ ج ۱)

بہرحال اسماعیلی حضرت جعفر صادقؒ کے بعد ان کے بڑے صاحبزادے اسمٰعیل کو چھٹا امام مانتے ہیں اور یہاں سے ان کے ائمہ کا دور ستر " شروع ہوتا ہے اس دور میں ان کے حسب ذیل پانچ امام ہوئے۔

(بقیہ حاشیہ) از ۴۰ھ تا ۶۱ھ۔ کوفہ کی مسجد میں جب حضرت علیؓ کو عبدالرحمن بن ملجم نے شہید کیا تو مسند امامت پر حضرت امام حسین جلوہ افروز ہوئے (ص ۴۸-۴۹) تاریخ ائمہ اسمٰعیلیہ کی عبارت درج ذیل ہے۔ حضرت امام حسین ۲ دور امامت ۴۰ھ تا ۶۱ھ۔ ۶۶۱ء تا ۶۸۰ء حضرت علیؓ کی شہادت کے بعد ۲۱ رمضان ۴۰ھ/ ۲۸ جنوری ۶۶۱ء کو حضرت امام حسینؓ مسند امامت پر جلوہ افروز ہوئے۔ اس وقت آپ کی عمر ۳۶ سال کی تھی۔ (ص ۱۱۶-۱۱۷)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۶ ۔ حضرت اسمٰعیل بن جعفر صادق	۱۵۸ھ
۷ ۔ حضرت محمد بن اسمٰعیل المکتوم	۱۹۷ھ
۸ ۔ عبداللہ بن محمد وصی احمد	۲۱۲ھ
۹ ۔ احمد بن عبداللہ تقی محمد	۲۲۵ھ
۱۰ ۔ حسین بن احمد رضی عبداللہ	۲۶۸ھ

دورِ ظہور

حسین بن احمد کے صاحبزادے عبداللہ نے ۲۹۷ھ میں مغرب (افریقہ) میں حکومت قائم کر لی اور المہدی کا لقب اختیار کیا یہاں سے بقول ان کے ائمہ کا دورِ کشف شروع ہوتا ہے عبداللہ المہدی کی قائم کی ہوئی سلطنت ۴۳۶ھ تک افریقہ میں اور ۳۸۵ھ سے ۵۶۷ھ تک مصر پر رہی ۔ ان خلفاء کو خلفاء عبیدیین ، یا فاطمین کہا جاتا ہے اور ان کی فہرست یہ ہے ۔

۱ ۔ عبیداللہ المہدی	ولادت ۱۲ شوال ۲۶۰ھ	آغاز حکومت ۲۹۷ھ وفات
۲ ۔ ابوالقاسم محمد القائم بامر اللہ	۲۷۵ھ	۳۲۲ ۱۲ شوال ۳۲۴ھ
۳ ۔ ابوطاہر اسمٰعیل المنصور باللہ	۳۰۲	۳۳۴ ۔ ۲۸ شوال ۳۴۱ھ
۴ ۔ ابوتمیم معد المعز لدین اللہ	۳۱۹	۳۴۱ ۔ ۱۱ ربیع الثانی ۳۶۵ھ
۵ ۔ ابومنصور نزار العزیز باللہ	۳۴۴	۳۶۵ ۔ ۱۲ رمضان ۳۸۶ھ
۶ ۔ ابوعلی الحسین الحاکم باللہ	۳۷۵	۳۸۶ ۔ ۲۷ شوال ۴۱۱ھ
۷ ۔ ابومحمد علی الظاہر لاعزاز دین اللہ	۳۹۵	۴۱۱ ۔ شعبان ۴۲۷ھ
۸ ۔ ابوتمیم معد المستنصر باللہ	۴۲۷	۴۶۲ ۔ ۴۸۷ھ

مستنصر باللہ اسمٰعیلیوں کے اٹھارویں امام تھے ان کے انتقال کے بعد ان کی جانشینی کے مسئلہ پر اختلاف پیدا ہوا ۔ مستنصر کے امیر الجیوش افضل نے ان کے چھوٹے لڑکے مستعلی کو اس کا جانشین بنا دیا ۔ اس کے بڑے بیٹے نزار نے اس کی امامت کو تسلیم نہیں کیا بلکہ خود امامت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا مدّعی ہوا۔

حسن بن صباح جو اس زمانے میں بہت بڑا اسمٰعیلی داعی تھا۔ اس نے نزار کی حمایت کی۔ یہاں سے اسمٰعیلیوں کی دو شاخیں ہوگئیں۔ ایک نزاریہ کہلائی اور دوسری مستعلیہ۔ نزار نے مصر سے بھاگ کر اسکندریہ پر اپنی حکومت قائم کرلی۔ اور المصطفیٰ لدین اللہ کا لقب اختیار کیا۔ امیر الجیوش افضل نے اس کے مقابلہ میں لشکر بھیجا جس کو نزار کے مقابلہ میں ہزیمت اٹھانی پڑی ایک سال کے بعد پھر ایک لشکر بھیجا۔ اس دفعہ نزار کو شکست ہوئی اور اسے گرفتار کرکے قاہرہ لیجایا گیا۔ مستعلی نے نزار کو دو دیواروں کے بیچ میں کھڑا کرکے اس پر دیواریں چنوادیں اور ایک روایت یہ ہے کہ اس کو قید کردیا جس کے بعد وہ اس چار دیواری سے باہر نہیں نکل سکا اور ۴۹۰ھ میں انتقال کی۔

اگرچہ نزار کو اپنے مقصد میں ناکامی ہوئی۔ مگر اس کے حامیوں نے اس کی دعوت جاری رکھی جس کے نتیجے میں حسن بن صباح نے قلعہ الموت پر نزاری حکومت قائم کردی۔ کہا جاتا ہے کہ حسن بن صباح نے نزار کے بیٹے ہادی کو مصر سے بلا کر اس کے باپ نزار کی مسند امامت پر بٹھایا اور یہ حکومت تقریباً ڈیڑھ سو سال تک جاری رہی۔ مستنصر کے بعد نزاریوں کے مندرجہ ذیل امام ہوئے۔

		وفات			وفات
۱۹	نزار بن مستنصر	۴۹۰ھ	۲۰	ہادی بن نزار	۵۳۰ھ
۲۱	مہدی بن ہادی	۵۵۲ھ	۲۲	قاہر بن مہدی	۵۵۷ھ
۲۳	حسن علی ذکرہ السلام	۵۶۱ھ	۲۴	علی محمد	۶۰۷ھ
۲۵	جلال الدین حسن	۶۱۸ھ	۲۶	علاء الدین محمد	۶۵۳ھ
۲۷	رکن الدین خورشاہ	۶۶۴ھ			

رکن الدین کے دور میں قلعہ الموت کو تاتاریوں نے تاراج کردیا اور رکن الدین کو قتل کردیا۔ جس سے نزاری اقتدار کا خاتمہ ہوا، اور نزاری اماموں کا مرکز الموت ایران منتقل ہوگیا۔ کہا جاتا ہے اس دور میں ان کے مندرجہ ذیل امام ہوئے۔

		امامت	وفات
۲۸	شمس الدین	۶۵۴ھ	۷۱۰ھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

	امامت	وفات
۲۹ قاسم شاہ	۷۱۰	۷۷۱
۳۱ محمد بن اسلام شاہ	۸۷۲	۸۲۸
۳۳ عبدالسلام	۸۸۰	۸۹۹
۳۵ ابوذر علی	۹۰۲	۹۱۵
۳۷ ذوالفقار علی	۹۲۰	۹۲۲
۳۹ خلیل اللہ علی	۹۵۷	۹۹۳
۴۱ سید علی	۱۰۳۸	۱۰۷۱
۴۳ قاسم علی شاہ	۱۱۰۶	۱۱۴۳
۴۵ خلیل اللہ علی دوم	۱۱۹۴	۱۲۲۳؟

	امامت	وفات
۳۰ اسلام شاہ	۷۷۱	۸۲۷
۳۲ مستنصر باللہ دوم	۸۲۸	۸۸۰
۳۴ شاہ غریب مرزا	۸۹۹	۹۰۲
۳۶ مراد مرزا	۹۱۵	۹۲۰
۳۸ نورالدین علی	۹۲۲	۹۵۷
۴۰ نزار دوم	۹۹۳	۱۰۳۸
۴۲ حسن علی	۱۰۷۱	۱۱۰۶
۴۴ ابوالحسن علی	۱۱۴۳	۱۱۹۴

آغاخان کا لقب

خلیل اللہ علی ایک شورش میں قتل کر دئے جس پر اسمٰعیلیوں کی طرف سے شورشیں شروع ہو کر ایران کے بادشاہ فتح علی قاچار نے اسمٰعیلیوں کو مطمئن کرنے کے لئے خلیل اللہ کے دو سالہ لڑکے حسن علی کو آغاخان کا لقب دیا اور اپنی لڑکی اس سے بیاہ کر دی لیکن فتح علی کی وفات کے بعد حسن علی آغاخان کو ایران میں مشکلات پیش آئیں اور انہوں نے اپنا مستقر ایران کے بجائے ہندوستان بنالیا۔ اور بمبئی میں سکونت اختیار کی۔ یہاں سے اسمٰعیلی اماموں کے نام کے ساتھ آغاخان کا لقب شروع ہوا۔

۴۶	آغاخان اوّل	حسن علی	۱۲۹۸ھ
۴۷	آغاخان دوم	علی شاہ	۱۳۰۲ھ
۴۸	آغاخان سوم	سلطان محمد شاہ	۱۳۷۶ھ
۴۹	آغاخان چہارم	کریم شاہ	حاضر امام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تبصرہ

اوپر بتایا جا چکا ہے کہ اسمٰعیلی مذہب کی بنیاد سلسلۂ امامت پر قائم ہے اس لئے تمام قارئین کو خصوصاً اسمٰعیلی مذہب سے منسلک حضرات کو فہم و انصاف کے ساتھ چند امور پر غور کرنے کی دعوت دی جاتی ہے

۱۔ امام حسنؓ کو کیوں نہیں لیا گیا؟

میں اوپر نور مبین اور تاریخ ائمہ اسمٰعیلیہ کے حوالوں سے بتا چکا ہوں کہ آغا خانی حضرات حضرت علیؓ کا جانشین اور امام ثانی حضرت حسینؓ کو قرار دیتے ہیں حالانکہ اصولی یہ ہے کہ امام کا فرزند اکبر تخت امامت کا مالک ہوتا ہے۔ اس اصول کے تحت حضرت حسن کو حضرت علیؓ کا مسند نشین تسلیم کرنا چاہیئے تھا جیسا کہ حضرت علیؓ کے بعد مسند خلافت کے وہی وارث ہوتے اور ان کی وفات کے بعد ان کے فرزند اکبر کو ان کا جانشین ہونا چاہیئے تھا۔ غرضیکہ سلسلۂ امامت حسنی ہونا چاہیئے تھا نہ کہ حسینی۔ لیکن کیا بات ہوئی کہ آغا خانیوں نے حضرت حسن اور ان کی اولاد کو سلسلۂ امامت میں داخل کرنے کے لائق نہیں سمجھا۔؟ اس کی وجہ کہیں یہ تو نہیں کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ حضرت امیر معاویہؓ کے حق میں خلافت سے دستبردار ہو گئے تھے اور ان کے اس قصور کی سزا انہیں یہ دی گئی کہ انہیں اور ان کی اولاد کو امامت سے معزول کر دیا گیا؟ پھر کیا یہ معقول ہے کہ امام تو چھوٹا بھائی ہو۔ لیکن خلافت کا مستحق بڑے بھائی کو تصور کیا جائے۔ اس سے ہم یہ نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ نظریۂ امامت نام کی کوئی چیز حضرت علی حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہم کے زمانے میں نہیں تھی۔ ورنہ کوئی وجہ نہ تھی کہ حضرت علیؓ اپنے فرزند اکبر کو اپنا جانشین نہ بناتے اور نہ حضرت حسینؓ اپنے برادر اکبر کی موجودگی میں خود مدعی امامت بن بیٹھتے الغرض اگر بنظر انصاف دیکھا جائے تو اسمٰعیلی سلسلۂ امامت کی پہلی بسم اللہ ہی غلط ہے۔

۲۔ حضرت اسمٰعیل بن جعفر کی امامت

سلسلۂ امامت میں امام جعفر صادق کے فرزند اکبر حضرت اسمٰعیل بن جعفر کو چھٹے امام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی حیثیت سے پیش کیا گیا ہے (اسمٰعیلی مذہب) انہی کی طرف منسوب ہے اور ان کا سن وفات ۵۸ھ ذکر کیا گیا ہے حالانکہ تاریخی طور پر حضرت اسمٰعیل کی امامت کا مسئلہ قطعاً مشکوک ہے۔ خیر الدین زرکلی الاعلام میں لکھتے ہیں

ولیس فیما بین ایدینا من کتب التاریخ ما یدل علی انہ کان فی حیاتہ شیئاً مذکورًا۔ توفی فی حیاۃ والدہ۔ وفی الاسمعیلیہ من یری ان اباہ اظہر موتہ تقیۃ حتی لا یقصدہ العباسیون بالقتل۔ (ص ۳۱۱ - ج ۱)

اور ہمارے سامنے تاریخ کی جتنی کتابیں ہیں ان میں کوئی چیز ایسی نہیں جو یہ بتاتی ہو کہ وہ اپنی زندگی میں قابل ذکر چیز تھے ان کا انتقال ان کے والد کی حیات ہی میں ہو گیا تھا اور اسمٰعیلیوں میں سے بعض کی رائے ہے کہ ان کے باپ نے تقیہ کے طور پر ان کی موت ظاہر کر دی تاکہ عباسی ان کے قتل کا قصد نہ کریں۔

جس شخصیت کے بارے میں قطعیت کے ساتھ یہ بھی نہ کہا جا سکے کہ وہ پانچویں امام (جعفر صادقؒ) کے بعد زندہ تھے اس کا کوئی تاریخی ریکارڈ بھی موجود ہو ایسی مشکوک و موہوم چیز پر ایمان کی بنیاد رکھنا اہل عقل سمجھ سکتے ہیں کہ کس حد تک صحیح ہے؟

۳۔ ائمہ مستورین

امام اسمٰعیل بن جعفر کے بارے میں تو صرف یہی بات مشکوک تھی کہ آیا ان کا سلسلہ حیات ان کے والد ماجد کی وفات کے بعد تک دراز رہا یا نہیں؟ لیکن اس امر میں کسی اسمٰعیلی کو بھی اختلاف نہیں کہ وہ اپنے باپ کی حیات ہی میں روپوش ہو گئے تھے صرف عوام ہی سے نہیں بلکہ معدودے چند افراد کے سوا ان کے خاص مریدوں کو بھی ان کے بارے میں کچھ معلوم نہیں تھا کہ وہ کہاں ہیں اور کیا ہیں؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہی حال ان کے بعد کے آئمہ مستورین کا رہا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے شجرۂ نسب میں بھی اختلافات رونما ہوئے۔ (تفصیل کے لئے دیکھئے تاریخ فاطمین مصر۔ فصل ۵-۶) اس دور میں نہ کسی کو ائمہ کے نام کا صحیح علم تھا نہ ان سے تعارف تھا نہ ان کی تعلیمات سے آگاہی تھی۔ جو لوگ اپنے آپ کو "ائمہ کے داعی" کی حیثیت سے پیش کر کے اہل بیت کے نام پر دعوت دیتے تھے وہ ائمہ کے معتقدین کو جیسی چاہتے تعلیم دیتے تھے۔ نہ ان کے بارے میں کسی کو یہ معلوم تھا کہ وہ واقعتاً امام کی طرف سے مقرر کردہ داعی ہے یا اس نے محض لوگوں کو راستہ سے بہکانے کے لئے ائمہ اہل بیت کی آڑ لے رکھی ہے۔ الغرض اس دور ستر میں داعیوں کی طرف سے جو تعلیم پیش کی جاتی۔ اسمٰعیلی عوام کے پاس اس کے سچ اور جھوٹ کے درمیان امتیاز پیدا کرنے کا کوئی ذریعہ نہیں تھا بلکہ داعی کی چرب زبانی ہی اسمٰعیلی عوام کے لئے یقین و ایمان کا واحد معیار تھی۔ امام تو خیر اسمٰعیلی عقیدے میں معصوم ہوتے ہی ہیں لیکن انصاف کرنا چاہیئے کہ غیر معصوم داعیوں کے بیانات اور ان کے بلند بانگ دعوے پر ایمان لانا کہاں تک صحیح ہے؟

ائمہ کے داعی محض اپنی اغراض کے لئے زمین و آسمان کے قلابے کس طرح ملاتے تھے اس کی ایک واضح مثال مختار بن ابی عُبید ثقفی کذّاب کی شخصیت ہے۔ جس نے حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد کوفہ اور اس کے اطراف میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فرزند ارجمند حضرت محمد بن حنفیہؒ کے نام سے دعوت دی۔ یہاں تک کچھ علاقوں پر اپنی حکومت قائم کر لی وہ حضرت محمد بن حنفیہؒ کو مدعی امامت قرار دے کر نہایت غلط تعلیم ان کے حوالے سے پیش کرتا تھا۔ اور حضرتؒ کے جعلی خطوط لوگوں کو پڑھ کر سناتا تھا حالانکہ حضرت محمد بن حنفیہؒ مدینہ طیبہ میں موجود تھے اور وہ مختار کی دعوت سے منکر تھے۔ اس کے باوجود اسے جھوٹ پھیلانے میں کامیابی حاصل ہوئی۔ ائمہ مستورین کی حالت ایسی تاریکی میں تھی کہ نہ عوام کو ان کا نام معلوم نہ ان کے مقام کا پتہ، نہ ان سے رابطہ کی کوئی صورت نہ داعیوں کے دعووں اور ان کی تعلیمات کے صدق و کذب کو جانچنے کا کوئی ذریعہ تھا۔ ایسی تاریکی میں داعیوں نے ان کی طرف جو کچھ منسوب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ دیا۔ اس پر آنکھیں بند کر کے ایمان لانے کی گنجائش رہ جاتی ہے یہ اسمٰعیلی سلسلۂ امامت میں ایسا جھول ہے جسے کوئی شخص بقائمی فہم و انصاف نظر انداز نہیں کر سکتا۔ اور کوئی شخص جس کو مذہب کی قدر و قیمت معلوم ہو ایسی مشکوک چیزوں پر ایمان لا کر اپنی عاقبت خطرے میں نہیں ڈال سکتا۔

۴۔ میمون قداح

حضرت اسمٰعیل بن جعفر اور ان کے صاحبزادے محمد المکتوم کے دور میں میمون قداح اور عبداللہ بن میمون اسمٰعیلی مذہب کے بہت بڑے داعی ہو گزرے ہیں۔ اسمٰعیلی تاریخیں ان کی تعریف و توصیف میں رطب اللسان ہیں۔ "نور مبین" میں ہے۔

"عبداللہ بن میمون ایک جلیل القدر داعی تھے آپ سلمان الفارسی کی نسل سے تھے اور جید عالم تھے عبداللہ بن میمون اور ان کے والد ابو میمون حضرت امام جعفر صادق کے عاشق تھے اور ساری زندگی ان کی غلامی میں بسر کی اسی کا نتیجہ ہے کہ وہ داعی اکبر کے درجہ کو پہنچے اور اسمٰعیلی مذہب کے درجہ "باب" سے بھی مشرف ہوئے۔" (ص ۱۲۸)

واقعۃً اسمٰعیلی مذہب کے بانی یہی دونوں باپ بیٹا (عبداللہ اور اس کا باپ میمون) ہیں جیسا کہ اوپر لکھا گیا ہے کہ حضرت اسمٰعیل بن جعفر صادق اپنے والد کی زندگی میں فوت ہو گئے ہوں یا روپوش ہو گئے ہوں بہر حال عام لوگوں کے ساتھ ان کا کوئی رابطہ نہیں تھا نہ انہوں نے اسمٰعیلی عقائد کی تعلیم دی۔ بلکہ جس طرح حضرت علی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت محمد بن حنفیہ کی طرف خود ان کی زندگی میں مختار بن ابی عبید ثقفی غلط عقائد گھڑ گھڑ کر ان کی طرف منسوب کیا کرتا تھا۔ اسی طرح حضرت اسمٰعیل کی روپوشی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے باطنی عقائد کا ایک طومار گھڑ کر جس شخص نے ان کی طرف منسوب کیا وہی دراصل اسمٰعیلی مذہب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا بانی ہے۔ ڈاکٹر زاہد علی صاحب لکھتے ہیں۔

مہدی کی نسبت عبداللہ بن میمون القداح کیطرف اور اسکا سبب

اکثر مورخین نے مہدی کو عبداللہ بن میمون القداح کی طرف منسوب کیا ہے ان کی مختلف روایتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ میمون ایران کا ایک باشندہ تھا جس کے باپ کا نام دیصان تھا یہ شخص مختلف ادیان و مذاہب کے اصول سے خوب واقف تھا۔ اس نے زنادقہ کی تائید میں "کتاب المیزان" لکھی ہے جس کے پڑھنے سے آدمی لامذہب ہو جاتا ہے یہ ظاہر میں اپنے مریدوں سے محمد بن اسمٰعیل کے نام پر بیعت لیتا تھا۔ لیکن حقیقت میں یہ خود ملحد و زندیق تھا۔ آخرت کا قائل نہ تھا اس کا جانشین اس کا بیٹا عبداللہ ہوا۔ جس نے اپنے باپ سے اسرار دعوت اسمٰعیلیہ سیکھے۔ اس نے اپنا پیشہ آنکھوں کا معالجہ اختیار کیا۔ اس لئے یہ "قداح" کے نام سے مشہور ہو گیا۔ اسی نے دعوت اسمٰعیلیہ کے نو مدارج فری میسنری کے مدارج کے مانند مرتب کئے جن کو سلسلے سے طے کرنے کے بعد آدمی معطل اور اباحی بن جاتا ہے یعنی اعمال شریعت چھوڑ دیتا ہے اور محرمات کو مباح سمجھتا ہے۔ یہ اپنے وطن "قوزح العباس" سے جو اہواز میں ایک موضع ہے عسکر مکرم کو روانہ ہوا۔ جہاں اس نے اپنے باپ کی طرح اپنا کفر چھپانے کے لئے تشیّع ظاہر کیا۔ اس حیلے سے اس نے بڑی شہرت حاصل کی اور زر کثیر بھی جمع کیا۔ یہاں کے شیعہ باشندوں پر جب اس کا راز کھل گیا تو وہ بصرہ ہوتا ہوا سلمیہ پہنچا۔ جسے اس نے اپنا مستقر بنایا۔ مہدی کے ظاہر ہونے تک یہ اور اس کے جانشین یہیں رہے۔ عبداللہ کے انتقال کے بعد اس کے لڑکے احمد نے اس کی جگہ لی۔

(تاریخ فاطمیین مصر ص ۷۶۔۷۷۔ ج ۱)

علّامہ محمد فرید وجدی "دائرۃ المعارف" میں لکھتے ہیں۔

واصبحت فی القرن الثانی الھجری علی وشک الانحلال الّا انہ ظھر رجل مدلس اسمہ عبداللہ بن میمون بن فارس مملوءًا مالاً و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اقداماً فاراد ان یستخدم الاسمٰعیلیہ لاغراضہ فادعی انہ شیعی غیور وھو فی الحقیقۃ دھری لا یعتقد بشیٔ واسّس بین الاسمٰعیلیہ جمیعۃ سریۃ واستعمل لذلک من الدھأ والحیل مالا مزید علیہ ورتبھا علی تسعۃ رتب لا یرضی احد من رتبۃ الی ما فوقھا الا بالاستعداد والاھلیۃ ۔ (دائرۃ المعارف القرن العشرین ص ۲۴۸/ج ۱)

ترجمہ :۔ دوسری صدی ہجری میں اسمٰعیلی مذہب کا شیرازہ بکھرنے کے قریب تھا۔ مگر ایک مکّار شخص جس کا نام عبداللہ بن میمون تھا فارس سے ظاہر ہوا ۔ جو آرزوں اور اقدامات سے بھرا ہوا تھا اس نے اسمٰعیلیت کو اپنی مقصد براری کا ذریعہ بنانا چاہا پس اس نے دعویٰ کیا کہ وہ غیور شیعہ ہے حالانکہ وہ خالص دھریہ تھا ۔ کسی چیز پر عقیدہ نہیں رکھتا تھا ۔ اس نے اسمعیلیوں کی ایک خفیہ تنظیم بنائی اور اس کے لئے ایسے مکر و فریب اور حیلوں سے کام لیا ۔ جن پر اضافہ نہیں ہو سکتا تھا ۔ اور اس نے اسمٰعیلی دعوت کے بالترتیب نو مدارج قائم کئے کہ کوئی شخص نیچے سے اوپر کے مرتبہ پر نہیں پہنچ سکتا تھا ۔ جب تک کہ اس میں اس کی خاص استعداد اور صلاحیت نہ ہو ۔ (ان مدارج کی تفصیل آگے آتی ہے ۔ ناقل) "

مسند الہند شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے بھی "تحفہ اثنا عشریہ" کے پہلے باب میں اسمٰعیلی مذہب کے بانی کی حیثیت سے عبداللہ بن میمون القداح کا تذکرہ کیا ہے حضرت شاہ صاحبؒ اس شخص کے بارے میں لکھتے ہیں ۔

واین عبداللہ بن میمون قداح شخصے بود ملحد و زندیق و دشمن اسلام میخواست بنہجے دریں دین فساد نماید ، قابو نمی یافت ، اکنوں او را نان در روغن افتاد ، بدستور عبداللہ بن سبا کہ اصل و منشاء تشیع است ۔

(تحفہ اثنا عشریہ ص ۸ ۔ مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور)

ترجمہ :۔ یہ عبداللہ بن میمون قداح بڑا ملحد اور زندیق ۔ دشمن دین و اسلام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھا مدت سے چاہتا تھا کہ اس دین میں فساد ڈالے مگر تا ہو میں نہیں پاتا تھا اس وقت اس کو خوب گھی چُپڑی روٹی مل گئی اور مراد حاصل ہوئی۔ مثل عبداللہ بن سبا کے، کہ اصل و منشا مذہب تشیع کا ہے۔"

(ہدیہ مجیدیہ، ترجمہ تحفہ اثنا عشریہ ص ۱۵۔ مطبوعہ میر محمد کتب خانہ مرکز علوم کراچی)

خلاصہ یہ ہے کہ اسمٰعیلی مذہب کی تعلیم نہ تو حضرت امام جعفر صادق کی طرف منسوب کی جا سکتی اور نہ ان کے بیٹے حضرت اسمٰعیل بن جعفر کی طرف۔ اس مذہب کا اصل بانی میمون اور اس کا بیٹا عبداللہ بن میمون القداح ہے۔

۴۔ کیا خلفائے فاطمین کا نسب صحیح تھا؟

اسمٰعیلی فرقہ مغرب اور مصر کے خلفائے عبیدیین کا نسب ائمہ مستورین کے ذریعہ اہل بیت سے ملتا ہے۔ لیکن جیسا کہ پہلے معلوم ہو چکا ہے اکثر مورخین ان کا نسب میمون قداح مجوسی سے ملاتے ہیں ڈاکٹر زاہد علی صاحب "تاریخ فاطمین مصر" میں موافق اور مخالف آراء پر طویل بحث کے بعد خود خلفاء عبیدیین کے طرز عمل کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

خود فاطمین اور ان کے مشہور داعیوں کی مسئلہ نسب کیطرف عدم توجہ

ان تمام مباحث کے بعد اب ہمیں یہ دیکھنا چاہیئے کہ خود فاطمین یا ان کے عہد کے مشہور داعیوں نے اثبات نسب میں کیا حصہ لیا۔ متعدد دفعہ ظہور کے زمانے میں نسب کا سوال اٹھایا گیا۔ لیکن کسی امام نے اطمینان بخش جواب نہ دیا۔ یہ لوگ کبھی اتنی جرأت نہیں کر سکتے تھے کہ اپنا نسب منبر یا کسی مجمع میں بیان کریں[1]۔ معز سے مصر میں داخل ہونے کے بعد کسی امیر نے پوچھا۔ آپ کا نسب کیا ہے اس کے جواب میں معز نے ایک جلسہ منعقد کیا اور اپنی تلوار میان سے نکال کر کہا یہ میرا نسب ہے"، پھر اشرفیوں کا سونا حاضرین پر نثار کر کے کہا۔ یہ میرا حسب ہے[2]"، اسی طرح

[1] اخو محسن محمد بن علی (اتعاظ الحنفاء ۱۵) [2] ترجمہ ابن طباطبا (ابن خلکان ۱/۵۹)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عزیز سے بھی پوچھا گیا۔ لیکن اس نے خاموشی اختیار کی[1] عضد الدولہ (بویہی) نے عزیز سے اس کا نسب دریافت کیا عزیز نے اپنے قاضی ابن نعمان کے ذریعے جو اس وقت دعوت کی انجمن کا صدر تھا ایک نسب نامہ تیار کرا کے بغداد بھیجا، عضد الدولہ کے قاصد کو جس کے ساتھ یہ نسب نامہ بھیجا گیا تھا کسی نے اثنائے سفر میں زہر دے دیا جس سے وہ مر گیا[2]۔ الغرض یہ نسب نامہ بغداد نہ پہنچ سکا[3]۔ اس زمانے میں شہر دمشق میں جو خطبہ پڑھا جاتا ہے اس میں ائمہ مستورین کے اسماء کی جگہ ممتحنین یا مستضعفین جیسے الفاظ پڑھے جاتے تھے[4]۔ حاکم کے عہد میں ابطال نسب کے لئے بنو عباس نے ایک محضر تیار کرایا۔ لیکن فاطمیین کی جانب سے کوئی تردید نہ ہوئی[5]

زمانہ ظہور کے مشہور اسمٰعیلی داعیوں میں سے کسی نے اس امر کی طرف توجہ نہیں کی۔ قاضی القضاۃ داعی الدعاۃ نعمان بن محمد متوفی ۳۶۳ھ نے اپنی تصانیف شرح الاخبار۔ کتاب المناقب والمثالب افتتاح الدعوۃ وغیرہ میں ائمہ مستورین کا مطلق ذکر نہیں کیا۔ حالانکہ ان کتابوں میں امام جعفر الصادق تک کے ائمہ اور ظہور کے ائمہ مہدی۔ قائم منصور اور معز کے تفصیلی حالات موجود ہیں ہر کتاب اپنے زمانے کے امام کی نظر سے گزر چکی ہے اور اس پر اس کے دستخط ہو چکے ہیں جیسا کہ اس کے مقدمے سے ظاہر ہے۔ شرح الاخبار کے چودھویں جز میں جہاں اسمٰعیل کے انتقال کی خبر لکھی ہے صرف اتنا لکھا ہے کہ ایک فرقہ امام مذکور کے لڑکے محمد کی امامت کا قائل ہے جو اس وقت بالغ ہو چکا تھا۔ اس مقام پر بھی داعی مذکور نے بالکل سکوت اختیار کیا ہے حالانکہ کتب مذکور کی تالیف کا زمانہ ظہور کا زمانہ تھا۔ تقیہ کا کوئی محل نہ تھا۔ پھر بھی اس نے اپنے منظوم تاریخی ارجوزہ میں ائمہ مستورین کے متعلق یہ لکھا ہے۔ ولم یکن ینعنی من ذکرھم الا احتفاظی بصون سرھم[6]

---

[1] فصل ۱۵ (عزیز کی سیرت اور اس کا انتقال) [2] اتعاظ الحنفا ۱۵ [3] WAUSTENFELD P.144
[4] اتعاظ الحنفا ۱۵ [5] فصل ۱۶ (بنو فاطمہ کے نسب کو باطل کرنے کے لئے ایک محضر کی تیاری)
[6] فہرست مآخذ جو اس کتاب کے آخر میں ہے
[7] شرح الاخبار ۱۴/۱۵ ۔ [8] الارجوزۃ المختارۃ ۱۷۲۔ ۱۷۳

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسکے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ امام مہدی کے ظہور سے لے کر اسکے بیٹے محمد (متوفی ۳۳۴) کے عہد یعنی تقریباً ۱۳۷ سال تک بھی نسب کا مسئلہ سربستہ راز تھا۔ اسکے بعد بھی نہ معلوم کب تک یہ مسئلہ معرض خفا میں رہا۔ قاضی مذکور کی ایک دوسری تصنیف "المجالس المسایرات" جو معز متوفی ۳۶۵ھ کے عہد میں لکھی گئی ہے اس کی دوسری جلد میں ایک روایت ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ معز کے پاس ایک شخص کسی داعی کی طرف سے ایک کتاب لایا۔ جس میں یہ درج تھا کہ کسی امام کے بعد امامت میمون القداح اور فلاں فلاں کی طرف منتقل ہوئی۔ اسکے جواب میں معز نے صرف اتنا کہا کہ سبب امامت ہم سے منقطع نہیں ہو سکتا۔ میمون القداح مستودع تھا۔ امامت کا حقیقی مالک مستقر امام تھا[1] اس امام کا نام نہیں بتایا نہ اسکے بعد کے اماموں کا ذکر کیا۔ عجیب ترین امر یہ ہے کہ قاضی مذکور نے اپنی مشہور فقہ کی کتاب "دعائم الاسلام" میں جو دعاء تقریب لکھی ہے اس میں امام جعفر صادق رض کے نام کے بعد کسی امام کا نام نہیں پایا جاتا حالانکہ یہ دعا ہر نماز کے بعد عقیدت مندی سے پڑھی جاتی ہے اور بہت مبارک سمجھی جاتی ہے[2]

قاضی مذکور کے "مولی" داعی جعفر بن منصور الیمن کی تصانیف بھی اس بحث سے معرّی ہیں اس کی ایک کتاب "الفرائض وحدود الدین" میں ائمہ مستورین کا ذکر اس قدر پیچیدہ ہے کہ اسکے بجائے یقین حاصل ہونے کے شک اور بڑھ جاتا ہے خود مصنف نے اقرار کیا ہے کہ مجھے سلسلے سے مہدی کا کلام یاد نہیں رہا۔[3]

سب سے پہلی کتابیں جن میں ائمہ مستورین کا ذکر ہے "تنبیہ الہادی والمستہدی" مصنفہ داعی حمید الدین

---

[1] المجالس والمسایرات ۲/ ۲۵۶ [2] اسی بنا پر مصنف "مستدرک الوسائل ومستنبط المسائل" نے لکھا ہے کہ قاضی نعمان بن محمد حقیقت میں اسمٰعیلی نہیں تھے اسکی یہ حجت پیش کی ہے لو کان اسماعیلیا لذکر بعد جعفر الصادق اسماعیل بن جعفر ثم محمد بن اسمٰعیل الی امام عصرہ ولم یکن لہ داع الی الابھام اما باطنا فلکونہ معتقدہ واما ظاہرا فلموافقتہ لطریقۃ خلیفۃ عصرہ۔ اس سلسلے میں "دعائم الاسلام" کی اور روایتیں بھی پیش کی گئی ہیں (الحاج مرزا محمد حسین النوری مستدرک الوسائل ۳/ ۳۱۳)

[3] الفرائض وحدود الدین ص ۱۶-۱۸۔

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الکرمانی اور استتار الامام ۔ مصنف داعی احمد بن ابراہیم ہیں[1] جو ظہور کے ایک سو پندرہ سال بعد کی ہیں ۔ ان میں بھی صرف ائمہ مستورین کے نام ہیں ۔ نسب پر کوئی بحث نہیں کی گئی ہے استتار الامام حال ہی میں قاہرہ میں چھپی ہے ۔ اس کے شائع کرنے والے کی یہ رائے ہے کہ یہ کتاب تاریخ میں شمار نہیں کی جاسکتی اس میں جو باتیں پائی جاتی ہیں ان پر افسانوں کی روح غالب ہے[2] اس کا ذکر ہم مقدمے میں کر چکے ہیں ۔

بحث نسب کا خلاصہ

بحث نسب کا خلاصہ یہ ہے کہ محمد بن اسمٰعیل بن جعفر الصادق اور عبداللہ بن میمون القداح دونوں کا وجود تاریخ سے ثابت ہے جیسا کہ معلوم ہو چکا ہے ثبوت طلب امر حسب شجرۂ ذیل صرف اتنا ہے کہ دولتِ فاطمیہ کا پہلا امام مہدی احمد ابن اسمٰعیل کی نسل سے ہے نہ کہ عبداللہ بن میمون القداح کی نسل سے جو دعوت اسمٰعیلیہ کا صدر تھا اور جس نے یہ دعویٰ کیا کہ میں عقیل بن ابی طالب کی ذریت سے ہوں یا جس کے بیٹے احمد نے جب اسے کافی قوت حاصل ہو گئی تو یہ دعویٰ کیا کہ میں حضرت علی کی اولاد میں شامل ہوں جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے[3]

(۱)	(۲)
محمد بن اسمٰعیل بن جعفر الصادق	میمون القداح (کفیل)
عبداللہ	عبداللہ
احمد	احمد
حسین	حسین
المہدی	المہدی

یہ بحث نہایت اہم ہے کیونکہ فاطمیین کا یہ دعویٰ تھا کہ ہم حضرت فاطمہؓ کی ذریت سے ہیں اگر یہ ائمہ یا ان کے ہم عصر داعی کوئی مفصل رسالہ اس موضوع پر لکھتے تو مورخین میں اختلاف نہ ہوتا ۔

---

[1] فہرست ماخذ کتب جو اس کتاب کے آخر میں ہے [2] مقدمہ استتار الامام صفحہ ۸۹ [3] فصل ۱ ۔ میمون القداح اور محمد بن اسمٰعیل کا باہمی تعلق ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۔ امام نزار کے بعد

پہلے گزر چکا ہے کہ ۴۸۷ھ میں آٹھویں فاطمی خلیفہ مستنصر باللہ کی وفات کے بعد ان کی جانشینی کے مسئلہ میں اختلاف ہوا، آغاخانیوں کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے اپنے بڑے بیٹے نزار پر نص کی تھی۔ اس لئے وہی باپ کے جانشین تھے لیکن امیر افضل نے ایک سازش کے تحت ان کے چھوٹے بھائی احمد مستعلی کو تخت خلافت پر بٹھادیا۔ امام نزار قاہرہ سے بھاگ کر اسکندریہ چلے گئے وہاں کے حاکم نے ان کے ہاتھ پر بیعت کرلی۔ اس طرح امام نزار نے اپنی الگ خلافت قائم کرلی اور المصطفیٰ لدین اللہ کا لقب اختیار کیا لیکن دو جنگوں کے بعد اسکندریہ کے گورنر اور امام نزار کو امیر افضل قید کرکے قاہرہ لے گیا اور دونوں کو مروادیا۔

آغاخانیوں کا دعویٰ ہے کہ امام نزار کے بعد امامت قلعہ الموت میں منتقل ہوگئی اس سلسلہ میں دو روایتیں نقل کی جاتی ہیں ایک یہ کہ امام نزار نے اپنا ایک بیٹا ہادی حسن بن صباح کے سپرد کردیا تھا جسے وہ الموت لے گئے اور دوسری روایت یہ کہ حسن بن صباح کے زمانہ میں ابوالحسن سعید نامی کوئی شخص امام نزار کے بیٹے امام ہادی کو مصر سے الموت لایا۔

(تاریخ ائمہ اسمعیلیہ ص ۱۲-۱۳ جلد سوم)

لیکن امام نزار کے بعد سلسلہ امامت کے مصر سے الموت منتقل ہونے کی داستان نہ صرف مشکوک ہے۔ بلکہ صاف نظر آتا ہے کہ بھولے بھالے اسمٰعیلیوں کو پھانسنے کے لئے یہ داستان تصنیف کی گئی ہے۔ اور مندرجہ ذیل وجوہ کی بناء پر کوئی شخص اس کو عقل وانصاف کی روشنی میں تسلیم نہیں کرسکتا۔

اوّل :۔ اس کا کوئی تاریخی ثبوت نہیں ہے کہ امام نزار کے بعد ان کے کسی وارث کو زندہ چھوڑ دیا گیا تھا۔

دوم :۔ امام ہادی کے مصر سے الموت منتقل ہونے کی دونوں اسمٰعیلی روایتیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپس میں متضاد ہیں اور یہ تضاد بیانی غمازی کرتی ہے کہ یہ افسانہ خود تصنیف کر کے بھولے بھالے بے خبر اسمٰعیلیوں کو مطمئن کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

سوم :- اسمٰعیلی آغاخانی عقیدہ کے مطابق امام نزار کے بعد مندرجہ ذیل امام ہوئے ہیں۔

امام ھادی :- ولادت ۴۷۰ھ امامت ۴۹۰ تا ۵۳۰

امام مھتدی :- × " ۵۳۰ " ۵۵۲

امام قاھر × " ۵۵۲ " ۵۵۷

حسن علی ذکرہ سلام × " ۵۵۷ -----

لیکن یہ دیکھتے ہیں کہ اس ستر سالہ طویل دور میں ہادی سے قاہر تک تینوں امام گوشۂ گمنامی میں روپوش ہیں معاشرتی سرگرمیوں میں ان کا کوئی عمل دخل نہیں۔ قلعہ الموت کی اسمٰعیلی حکومت پہ یکے بعد دیگرے۔

حسن بن صباح۔ المتوفی ۵۱۸ھ ۔ کیا بزرگ۔ المتوفی ۵۳۳ھ

محمد بن کیا بزرگ " ۵۵۷ھ

قابض نظر آتے ہیں سوال یہ ہے کہ جب حکومت اسمٰعیلی ہے تو اس ستر سالہ دور میں حسن بن صباح، کیا بزرگ اور محمد بن کیا بزرگ تخت خلافت پہ کیوں متمکن نظر آتے ہیں۔ اسمٰعیلی نزاری امام اگر واقعۃً موجود تھے تو ان کو تین نسلوں تک روپوش رہنے کی کیا ضرورت تھی۔

چہارم :- اصل قصہ یہ ہے کہ اسمٰعیلی عوام بے چارے " ائمہ " کے نام سے بہلائے گئے ہیں ورنہ ان کی (اسمٰعیلی عوام کی) رسائی اپنے امام تک کبھی نہیں ہوئی ستر سال تک حسن بن صباح، کیا بزرگ اور محمد بن کیا نے اماموں کے نام سے حکومت کی، لیکن جب محمد بن کیا کے بعد اس کا بیٹا حسن قلعہ الموت کا حکمران بنا تو اس نے " حسن علی ذکرہ السلام " کا لقب اختیار کر کے اپنا نسب نامہ امام نزار سے ملا دیا۔ گویا سید ہونے کا دعویٰ کر دیا۔ اور اپنا نسب نامہ لوگوں کو پڑھ کر سنا دیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تاریخ ائمہ اسمٰعیلیہ کے مصنفین لکھتے ہیں ۔

جہاں تک الموت کی اسمٰعیلی ریاست کی تاریخ کا تعلق ہے ہمارے پاس کوئی ٹھوس اسمٰعیلی ماخذ نہیں ہے جتنے بھی ابتدائی ماخذ ہیں سب غیر اسمٰعیلی اور اسمٰعیلیوں کے مخالفین کے لکھے ہوئے ہیں عطا ملک جوینی جس کی کتاب تاریخ جہاں گشاہ اس دور کا قدیم ترین ماخذ ہے اسکے تعصب کا یہ عالم کہ اسمٰعیلی ائمہ کے مبارک ناموں کے ساتھ گالیوں کا استعمال کرتا ہے ان حالات میں الموت کے اسمٰعیلی ائمہ کی تاریخ کے متعلق صحیح اطلاعات کی تلاش کرنا جوئے شیر لانے سے کم نہیں۔

جہاں تک حضرت امام حسن علی ذکرہ السلام کے نسب کا تعلق ہے جوینی اور اس کے متبعین کا بیان ہے کہ آپ لوگوں میں محمد بن کیا بزرگ کے فرزند کی حیثیت سے مشہور تھے لیکن محمد بن کیا بزرگ کی زندگی ہی میں آپ اپنے علم کی بدولت عوام میں بے حد مقبول ہو گئے تھے اور عوام سمجھ گئے تھے کہ یہ وہی امام ہیں جن کی پیشن گوئی سیدنا حسن بن صباح نے کی تھی جوینی کے مطابق جب اس کی اطلاع محمد بن کیا بزرگ کو ہوئی تو انہوں نے لوگوں کو سمجھایا کہ حسن میرا فرزند ہے اور نہ میں امام ہوں اور نہ میرا بیٹا امام ہے مگر جب محمد بن کیا بزرگ کے بعد حسن مسند حکومت پر آئے تو انہوں نے پہلے اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ایک داعی کی حیثیت سے پیش کیا مگر بعد میں امام کی حیثیت سے متعارف کرایا اور کہا کہ میں نزار کی اولاد سے ہوں۔

(تاریخ ائمہ اسمٰعیلیہ حصہ سوم صفحہ ۵۸)

ان مصنفین کو اعتراف ہے کہ ان کے پاس کوئی اسمٰعیلی ماخذ نہیں لیکن دوسرے مورخین کے بیانات کو مبنی بر تعصب قرار دیتے ہیں ۔ سوال یہ ہے کہ جب آپ کے پاس کوئی صحیح ماخذ ہی نہیں تو آپ بغیر سند اور حوالے کے کیسے یہ ایمان رکھتے ہیں کہ "حسن علی ذکرہ السلام" واقعۃً امام نزار کی اولاد سے تھا اور یہ کہ اس نے جو اپنا نسب نامہ لوگوں کے سامنے پیش کیا ۔ محض اس کے کہہ دینے سے آپ کو اس پر کیسے یقین آگیا ؟ آپ کے یہاں سلسلہ امامت ایمان کی بنیاد ہے اور آپ کے عقیدہ میں امام کی شخصیت اتنی اہم ہے کہ وہ خدا و رسول کے احکام منسوخ کر سکتا ہے شریعت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں ترمیم و تنسیخ کر سکتا ہے ۔ قرآن ناطق ہونے کی حیثیت سے اس کا حکم اور فیصلہ قرآن کریم سے بھی بالاتر ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک طرف امام کے بھاری بھرکم منصب کو رکھئے اور دوسری طرف یہ دیکھئے کہ آپ نے ایسی مجہول النسب شخصیتوں کو منصب امامت تفویض کیا ۔ جن کے بارے میں آپ کو خود بھی اعتراف ہے کہ ہمارے پاس کوئی صحیح ماخذ موجود نہیں ہے ۔

میں انسانی نفسیات سے واقف ہوں کہ بعد میں آنے والے اپنے باپ دادا کی لکیر سے ہٹنے کا سوچ ہی نہیں سکتے اور نہ ہی کسی کے ذہن میں یہ بات آسکتی ہے کہ ان کے باپ دادا کو غلطی بھی لگ سکتی تھی ۔ یہی وجہ ہے کہ عموماً ہندو کا لڑکا ہندو، سکھ کا لڑکا سکھ ، فارسی کا فارسی، یہودی کا یہودی اور عیسائی کا عیسائی ہوتا ہے (الا ماشاء اللہ) انہیں اپنے باپ دادا کی لائن سے ہٹ کر سوچنے کا خیال ہی نہیں آتا ۔ اس نفسیات کے پیش نظر اسمٰعیلی بھائیوں کے سامنے خواہ کیسے ہی قطعی دلائل پیش کر دئے جائیں مگر وہ اپنے باپ دادا کی لائن سے ہٹنے پر آمادہ نہیں ہوں گے ۔ لیکن ہر صاحب عقل و شعور کو اس پر ضرور غور کر لینا چاہئے کہ جس چیز پر وہ اپنے دین و ایمان کی بنیاد رکھتا ہے آیا وہ مشکوک تو نہیں ۔ ؟

۶

آغاخانیوں کے موجودہ حاضر امام کریم آغاخان کے مادری حسب و نسب میں زیادہ دلچسپ اور عبرت آموز باتیں ہیں ان کو یہاں ذکر کر کے ہم کتاب کے معیار کو گرانا نہیں چاہتے تفصیل کے لئے دیکھئے " آغاخانیوں کے سیاسی عزائم اہل وطن کے لئے ایک لمحۂ فکریہ "

۷۔ آغاخانیوں کے نزدیک امام کا مرتبہ

ایک طرف اسمٰعیلی ائمہ کے حسب و نسب میں سو طرح کے شکوک و شبہات ہیں اور دوسری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرف اسمٰعیلی عقائد میں "حاضر امام" کو معبود کا مرتبہ دیا گیا ہے، آغا خانی حضرات اللہ تعالیٰ کے بجائے "حاضر امام" کی عبادت کرتے ہیں۔ آغا خان سوم کہتے ہیں۔

"میں براہ راست حضرت محمدؐ کی نسل سے تعلق رکھتا ہوں اور دو کروڑ مسلمانوں کی کثیر تعداد مجھ پر ایمان رکھتی ہے مجھے اپنا روحانی پیشوا مانتی ہے مجھے خراج ادا کرتی ہے اور میری عبادت کرتی ہے۔"

(ایور لیونگ گائیڈ۔ از قاسم علی ایم جے) شائع کردہ اسمٰعیلی ایسوسی ایشن پاکستان کراچی)

۸۔ آغا خانیوں کے بارے میں فتویٰ شائع کرنے کی ضرورت۔

بہت سے مسلمان، آغا خانیوں کے عقائد و نظریات سے واقف نہیں، اس لئے وہ آغا خانیوں کو بھی مسلمانوں کا فرقہ تصور کرتے ہیں اور خود آغا خانی اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ایک مسلمان کی حیثیت سے پیش کرتے ہیں عام مسلمانوں کی آگاہی اور خود بھولے بھالے آغا خانیوں کی اطلاع کے لئے یہ فتویٰ شائع کیا جا رہا ہے تاکہ انہیں معلوم ہو سکے کہ آغا خانی عقائد اسلام کی ضد ہیں اور جو شخص آغا خانی عقائد پر ایمان رکھتا ہو اس کا اسلامی برادری سے کوئی تعلق نہیں وہ ملت اسلامیہ سے خارج، کافر، مرتد اور زندیق ہے۔ آغا خانیوں کے جو عقائد اس فتویٰ میں باحوالہ درج کئے گئے ہیں ان کے ملاحظہ کے بعد کسی ادنیٰ عقل و فہم کے آدمی کو بھی شک نہیں رہ جاتا کہ آغا خانی مسلمان نہیں۔ بلکہ کافروں کا ایک ٹولہ ہے۔

ذرا انصاف فرمائیے کہ۔

۱۔ جو فرقہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی الوہیت کا قائل ہو، اور اس کے کلمہ میں یہ داخل ہو۔

اشہد ان علی اللہ (میں گواہی دیتا ہوں کہ علی اللہ ہیں) وہ مسلمان کیسے ہو سکتا ہے۔

یاد رہے کہ اسمٰعیلی عقیدہ کے مطابق اللہ تعالیٰ حضرت علیؓ میں حلول کر گیا تھا اس لئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت علی خود خدا تھے اور حضرت علیؓ کے بعد یکے بعد دیگرے اسمٰعیلی ائمہ میں اللہ تعالیٰ کا حلول ہوتا رہا گویا اسمٰعیلیوں کے عقیدہ کا خلاصہ یہ ہے کہ ۔

حاضر امام بعینہٖ علی ہے اور
علی بعینہٖ اللہ ہے ۔ لہٰذا
حاضر امام بعینہٖ اللہ ہے

یہی وجہ ہے کہ اسمٰعیلی فرقہ حاضر امام کو خدا سمجھ کر اس کی عبادت کرتا ہے اسی کو قاضی الحاجات سمجھتا ہے اسی سے دعائیں کرتا ہے اسی کو حی وقیوم مانتا ہے اور اسی کے سامنے سجدہ کرتا ہے ۔

۲ ۔ اسلامی عقیدہ کے مطابق حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں اور آپ کی شریعت قیامت تک کے لئے ہے لیکن آغاخانی عقیدہ کے مطابق ساتویں امام مولانا محمد بن اسمٰعیل سابع الناطقاہیں جس کا مطلب ہے کہ جس طرح حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صاحب شریعت رسول تھے جن کی شریعت سے پہلی تمام شریعتیں منسوخ ہوگئیں اس طرح آغاخانیوں کے نزدیک ساتوں امام محمد بن اسمٰعیل بھی مستقل صاحب شریعت رسول ہیں ، جن کی باطنی شریعت سے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری شریعت منسوخ ہوگئی ۔

(تفصیل کیلئے دیکھئے ڈاکٹر زاہد علی کی کتاب "تاریخ فاطمین مصر" حصہ دوم فصل ۳۵)

نیز "ہمارے اسمٰعیلی مذہب کی حقیقت اور اس کا نظام" فصل ۶)

سب جانتے ہیں کہ قادیانی فرقہ باجماع امت کافر و مرتد اور زندیق ہے کیونکہ وہ مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی و رسول مانتا ہے ۔ حالانکہ قادیانیوں کا دعویٰ ہے کہ مرزا صاحب شریعت رسول نہیں ، بلکہ غیر شرعی نبی ہے جب مرزائی قادیانی مرزا کو غیر تشریعی نبی ماننے کی وجہ سے اسلام سے خارج اور کافر و مرتد ہیں تو آغاخانی ٹولہ ، امام محمد بن اسمٰعیل کو صاحب شریعت رسول مان کر کیوں کافر اور خارج از اسلام نہیں ہوگا ؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳ - آغاخانیوں کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ حاضر امام جب چاہے ظاہر شریعت کو معطل کر سکتا ہے چنانچہ آغاخانیوں کے امام حسن علی ذکرہ السلام نے ۵۵ھ میں شریعت کے معطل ہونے کا اعلان کیا ہے اور اسمٰعیلیوں کو طوق شریعت سے آزاد کر دیا۔

اس کی تفصیل کے لئے دیکھئے " نور مبین " ۳۹۸ - ۴۰۲ - ۴۲۰ اور تاریخ فاطمین مصر حصہ دوم صفحہ ۱۷۶ - ۱۷۸)

۴ - اسمٰعیلی فرقہ قیامت حشر و نشر حساب و کتاب اور ثواب و عذاب کا بھی قائل نہیں۔ ان کے نزدیک قیامت کا مفہوم یہ ہے۔

دبستان المذاہب کی روایت کے بموجب اسمٰعیلی عقائد میں امام حق کے طرف سے جو نفس کی تقتیش ہوتی ہے اس کا نام قیامت ہے ان کا عقیدہ ایسا ہے کہ لوگ جب خدا کے قرب میں پہنچتے ہیں اس وقت (قیامت) قائم ہوتی ہے اور اس وقت شریعت کی تکالیف سب دور ہو جاتی ہیں اس قیامت کے معنی یہ ہیں کہ حضرت امام اپنے امامت کے زمانے میں مخلوق خالق کے ساتھ توسل کراتا ہے اس لئے ان کے اوپر سے شریعت کے مراسم اٹھا لیتا ہے۔"

" آثار محمدی کی روایت کے بموجب حضرت امام حسن علی ذکرہ السلام نے ان لوگوں کو علم

لے لیکن ان کا یہ دعویٰ غلط ہے وہ بھی اسمٰعیلی باطنیوں کی طرح مرزا کو صاحب شریعت رسول سمجھتے ہیں جس کی کچھ تفصیل میرے رسالہ " قادیانیوں کی طرف سے کلمہ طیبہ کی توہین " میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تاویل سکھائے اور بتایا کہ دنیا قدیم ہے۔ جاودانی ہے قیامت صرف روحانی ہے۔ بہشت و دوزخ معنوی (باطنی) ہیں ہر ایک شخص کی قیامت اس کی موت ہے۔ باطن میں خلقت کو خدا تعالیٰ کی خدمت میں رہنا چاہیئے اور ظاہر میں صوابی زندگی کے طور پر زندگی بسر کرنی چاہیئے جس کے لئے تمام شریعت کے اعمال کی پابندی اور بندشیں مخلوق سے اٹھالی جاتی ہیں "

(الموت میں اسمٰعیلیوں کی عید القیام)

حضرت امام حسن علی ذکریا اسلام نے اپنی سلطنت کے تمام ملکوں کے اسمٰعیلیوں کو جمع کیا، اور امامت و سلطنت کے تخت پر جلوہ افروز ہو کر مجمع عام کے سامنے فرمایا کہ قائم القیامہ میرے ذریعہ ہے اس دن کو الموت کے تمام اسمٰعیلیوں نے بڑا جشن منایا اور یہ دن تاریخ میں "عید القیام" کے طور پر مشہور ہوا۔" (نور مبین صفحہ ۳۹۹۔ ۴۰۰)

گویا اسمٰعیلی عقیدہ کے مطابق جب امام شریعت کی بندشیں اٹھا کر لوگوں کو شریعت کے اعمال آزاد کر دیتا ہو تو یہی قیامت ہے۔

جس شخص نے قرآن کریم میں قیامت، حشر و نشر اور جزا و سزا کی تفصیل پڑھی ہوں کیا وہ آغاخانیوں کے انکار قیامت کے عقیدہ کو کفر و زندقہ قرار دینے میں تأمل کر سکتا ہے۔

۴۔ ہر مسلمان جانتا ہے کہ اسلام کی بنیاد پانچ ارکان پر رکھی گئی ہے۔

۱۔ توحید و رسالت کی شہادت دینا (۲) پنجگانہ نماز ادا کرنا (۳) ماہ رمضان کے روزے (۴) زکوٰۃ (۵) حج بیت اللہ۔ کوئی شخص جو ان پانچ ارکان میں سے کسی ایک کا بھی منکر ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ مسلمان نہیں ہو سکتا ۔ آغاخانی ان پانچوں ارکان کے منکر ہیں نہ وہ توحید و رسالت کے قائل ہیں نہ نماز روزہ اور حج و زکوٰۃ کے ، جو لوگ ان پانچوں ارکان کے منکر ہوں ان کا اسلام اور مسلمانوں سے کیا تعلق ہے اور ان کو مسلمانوں کا ایک فرقہ کیسے تسلیم کیا جا سکتا ہے ۔

۵ ۔ تمام مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ قرآن کریم آخری کتاب ہدایت ہے اور وہ ہر قسم کی تحریف سے پاک ہے لیکن آغاخانی قرآن کریم کو تحریف شدہ سمجھتے ہیں اور ان کے نزدیک امام کا فرمان قرآن سے بالاتر ہے ۔

آغاخان سوم کے فرامین کا جو مجموعہ " کلام امام مبین " کے نام سے شائع کیا ہے اس کے چند حوالے ملاحظہ فرمائیے ۔

خلیفہ عثمان کے وقت میں کچھ حصّہ قرآن شریف میں سے نکال دیا گیا ہے اور کچھ بڑھا دیا گیا ہے ۔ امام حاضر کے پاس ہر وقت ایک چیز نئی ہوتی ہے یہ اس وقت بتانے کی نہیں ہے بعد ہم بتلائیں گے ۔ (کلام امام مبین ، صفحہ ۹۷ ۔ فرمان ۳۸) یکے از مطبوعہ اسمٰعیلیہ السویسی الشن انڈیا بمبئی

جس امام کی باری ہوتی ہے اس کے فرمان پر عمل کرو تو فائدہ ہوگا ۔ اصل میں " توریت " انجیل زبور اور فرقان ۔ یہ سب کتابیں الگ الگ قوم پر الگ الگ وقفہ پر نازل ہوئی تھیں قرآن شریف بھی حق تھا مگر خلیفہ عثمان کے وقت میں ردّ و بدل کر دیا گیا ہے آگے کے الفاظ پیچھے اور پیچھے کے الفاظ آگے رکھ دیئے گئے ہیں اس معاملے میں سارے خلاصے ہمارے پاس ہیں ۔

تم لوگ ہم سے پوچھو گے تو ہم تم کو یہ خلاصے دکھلائیں گے ۔ صفحہ (۹۶) کلام امام مبین

آپ لوگوں کے لئے جو علم ہے وہ گنان ہے قرآن شریف کو تیرہ سو سال ہو چکے ہیں وہ ملک عرب کی آبادی کے لئے ہے گنان کو سات سو سال ہوئے ہیں ۔ تم لوگوں کے لئے گنان ہے اور اسی پر عمل کرنا ۔ (صفحہ ۸۱ فرمان ۳۱) کلام امام مبین

حضرت مرتضیٰ علی نے لوگوں کو فرمایا کہ یہ کتاب مجھکو رسول اللہ نے دی ہے اور آپ لوگوں تک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پہنچانے کی وصیت کی ہے اس لئے آپ اس کو لیجئے ـــــ اس پر سب لوگوں نے کہا کہ ہمارے پاس حضرت عثمان کی کتاب ہے وہ کافی ہے ۔ آپ کی کتاب کی ہم کو ضرورت نہیں ہے اس پر مرتضیٰ علی نے فرمایا کہ اس کتاب کی دقّی برابر خبر آپ لوگوں کو تا قیامت نہیں ملے گی یہ کہہ کر کتاب اپنے گھر واپس لے گئے ۔

وہ کتاب بقیہ دس سپارے ہیں جس کے بارے میں پیر صدرالدّین نے "گنان" میں سمجھایا ہے ۔ اس کے مطابق عمل کرو ۔ (کلام امام مبین صفحہ ۶۴ ۔ فرمان ۲۰)

آپ جانتے ہیں کہ انسان کی زندگی اور دُنیا ہر وقت بدلتی رہتی ہے ہر چیز بدلتی رہتی ہے جس میں صحیح ہدایت امام حاضر ہی دے سکتے ہیں ۔ اسمٰعیلیوں کے پاس ہدایت کے لئے کوئی لکھی ہوئی کتاب نہیں ہے ۔ مگر زندہ امام ہے (ہدایت کے لئے)

(کلام امام مبین صہ ۳۹۳ فرمان ۵۳۰)

(مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا ۔ بمبئی)

آغاخانیوں کے کفریہ عقائد بے شمار ہیں مگر میں انہی پانچ نکات پر اکتفا کرتے ہوئے اہل فہم کو انصاف کی دعوت دیتا ہوں وہ خود فیصلہ کریں کہ کیا ان عقائد کے بعد آغاخانیوں پر کفر کا فتویٰ حق بجانب ہیں ۔

یہاں یہ عرض کر دینا بھی ضروری ہے کہ آغاخانیوں کے کفر کا فتویٰ صرف موجودہ دور کے اہل علم اور مفتیان کرام نے نہیں دیا ، بلکہ ہمیشہ سے علمائے امت ان کے کفر و ارتداد اور زندقہ والحاد پر متفق چلے آئے ہیں گویا قادیانی گروہ کی طرح آغاخانی گروہ کا خارج از اسلام ہونا بھی قطعی و یقینی اور متفق علیہ مسئلہ ہے ، مناسب ہوگا کہ اس ضمن میں دور قدیم کے چند اکابر کے فتوے بھی نقل کر دئے جائیں ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام حجۃ الاسلام ابوحامد محمد بن محمد الغزالی (المتوفی ۵۰۵ھ) اپنے رسالہ المستظہری میں جو "فضائح الباطنیہ" کے نام سے مشہور ہے لکھتے ہیں۔

والقول الوجيز فيه أنه يُسلك بهم مسلك المرتدين في النظر في الدم والمال والنكاح والذبيحة ونفوذ الأقضية وقضاء العبادات. أما الأرواح فلا يُسلك بهم مسلك الكافر الأصلي، إذ يتخير الإمام في الكافر الأصلي بين أربع خصال: بين المن والفداء والاسترقاق والقتل. ولا يتخير في حق المرتد، بل لا سبيل إلى استرقاقهم (۲) ولا إلى قبول الجزية منهم ولا إلى المن والفداء، وإنما الواجب قتلهم (۳) وتطهير وجه الأرض منهم — هذا حكم الذين يُحكم بكفرهم من الباطنية.

(نوٹ۔ فضائح الباطنیہ ص ۱۵۶ - طبع قاہرہ)

ترجمہ:۔ ان کے (اسمٰعیلیوں کے) بارے میں مختصر بات یہ ہے کہ خون، مال، نکاح، ذبیحہ فیصلوں کے نفاذ اور قضائے عبادات کے بارے میں ان کا حکم مرتدین کا ہے لیکن ان کی جان لینے کے بارے میں ان کے ساتھ کافر اصلی کا معاملہ نہیں کیا جائیگا کیونکہ کافر اصلی کے معاملہ میں براہ راست حکومت کو اختیار ہے کہ بطور احسان ان کو چھوڑ دے یا فدیہ لیکر چھوڑ دے یا ان کو قتل کر دے یا اُن کو غلام بنالے لیکن مرتدین کے معاملے میں اس کو یہ اختیار نہیں۔ ان کو غلام نہیں بنایا جاسکتا۔ نہ ان سے جزیہ قبول کیا جاسکتا ہے نہ ان کو بطور احسان یا فدیہ لے کر چھوڑا جاسکتا ہے بلکہ ان کا قتل واجب ہے اور خدا کی زمین کو ان کے ناپاک وجود سے پاک کر دینا ضروری ہے یہی حکم ان باطنیوں اسمٰعیلیوں کا ہے جو کفریہ عقائد رکھتے ہیں۔

امام ابومحمد علی بن احمد ابن حزم الظاہری (المتوفی ۴۵۶ھ) کتاب الفصل فی الملل والاہواء والنحل میں عقیدہ حلول کے بارے میں لکھتے ہیں۔

وأما من قال ان الله عز وجل هو فلان لانسان بعينه أو ان الله تعالى يحل في جسم من اجسام خلقه أو ان بعد محمد صلى الله عليه وسلم نبياً غير عيسى بن مريم فانه لا يختلف اثنان في تكفيره لصحة قيام الحجة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بکل هذا علی کل أحدث) (نوٹ، کتاب الفصل فی الملل والاہواء والنحل حافظ ابن حزم ص ۲۴۹ ج ۳)

ترجمہ :- جو شخص یہ کہے کہ اللہ تعالیٰ فلاں آدمی ہے یا یہ کہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے کسی کے جسم میں حلول کرتا ہے یا یہ کہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی کوئی نبی سوائے عیسیٰ علیہ السلام کے آئے گا۔ تو ایسے شخص کے کافر ہونے کے بارے میں دو آدمیوں کا بھی اختلاف نہیں کیونکہ ان تمام امور میں ہر شخص پر حجت قائم ہو چکی ہے۔

دوسری جگہ امامیہ کے عقائد کو ذکر کر کے امام ابن حزم لکھتے ہیں۔

﴿ قال ابو محمد ﴾ وکل هذا کفر صریح لاخفاء به فهذه مذاهب الامامیة وهی المتوسطة فی الغلو من فرق الشیعة واما الغالیة من الشیعة فهم قسمان قسم اوجبت النبوة بعد النبی صلی الله علیه وسلم لغیره والقسم الثانی اوجبوا الالهیة لغیر الله عز وجل فلحقوا بالنصاری والیهود وکفروا اشنع الکفر (نوٹ، کتاب الفصل فی الملل والاہواء والنحل حافظ ابن حزم ص ۱۸۳ ج ۴)

ترجمہ :- یہ تمام باتیں صریح کفر ہیں جن میں کوئی خفا (پوشیدگی) نہیں یہ امامی کے مذاہب ہیں جو غلو میں متوسط ہیں، رہے شیعوں کے غالی فرقے، تو ان کی دو قسمیں ہیں ایک قسم وہ ہے جنہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد دوسرے لوگوں کے لئے نبوت ثابت کی۔ دوسری قسم وہ ہے جنہوں نے غیر اللہ کے لئے الوہیت ثابت کی جس کی وجہ سے وہ یہود و نصاریٰ کے زمرے میں شامل ہو گئے اور بدترین کفر کے مرتکب ہوئے۔

امام ابو منصور عبد القاہر بن طاہر البغدادی (المتوفی ۴۲۹) الفرق بین الفرق میں لکھتے ہیں۔

قال عبد القاهر : الذی یصح عندی من دین الباطنیة انهم دهریة زنادقة یقولون بقدم العالم وینکرون الرسل والشرائع ، کلها لمیلها الی استباحة کل ما یمیل الیه الطبع ،

(نوٹ، کتاب ، الفرق بین الفرق - ص ۱۷۷)

ترجمہ :- باطنیہ (اسماعیلیہ) کے دین کے بارے میں جو چیز میرے نزدیک محقق ہوئی وہ یہ ہے کہ یہ لوگ دہریے ہیں زندیق ہیں عالم کو قدیم مانتے ہیں، رسولوں اور شریعت کے یکسر منکر ہیں اور ان تمام چیزوں کو جن کی طرف ان کی طبیعت مائل ہو ان کو حلال سمجھتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۳

مسند الہند شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی (المتوفی ۱۲۳۹ھ)

تحفہ اثنا عشریہ میں لکھتے ہیں۔

ونیز معلوم شد کہ تکفیر و حکم بارتداد شیعہ بلا اختلاف منطبق ست بر حال غلاۃ و کیسانیہ و اسماعیلیہ

(فوٹو، تحفہ اثنا عشریہ، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور ص ۱۱)

ترجمہ:۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ غالی شیعوں، کیسانیہ اور اسمٰعیلیوں پر بغیر کسی اختلاف کے کفر و ارتداد کا حکم نافذ ہے۔

علامہ محمد امین ابن عابدین شامی (المتوفی ۱۲۵۲ھ) رد المحتار میں لکھتے ہیں

[تنبیہ] یعلم مما هنا حکم الدروز والنیامنة فإنهم فی البلاد الشامیة یظهرون الإسلام والصوم والصلاة مع أنهم یعتقدون تناسخ الأرواح وحل الخمر والزنا وأن الألوهیة تظهر فی شخص بعد شخص ویجحدون الحشر والصوم والصلاة والحج، ویقولون المسمی به غیر المعنی المراد ویتکلمون فی جناب نبینا صلی الله علیه وسلم کلمات فظیعة ؛ وللعلامة المحقق عبد الرحمن العمادی فیهم فتوی مطولة وذکر فیها أنهم ینتحلون عقائد النصیریة والإسماعیلیة الذین یلقبون بالقرامطة والباطنیة الذین ذکرهم صاحب المواقف. ونقل عن علماء المذاهب الأربعة أنه لا یحل إقرارهم فی دیار الإسلام بجزیة ولا غیرها، ولا تحل مناکحتهم ولا ذبائحهم ؛ وفیهم فتوی فی الخیریة أیضا فراجعها.

مطلب جملة من لا تقبل توبته

والحاصل أنهم یصدق علیهم اسم الزندیق والمنافق والملحد. ولا یخفی أن إقرارهم بالشهادتین مع هذا الاعتقاد الخبیث لا یجعلهم فی حکم المرتد لعدم التصدیق، ولا یصح إسلام أحدهم ظاهرا إلا بشرط التبری عن جمیع ما یخالف دین الإسلام لأنهم یدعون الإسلام ویقرون بالشهادتین وبعد الظفر بهم لا تقبل توبتهم أصلا.

(فوٹو۔ کتاب رد المحتار، شامی۔ ص ۲۴۴ ج ۴۔ طبع بیروت)

ترجمہ:۔ یہیں سے دروزیوں اور نیامنہ کا حکم معلوم ہو جاتا ہے یہ لوگ شام کے علاقوں میں اسلام کا اظہار کرتے ہیں اور نماز روزہ بھی کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود تناسخ کا عقیدہ رکھتے ہیں شراب اور زنا کو حلال سمجھتے ہیں اور یہ کہ الوہیت ایک کے بعد دوسرے شخص میں ظاہر ہوتی رہتی ہے۔ یہ لوگ حشر اور نماز، روزہ اور حج کے منکر ہیں اور کہتے ہیں کہ حقیقت معنیٰ مراد کے علاوہ ہے اور جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان گھناؤنے الفاظ بولتے ہیں۔ ان کے بارے میں علامہ محقق عبدالرحمٰن عمادی کا ایک طویل فتویٰ ہے جس میں ذکر کیا ہے کہ یہ لوگ نصیری اور اسمٰعیلی عقائد رکھتے ہیں جن کو قرامطہ اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باطنیہ کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے اور جن کا تذکرہ صاحب مواقف نے کیا ہے اور مذاہب اربعہ کے علمائے یہ فتویٰ نقل کیا ہے کہ ان کو دارالاسلام میں ٹھہرنے کی اجازت دینا حلال نہیں نہ جزیہ کیساتھ اور نہ بغیر جزیہ کے نہ ان کی عورتوں سے نکاح جائز ہے اور نہ ان کا ذبیحہ حلال ہے۔ نیز ان کے بارے میں فتاویٰ خیریہ میں بھی فتویٰ ہے اس کو دیکھ لیا جائے۔ حاصل یہ کہ ان پر زندیق، منافق اور ملحد کا لقب صادق آتا ہے اور مخفی نہیں کہ ان خبیث عقائد کے باوجود ان کا دعویٰ اسلام ہو ان کو مرتد کے حکم میں قرار نہیں دیتا کیونکہ تصدیق مفقود ہے اور ان میں سے کسی کا بظاہر دعویٰ اسلام قابل اعتبار نہیں جب تک کہ ان تمام عقائد سے برأت کا اعلان نہیں کرتا جو دین اسلام کے خلاف ہیں کیونکہ اسلام کا تو وہ دعویٰ کرتے ہیں اور شہادتوں کا بھی اقرار کرتے ہیں (لہٰذا ان کا صرف دعویٰ اسلام کافی نہیں، بلکہ تمام غلط عقائد سے بیزاری کا اعلان شرط ہے) اور اگر ان میں سے کوئی ہاتھ آجائے تو اس کی توبہ ہرگز قبول نہیں کی جائے گی (بلکہ اس کا قتل واجب ہوگا)

حضرت حکیم الامت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ امداد الفتاویٰ جلد ششم صفحات ۱۱۰ سے ۱۱۵ تک آغا خانی جماعت کے بارے میں کفر کا فتویٰ موجود ہے۔ اس کا ایک فقرہ یہاں نقل کرتا ہوں۔

اور ان کفریات کے ہوتے ہوئے نہ ایسے شخص کا دعویٰ اسلام کافی ہے نہ اس کا نمازی اور روزہ دار ہونا کافی ہے نہ اس پر نماز جنازہ ہے نہ مقابر مسلمین میں دفن کرنا جائز ہے اور نہ مصلحت کے سبب کافر کو مسلمان کہنا یا اس کے ساتھ مسلمانوں کا سا معاملہ کرنا جائز ہے۔ (امداد الفتاویٰ ج ۶ ص ۱۱۴)

وللہ الحمد اولاً واٰخراً

محمد یوسف لدھیانوی
علامہ بنوری ٹاؤن۔ کراچی ۵

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْاِسْتِفْتَاءُ

کیا فرمائیں گے علمائے دین متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے علاقہ چترال کے علاوہ گلگت، کراچی اور دیگر علاقوں میں اسمٰعیلی (آغاخانی) فرقہ سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی کافی تعداد آباد ہے جو اپنے آپ کو مسلمان کہلاتے ہیں مگر ان کے عقائد ونظریات مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) **کلمہ**:۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَاَشْهَدُ اَنَّ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيًّا وَّلِيُّ اللّٰهِ۔

(۲) **امام**:۔ یہ لوگ آغاخان کو اپنا امام مانتے ہیں اور اسی کو جملہ اشیاء اور ہر نیک و بد کا مالک جانتے ہیں اور اس کے اقوال و احکامات کو فرمان کا نام دیتے ہیں اور اس کے فرمان ماننے کو سب سے بڑا فرض سمجھتے ہیں۔

(۳) **شریعت**:۔ ظاہری شرع کی پابندی نہیں کرتے بلکہ آغاخان کو قرآن ناطق کعبہ بیت المعمور اور سب کچھ جانتے ہیں ان کی کتابوں میں ہے کہ اس ظاہری قرآن میں جہاں کہیں "اللہ" کا لفظ آیا ہے ان سے مراد امام زمان (آغاخان) ہے

(۴) **نماز پنجگانہ کے منکر ہیں**:۔ ان کے بجائے تین وقت کی دعاؤں کے قائل ہیں۔

(۵) **مسجد**:۔ مسجد کے بجائے جماعت خانہ کے نام سے اپنے لئے مخصوص عبادت خانہ بناتے ہیں۔

(۶) **زکوٰۃ**:۔ شرعی زکوٰۃ کو نہیں مانتے اس کے بجائے اپنے ہر قسم کے مال کا دسواں حصہ مال واجبات اور "دسوند" کے نام سے آغاخان کے نام پر دیتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۷) روزہ :- رمضان المبارک کے روزہ کے منکر ہیں ۔

(۸) حج :- حج بیت اللہ کے منکر ہیں اس کے بجائے آغا خان کی دیدار کو حج کہتے ہیں

(۹) سلام :- السلام علیکم کے بجائے ان کا مخصوص سلام " یا علی مدد " ہے

(۱۰) جواب سلام :- وعلیکم السلام کے بجائے " یا علی مدد " کے جواب میں وہ مولا علی مدد کہتے ہیں ۔

اب سوال یہ ہے کہ (۱) ان عقائد ونظریات کے باوجود کیا یہ فرقہ مسلمان کہلانے کا مستحق ہے یا کافر ہے ؟

(۲) ان پر نماز جنازہ جائز ہے ؟

(۳) مسلمانوں کے مقبرہ میں ان کو دفنانا جائز ہے ؟

(۴) ان کے ساتھ مناکحہ جائز ہے ؟

(۵) ان کا ذبیحہ حلال ہے ؟

(۶) کیا ان کے ساتھ مسلمانوں جیسا معاملہ کیا جاسکتا ہے ؟ للہ جواب صادر فرماکر مسلمانوں کے الجھنوں کو دور فرمائیں ۔

واجرکم علی اللہ

المستفتی : قاضی خلیل الرحمن چترالی، دارالعلوم سرحد پشاور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب ٹونکی مدظلہم کا فتویٰ

الجواب باسمہٖ تعالیٰ

فرقہ آغاخانی جن عقائد اور نظریات کا حامل ہے ان کے پیش نظر اس فرقہ کو مذہب اسلام اور مسلمانوں سے کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ ان کے عقائد اور نظریات کی بنا پر ان کا مشرک اور کافر ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں چنانچہ بطور نمونہ ان کے چند اہم عقائد ملاحظہ ہوں۔

۱ ــــ اسلامی کلمہ " لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ " کی بجائے ان کا کلمہ " اشہد ان لا الہ الا اللہ و اشہد ان محمد رسول اللہ و اشہد ان امیر المومنین علی اللہ " یعنی گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمد اللہ کے رسول ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ امیر المومنین علی اللہ ہیں [۱]

۲ ــــ آغاخانی فرقہ اللہ کے بجائے اپنے امام حاضر کی عبادت کرتا ہے۔ [۲]

۳ ــــ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت علیؓ کی بیوی بتلاتا ہے۔ [۳]

۴ ــــ اسلامی سلام " السلام علیکم " کی بجائے ان کا سلام " یا علی مدد " اور اس کا جواب یہ لوگ " وعلیکم السلام " کی جگہ " مولا علی مدد " دیتے ہیں [۴]

---

[۱] اسمٰعیلی تعلیمات کتابچہ ۱۹۶۸ء، شائع کردہ :- اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن پاکستان (کراچی) [۲] حوالہ : گینان برہم پرکاش از پیر شمس الدین - مجموعہ مقدس گینان صفحہ نمبر ۲۹۷ - مطبوعہ - اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن برائے ہند بمبئی

[۳] حوالہ - گینان موسن چیتامنی، از سید امام شاہ، مقدس گنان کا مجموعہ صفحہ نمبر ۱۴۴ - مطبوعہ، اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن - برائے انڈیا بمبئی [۴] حوالہ - سبق ۱۵ صفحہ ۶۷ " شکشھن مالا " درسی کتاب، ناٹ اسکولز مطبوعہ ایضاً -

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵ ـــ ساتویں امام مولانا محمد بن اسمٰعیل نے شریعت محمدیہ کے ظاہر کو معطل کر کے باطنی شریعت جاری کی ہے۔ [۵]

۶ ـــ اللہ تعالیٰ اپنے ادوار میں غریبوں پر رحم کرنیوالا پروردگار رسول "امام حاضر" کے روپ میں ہو کر تشریف فرما ہے [۶]

۷ ـــ امام حاضر کے عقل کل ہے اسی وجہ سے جو کچھ ہو چکا ہے جو ہو رہا ہے اور جو ہونے والا ہے یہ سب امام پر روشن ہے یعنی وہ عالم الغیب والشہادت ہے [۷]

۸ ـــ اللہ تعالیٰ ذات وصفات میں شریک قرار دینا شرک نہیں ہے بلکہ ان کے امام کے بجائے دوسرے کسی کو امام تسلیم کرنا شرک ہے [۸]

۹ ـــ انبیاء علیہم السلام کے متعلق ان کا عقیدہ یہ ہے کہ ان سے گناہ سرزد ہو سکتے ہیں وہ معصوم نہ تھے اور انہوں نے ایسے مراتب طلب کئے جن کے وہ مستحق نہ تھے۔ بخلاف حضرت علی اور ان کی نسل سے ہونے والے ائمہ کہ انہوں نے ایسے مراتب طلب کئے جن کے وہ مستحق نہیں تھے۔ اور یہ سب ملائکہ بالفعل اور معصوم ہیں اور انبیاء اور مرسلین سے چار درجے افضل ہیں [۹]

---

[۵] حوالہ، ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام، صفحہ نمبر ۹۲، و صفحہ ۶۲ [۶] حوالہ: تعارفی صفحہ نمبر ۲ شکشن مالا ۱۲ درسی کتاب برائے ریلیجس نائٹ اسکول پبلشر۔ شعبہ تعلیم اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا بمبئی۔

[۷] حوالہ، "مارگ درشیکا" حصہ ۱ صفحہ ۸۱۔ درسی کتاب برائے ریلجس نائٹ اسکول۔ مطبوعہ اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا بمبئی [۸] "ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صفحہ ۲۹۔ اس کی اصل عبارت ہے "الشرک فی الحدود لا فی المعبود" یعنی حدود دین شریک ہو سکتا ہے معبود میں نہیں ہو سکتا، اور ان کے اعتقاد کے مطابق ان کے امام اور امام کے مددگاروں کو حدود کہا جاتا ہے (توحید کے بارے میں شرک ہونے کا مطلب یہی ہوتا ہے بندہ نے فوٹو میں تحریر کیا) ملاحظہ ہو۔ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صفحہ ۲۹۹ و صفحہ ۳۰۰۔

[۹] حوالہ۔ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صفحہ ۵۰ و صفحہ ۵۱۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۰ ـــــ پیر شاہ یعنی امام حاضر ان کے گناہ بخش دیتے ہیں [۱۰]

۱۱ ـــــ قرآن مجید کے چالیس سپارے ہیں آخری دس سپارے علی گھر واپس لے گئے۔ موجودہ قرآن اللہ تعالیٰ کی کتاب نہیں ہے بلکہ حضرت عثمان کی کتاب ہے [۱۱]

۱۲ ـــــ "قرآن مجید ملک عرب کی آبادی کے لئے ہے اور دوسروں کے لئے "گمان" ہے اور اس پر عمل کرنا چاہیئے [۱۲]

۱۳ ـــــ امام حاضر کا فرمان اللہ کے کلام کے برابر ہے [۱۳]

۱۴ ـــــ امام حاضر میں اللہ کا نور حلول کیا ہوا ہے، اور فرقہ آغاخانی اسی کو سجدہ کرتا ہے [۱۴]

۱۵ ـــــ حضرت علی اللہ کا اوتار ہے [۱۵]

۱۶ ـــــ جو لوگ علی کو دل سے اللہ مانیں گے ان کی آل واولاد میں اضافہ ہوگا اور وہ فلاح پائیں گے اور "نور علی" پوری کائنات کا خالق مطلق ہے [۱۶]

۱۷ ـــــ نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ جو ارکان اسلام ہیں ان کی ضرورت سے انکار کرتے ہیں [۱۷] بلکہ نماز کی جگہ آغاخانی پر فرض ہے کہ تین وقت ان کی عبادت گاہ "جماعت خانہ" میں جا کر دعا کریں [۱۸] اور زکوٰۃ کی جگہ "دشوند" یعنی آمدنی میں سے ہر روپیہ پر دو آنہ ادا کرنا فرض ہے اور جو ان کا امام حاضر کا دیدار ہے [۱۹]

---

[۱] حوالہ: سبق نمبر ۱۷ صفحہ نمبر ۱۲ "مکشف مالا" کے جی، ایضاً [۱۱] کلام امام مبین۔ حصہ اول، صفحہ ۶۴ فرمان ۲۰

[۱۲] مجموعہ مقدس گمان صفحہ ۹۵، ہمارا اسمٰعیلی مذہب، مقدمہ۔ [۱۳] فرمان نمبر ۳۱۔ صفحہ نمبر ۸۱ حصہ نمبر ۱ کلام امام مبین آغاخان [۱۱] کے فرامین کا مجموعہ۔ مطبوعہ۔ اسمٰعیلی ایسوسی ایشن، برائے انڈیا۔ [۱۴] کلام الٰہی اور فرمان امام صفحہ ۶۲ از عالیجاہ سلطان محمد، نور محمد، مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے پاکستان۔ [۱۵] حوالہ سبق ۱۔ صفحہ ۴ "مکشف مالا" [۱۱] درسی کتاب برائے یلجمنٹ نائٹ اسکول۔ مطبوعہ۔ اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا بمبئی [۱۵] حوالہ۔ گمان مومن چیتامنی از سید امام شاہ، مجموعہ مقدس گمان صفحہ ۱۰۶ مطبوعہ اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا بمبئی۔ [۱۶] حوالہ، گمان مومن چیتامنی از سید امام شاہ، مقدس گیانوں کا مجموعہ صفحہ ۱۱۳، مطبوعہ ایضاً [۱۷] ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صفحہ ۱۳۶ [۱۸] خزینۂ جواہر صفحہ ۱۶ مطبوعہ "اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن پاکستان کراچی [۱۹] یلجمنٹ (مذہبی کمیٹی) نیو جماعت خانہ بریٹو روڈ کراچی ۳، کی طرف سے شائع کردہ آغاخانی مذہبی عبادات کا پیغام، اشتہار۔

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۸ ـــــ ھوالحی القیوم کی عملی تصویر امام حاضر ہیں [۲۰]

۱۹ ـــــ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا پیدا کرنیوالا "داتا و شوٹ" ہے [۲۱]

۲۰ ـــــ خواجہ ابوطالب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نبوت و رسالت سپرد کی ہے [۲۲]

ان کے علاوہ بہت سے عقائد باطلہ اور نظریات فاسدہ کی تفصیلات ان کی شائع کردہ اپنی مذہبی اور درسی کتابوں میں موجود ہیں، جن کو معلوم کرنے کے بعد کوئی عالم اور عقلمند تو درکنار ایک غیر عالم شخص بھی ان کو مومن اور مسلمان تسلیم کرنے کے لئے ہرگز تیار نہیں ہو سکتا، اور اس قسم کے عقائد اور نظریات رکھنے والوں کے متعلق فتاوی شامی کے اندر علامہ ابن عابدین تحریر فرماتے ہیں:۔

ترجمہ:۔ باب المرتدین میں اقسام کفار بیان کرنے کے بعد بعد لکھتے ہیں کہ "یہیں سے دروزیوں اور تیانیوں کا حکم معلوم کیا جا سکتا ہے کہ وہ بلاد شام اپنے مسلمان ہونا اور اپنا نماز روزہ ظاہر کرتے ہیں حالانکہ وہ تناسخ ارواح (یعنی آواگون) کا عقیدہ رکھتے ہیں اور شراب اور زنا کو حلال جانتے ہیں اور یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ ان کے اماموں کے روپ میں خود خدا تعالیٰ جلوہ گر ہوتے ہیں اور یہ لوگ حشر نشر اور نماز روزے کے منکر ہیں اور کہتے ہیں کہ نماز روزے کا وہ مفہوم نہیں جو عام لوگ سمجھتے ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں گندی گندی باتیں کہتے ہیں، آگے علامہ شامی مزید فرماتے ہیں کہ "ان کے ساتھ رشتہ نکاح کرنا ناجائز ہے اور ان کا ذبیحہ بھی حلال نہیں ہے اور فتاوی خیریہ کے اندر بھی ان کے متعلق کفر کا فتوی مذکور ہے۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ وہ زندیق منافق اور ملحد ہیں (ردالمحتار ج ۳ ص ۳۲۶ مطبوعہ ماجدیہ کوئٹہ) اور فتاوی عالمگیریہ میں مذکور ہے۔

---

[۲۰] کلام امام مبین، فرامین امام سوم، حصہ اوّل ص ۵

[۲۱] گنان مومن چیانمی از سید امام شاہ۔ مقدس گیانوں کا مجموعہ ص ۱۰۴،

[۲۲] ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص ۶۳ و ص ۶۴،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ :۔ ان روافض کو کافر جاننا واجب ہے جن کے عقائد مندرجہ ذیل ہوں ۔ مرنے پھر زندہ ہو کر دنیا میں واپس لوٹ آتے ہیں ۔ روحیں جسمانی ڈھانچے بدل کر دنیا میں پھر نئے روپ میں آجاتی ہیں ۔ اللہ تعالیٰ اماموں کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں یعنی اماموں میں اللہ تعالیٰ کی روح منتقل ہو جاتی ہے ۔ ایک باطنی امام کے آنے تک احکام شریعت پر عمل درآمد معطل رہے گا ۔ جبرائیل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی وحی کو علی بن ابی طالب کے پاس لیجانیکی بجائے غلطی سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے جاتے رہے ۔

مندرجہ بالا عقائد کے حامل لوگ ملت اسلام سے خارج ہیں اور ان کے احکام مرتدین جیسے ہیں (فتاویٰ عالمگیریہ صـ۲۶۴ ج ۔۲) مطبوعہ ماجدیہ کوئٹہ)

اس کے علاوہ دور حاضر کے تمام علما محققین اور مفتیان اہل سنت والجماعت نے بھی آغاخانی فرقہ کا کافر و مشرک ہونے اور دائرہ اسلام سے خارج ہونے کے متعلق متفقہ فیصلہ دیا اور تحریری فتوی صادر فرمایا ۔ چنانچہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی ، امداد الفتاوی کے اندر بعنوان الحکم الحقانی فی حزب الاغاخانی ایک مفصل فتوی اس کے کفر کے بارے میں تحریر فرمایا ۔ مفتی اعظم پاکستان محمد شفیع صاحب مرحوم نے بعنوان "تکفیر کے اصول اور آغاخانی فرقہ کا حکم" ایک مستقل رسالہ کی شکل میں ان کے متعلق ایک مفصل فتوی صادر فرمایا ہے ۔ مفتی اعظم ہند حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب نے حلول الٰہیہ اور قرآن مجید کی کمی زیادتی کے اعتقاد رکھنے والوں کے بارے میں کفر کا فتوی اور ان کے ساتھ رشتے طے کرنیکو ناجائز قرار دیا ۔ (کفایت المفتی ج ۔۱) اور علامہ انور شاہ کشمیری ۔ "اکفار الملحدین" کے اندر تحریر فرماتے ہیں ۔ اسمٰعیلی فرقہ سے توبہ طلب نہیں کی جائے گی اور باوجود اظہار توبہ کے ان کو قتل کر دیا جائے گا ۔ (احکام القرآن صـ۵۴ ج ۱ بحوالہ اکفار الملحدین صـ۳۷)

نیز دار العلوم دیوبند ، مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور ، جامعۃ العلوم الاسلامیہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بنوری ٹاؤن کراچی ، دارالعلوم کراچی ، جامعہ فاروقیہ کراچی ، جامعہ عربیہ خیر المدارس ملتان ، جامعہ قاسم العلوم ملتان ، جامعہ مدنیہ لاہور ، جامعہ اشرفیہ لاہور ، دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ، دارالعلوم سرحد ، اور پاکستان کے تمام مدارس دینیہ اور دنیا کے مشہور ومعروف درسگاہ جامعہ ازہر اور سعودی عربیہ کے مشہور عالم دین شیخ عبدالعزیز بن باز کی متفقہ رائے یہی ہے کہ اس قسم کے عقائد کے حامل آغاخانی فرقہ کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے ۔

لہٰذا ان کے ساتھ مسلمانوں کا سا معاملہ کرنا ، ان کے ساتھ رشتے ناطے کرنا ، ان کا جنازہ پڑھنا ، مسلمانوں کے مقبرہ میں دفن کرنا جائز نہیں ہے ۔

فقط ، واللہ تعالیٰ اعلم

دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ
علامہ بنوری ٹاؤن ۔ کراچی ۵ (پاکستان)

للمفتی ولی حسن
دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ
علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن کراچی ۵

مولانا حبیب اللہ مختار صاحب
قاری عبدالحق صاحب
مولانا مفتی عبدالقیوم صاحب
حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب
حضرت مولانا محمد صاحب
حضرت مولانا مفتاح اللہ صاحب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الجواب :۔ اسمٰعیلی فرقہ جس کا رہبر آغاخان ہے اس فرقہ کے عقائد کفریہ اظہر من الشمس ہیں ان کے کفر میں شک کرنا بھی باعث کفر ہے ۔

محمد بدیع الزمان استاذ حدیث
جامعۃ العلوم الاسلامیۃ بنوری ٹاؤن
۲۱/۷/۱۴۰۳ھ

مفتاح اللہ عفی عنہ

عبدالحلیم غفرلہ

جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
دار الافتاء
کراتشی پاکستان

آغاخانی فرقہ اسماعیلیہ کا بدترین فرقہ ہے، اسمٰعیلیہ کی تمام شاخیں اسلام سے خارج ہیں آغاخانی حضرت علی کی الوہیت کے قائل ہیں اور انہوں نے شریعت کو معطل کر رکھا ہے، قرآن، حج نماز سے ان کو کوئی علاقہ نہیں ۔ اس لئے ان کے خارج اسلام ہونے میں کوئی شک نہیں،

واللہ اعلم ، محمد عبدالرشید نعمانی

میں عرصہ چھ سال سے ان کی کتابوں کا مطالعہ کر رہا ہوں میرے نزدیک اُن سے اشد کافر روئے زمین میں ملنا مشکل ہے ۔ محمد انور بدخشانی

آغاخانیوں کا کافر ہونا اور اسلام سے خارج ہونا اظہر من الشمس ہیں ، محمد ولی

حضرت مولانا نعیم صاحب
حضرت مولانا مفتی عطاء اللہ صاحب
حضرت مولانا مزمل حسین کاپڑیا
حضرت مولانا مفتی سعید الرحمٰن صاحب

حضرت مولانا عبدالسمیع صاحب
حضرت مولانا مفتی عبدالمنان صاحب
حضرت مولانا خالد محمود صاحب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حامداً ومصلیاً ومسلماً

اما بعد میں نے اسماعیلی فرقہ کے بارے میں استفتاء اور محترم مولانا اصغر علی صاحب زید مجدہ کی جانب سے اسماعیلی فرقہ کی کتابوں سے ان کے عقائد و نظریات پر جمع کردہ حوالہ جات کو بغور مطالعہ کیا۔

درج شدہ حوالہ جات کی رو سے اسماعیلی فرقہ اور اس جماعت کے پیروکار حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور ان کے بعد بعض آئمہ کے لئے باری تعالیٰ کی الوہیت ابوبیت، قدرت وغیرہ صفات کے قائل ہیں اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور اس کے بعد دوسرے ائمہ کے لئے رسالت اور نبوت ثابت کرتے ہیں۔ قرآن کریم کو صحابہ کرام کی تصنیف کردہ کتاب سمجھتے ہیں اور محرف مانتے ہیں وغیرہ وغیرہ، مذکورہ بالا عقائد و نظریات میں سے ہر عقیدہ اور نظریہ ایسا ہے کہ جس سے آدمی کافر اور مرتد ہو جاتا ہے تو جس فرقہ اور جماعت کی ہزاروں تعداد کفریہ اور گمراہ کن نظریات ہوں تو ان کے کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہونے میں کیا تردد ہو سکتا ہے اسی وجہ سے مذکورہ بالا عقائد باطلہ کی رُو سے وہ کافر ہیں اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں ان کو مسلمان سمجھنا بھی کفر ہے اُن کے ساتھ اور دوسرے اسلامی معاشرات جائز نہیں ہیں اُن کا ذبیحہ مسلمانوں کے لئے حلال نہیں ہے ان کی نماز جنازہ میں شرکت کرنا مسلمانوں کے لئے ناجائز ہے ان کو مسلمانوں کے مقبرہ میں دفن کرنا بھی درست نہیں ہے یہی حکم تمام کافروں کا ہے

(اکفار الملحدین)

کتبہ بندہ محمد عبد السلام ملدیوی
اسلام آبادی عفا اللہ عنہ

محمد ادریس

الجواب صحیح
دار الافتا جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی ۵

احمد الرحمن عفی عنہ
مہتمم جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی

سید مصباح اللہ شاہ
محمد شاہد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت مولانا مفتی رشید احمد مدظلہم کا فتویٰ

آغا خانی مرتد اور زندیق ہیں۔ آغا خانیوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں یہ لوگ بلاشبہ کافر اور مرتد ہیں اور واجب القتل ہیں لہٰذا ایسے لوگوں کا اس خطرناک منصوبہ میں کسی قسم کا تعاون کرنا درحقیقت چند ٹکوں کی خاطر ایمان کو فروخت کرنا ہے۔ حکومت اسلامیہ پر فرض ہے کہ سادہ لوح مسلمانوں کو مرتدین کے پنجۂ کفر سے نجات دلائے اور اسلام کے ان دشمنوں کو عبرت ناک سزا دے وہاں کے علماء اور صلحاء اور بااثر لوگوں پر بھی یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ جلد از جلد اس بارے میں مؤثر اقدامات کریں عوام پر ان لوگوں کا کفر و زندقہ واضح کیا جائے تاکہ اس خطرناک حربہ سے دنیا و آخرت تباہ نہ کریں۔ وہاں کے مسلمانوں کو پھر باور کرایا جائے کہ آغا خانی ادارہ میں شرکت خواہ کسی درجہ میں، کسی قسم کا تعاون، ممبر وغیر بننا ناجائز اور حرام ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب صحیح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دارالعلوم کراچی کا فتویٰ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

فتویٰ ہذا میں ہم نے اسماعیلیوں کی قدیم و جدید معتبر کتابوں کے حوالہ جات درج کئے ہیں قدیم کتابوں کے حوالہ جات جناب ڈاکٹر زاہد علی اسماعیلی کی کتاب " ہمارے اسمٰعیلی مذہب کی حقیقت اور اس کا نظام " سے لئے گئے ہیں ۔ واقعۃً بقولِ مصنف یہ کتاب صحیح معنوں میں اسمٰعیلی مذہب کی معلومات کا مکمل خزانہ ہے ۔

اختصار کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کتاب کے حوالہ جات پیش کرتے وقت ہم نے اس اس کتاب کا نام بعض جگہ صرف " ہمارا اسمٰعیلی مذہب " اور بعض جگہ " ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام " تحریر کیا ہے ۔

مصنف کتاب جناب ڈاکٹر زاہد علی ولد فضل علی حسینی عَلَم حیدرآباد دکن کے رہنے والے ہیں آپ بقول خود اصل نسل اسماعیلی ہیں ۔ آپ پنجاب یونیورسٹی سے بی ۔ اے اور مولوی فاضل ہیں ۔ اور نظام کالج حیدرآباد دکن کے سابق پروفیسر عربی اور وائس چانسلر ہیں ۔ آپ " تاریخ فاطمین مصر " کے مؤلف اور دیوان ابن ھانی الاندلسی کے شارح ہیں اور آپ آغاپورہ حیدرآباد دکن میں قائم شدہ " اکاڈمی آف اسلامک اسٹڈیز " کے رکن رکین ہیں ۔

آپ اپنی کتاب " ہمارے اسمٰعیلی مذہب کی حقیقت اور اس کا نظام " کے مقدمہ میں اپنے متعلق فرماتے ہیں کہ " میں خود اصلاً نسلاً اسمٰعیلی ہوں سات پشتوں سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میرے گھرانے میں اسمٰعیلی مذہب کا سرمایہ راز سربستہ کی طرح سینہ بسینہ منتقل ہوتا چلا آیا ہے"
صفحہ ۵ بعنوان مقدمہ اور اپنی اس کتاب کے متعلق فرماتے ہیں کہ "میں نے اپنے یہاں کی
مستند اور معتبر خاص کر زمانۂ ظہور کی کتابوں کے اصلی اقتباسات پیش کر دیئے ہیں تاکہ
ذمہ داری لکھنے والوں کے سر ہو۔ ان میں دو کتابوں ادعیۃ الایام السبعۃ لمولانا الامام
المعز لدین اللہ اور تاویل الشریعۃ من کلام الامام المعز لدین اللہ کو تو ہمارے ظہور کے
چوتھے امام کی زبان مبارک سے صادر ہونے کا شرف حاصل ہے میری حیثیت ناقل محض
سے زیادہ نہیں۔ بہرطور ذات اسلاف کے سوا اس ضمیر کا مرجع کوئی اور دوسرا نہیں قرار
پا سکتا۔ اب ان کی مزید تحقیق کی ضرورت نہیں" ــــ صفحہ ۲۱ بعنوان عرض حال۔

میری طرف سے اس میں کوئی بات نہیں صرف مسائل حوالہ جات کے ساتھ ایک جگہ
جمع کر دیئے گئے ہیں سوائے تبصروں کے جو میرے ہیں اور جنہیں ناظرین کی تفہیم اور
مسائل کی تنقید کی غرض سے علیحدہ لکھا ہے۔ میرے بھائی خود ان پر غور کریں اور اگر میں کسی مقام
پر راہ راست سے بھٹک گیا ہوں تو مجھے اپنے ارشاد سے متنبہ کریں میں پوری توجہ سے ان کا جواب
سننے کے لئے تیار ہوں حق کی تحقیق میں کسی کو تعصب سے کام نہ لینا چاہیئے۔ صفحہ ۵ بعنوان مقدمہ
یہ تالیف چند فصلوں پر مشتمل ہے ہر فصل میں ایک علیحدہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے۔ اور اس کے
تمام پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے تاکہ پڑھنے والے کو سمجھنے میں آسانی ہو۔ اور جس مسئلے کے
متعلق وہ چاہے معلومات حاصل کر سکے ہر فصل کے بعد ایک تبصرہ میں نے اپنی طرف سے
لکھا ہے جس میں اس مسئلہ سے متعلق چند امور پر توجہ دلائی گئی ہے بہرحال جو کچھ میں نے لکھا
ہے وہ سب اپنی دعوت کی کتابوں سے ماخوذ ہے ترجمہ کرنے میں امکانی کوشش کی گئی ہے
کہ وہ اصل کے مطابق ہو گو ایسا کرنے میں مجھے بعض اوقات اردو محاورہ سے کچھ الگ ہو جانا
پڑا۔ حوالے کثرت سے دیئے گئے ہیں۔ جن بھائیوں کو میرے ترجمہ سے تشفی نہ ہو وہ ان
حوالوں کی مدد سے اصل کتاب سے خود تحقیق کر کے اطمینان حاصل کریں۔ اکثر مواضع پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اصل اور ترجمہ دونوں نقل کر دیئے ہیں۔ بعض موقعوں پر تکرار سے کام لیا گیا ہے تاکہ مسائل اچھی طرح ذہن نشین ہو سکیں۔

آخر میں مجھے یہ کہنا ہے کہ میرے اسماعیلی بھائی تمام مسائل پر گہری نظر ڈالیں تاکہ اُن پر بھی اسماعیلیت کی حقیقت کھل جائے۔ ص۱۰ بعنوان مقدمہ

جدید کتابوں کے حوالہ جات ہم نے اپنے محترم دوست مولانا محمد ظاہر شاہ صاحب کے فراہم کردہ ایک مجموعہ سے لئے ہیں جو کہ اصل حوالہ جات کے فوٹو اسٹیٹ اور ان کے ترجمہ پر مشتمل ہے یہ مجموعہ بھی اسماعیلی مذہب کی حقیقت معلوم کرنے کے لئے معلومات کا خزانہ ہے۔

اس مجموعہ سے ہم نے جو حوالہ جات نقل کئے ہیں وہ اتنے سہل ہیں کہ جنہیں ایک معمولی لکھا پڑھا شخص بھی آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔

حوالہ جات کی عبارتوں کے متعلق چند ضروری گزارشات

- قدیم کتابوں کے حوالہ جات کے لئے ہم نے ڈاکٹر زاہد علی صاحب کی کتاب کے اقتباسات واوین " " کے درمیان نقل کر دیئے ہیں۔
- اور ان عبارات پر ڈاکٹر صاحب موصوف کے تبصرے بھی (نوٹ) کے عنوان سے واوین " " کے درمیان نقل کر دیئے ہیں۔
- حوالہ جات یا نوٹ کی اصل عبارت میں جس جگہ ہم نے افہام معنی اور توضیح مطلب کے لئے کسی لفظ یا فقرہ کا قوسین ( ) کے درمیان اضافہ کیا ہے تو ساتھ ہی اُس لفظ یا فقرہ پر " از اصغر علی لکھ دیا ہے تاکہ واضح رہے کہ یہ لفظ یا فقرہ میری جانب سے ہے۔
- ہم نے جہاں زاہد علی کی کتاب کا اقتباس اُن کے عنوان سمیت نقل کیا ہے وہاں واوین عنوان کے شروع میں لگائی ہیں اور جہاں اُن کا عنوان نہیں لیا گیا یا وہاں عنوان نہیں تھا بلکہ ہم نے عنوان لگایا ہے وہاں ہم نے عنوان کو چھوڑ کر حوالہ کی عبارت کے شروع میں واوین لگائی ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

- ہم نے جس جگہ اپنی طرف سے کوئی مستقل (نوٹ) لکھا ہے وہاں بھی از اصغر علی لکھدیا ہے
- ڈاکٹر زاہد علی صاحب نے اپنے اسمٰعیلی ہونے کی وجہ سے جہاں ہمارے امام، ہمارے مذہب، ہمارے عقائد، ہمارے پیشوا، ہماری کتابوں وغیرہ لکھا تھا ہم نے اقتباس میں اُسے اسماعیلی امام، اسماعیلی مذہب، اسماعیلی عقائد، اسمٰعیلی پیشوا، اسمٰعیلی کتابوں وغیرہ لکھدیا ہے یہ بات زیادہ تر اقتباس کے شروع میں ہے اور کہیں کہیں درمیان عبارت بھی ہے۔
- "اجمالی تبصرہ" ہمارا اور ڈاکٹر زاہد علی صاحب کا مشترک تبصرہ ہے۔
- جدید کتابوں کے حوالہ جات کے عنوان، سب ہمارے تجویز کردہ ہیں سوائے حوالہ نمبر ۴۴ ۔ ۴۷ ۔ ۵۲ ۔
- تین چار جگہ ڈاکٹر صاحب کے حوالہ جات میں مشکل لفظ تھے وہاں ہم نے اُن کا مترادف لکھدیا ہے
- آخر میں جناب ڈاکٹر زاہد علی صاحب کی بات دوہراتا ہوں یعنی کہ تمام مسائل پر گہری نظر ڈالیں تاکہ ناظرین کرام پر اسماعیلیت کی حقیقت کھل جائے۔

حررہٗ اصغر علی

دارالعلوم کراچی ۱۴

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اسمٰعیلی یعنی آغاخانی فرقے کے بارے میں اوّلاً ہم ان کی قدیم وجدید معتبر کتابوں سے ان کے عقائد ونظریات بیان کریں گے تاکہ مسلمان عوام وخواص اُن کے مذھبی نظریات کے آئینہ میں اُن کی صحیح تصویر دیکھ سکیں اور ثانیاً استفتاء ھذا کے اصل سوالات کا جواب تحریر کیا جائے گا ۔ وباللہ التوفیق ۔

(نوٹ) ہم نے حوالہ جات پیش کرتے وقت اسماعیلیوں کے جملہ قدیم وجدید پیشواؤں کے نام پورے القاب وآداب کے ساتھ ذکر کئے ہیں کیونکہ ہمارا مقصد سادگی اور شائستگی کے ساتھ حوالے پیش کرنا ہے نہ کہ ناموں کو بگاڑنا یا ان کی بے حرمتی کرنا ، قدیم کتابوں کے حوالوں کے لئے یہاں سے ڈاکٹر زاہد علی کی کتاب " ہمارے اسمٰعیلی مذہب کی حقیقت اور اس کا نظام " کے اقتباسات شروع ہوتے ہیں ۔ اصغر علی دار العلوم کراچی ۔

" عقل اول یا عقل عاشر یا امام زمان کا خدا تعالیٰ کے اوصاف سے موصوف ہونا

(اسماعیلیوں کے ہاں) باری تعالیٰ کے تمام اوصاف ونعوت سے باری تعالیٰ مراد نہیں بلکہ عقل اول یا عقل عاشر یا امام الزمان موصوف ہیں یہاں تک کہ آیات کریمہ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الحی القیوم ، ھو اللہ الخالق البارئ المصوّر میں " اللہ " سے مراد عقل اوّل یا امام الزمان ہیں (اسمٰعیلیوں کے پیشوا) مولانا معز فرماتے ہیں کہ لا الٰـهَ اِلا اللّٰهُ کی تفسیر لا امام الامام الزمان ہے (تاویل الشریعۃ من کلام الامام مولانا معز ص۴) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب ص۲۵

" شھد اللہ انہ لا الٰـهَ الا ھُوَ میں " اللہ " سے اشارہ عقل اول کی طرف ہے " سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ والارض وَھُوَ العَزِیزُ الحکیم ، لہ ملک السمٰوٰت والارضِ یحیی وَیمیت وَھُوَ عَلٰی کل شیٔ قدیر ، ھو الاوّل و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الآخر والظاھر والباطن وھو بکل شئ علیم ۔ ھو الذی خلق السمٰوٰت والارض فی ستۃ ایام ثم استوی علی العرش یعلم مایلج فی الارض ومایخرج منھا ومایـنزل من السماء ومایعرج فیھا وھو معکم اینما کنتم واللہ بما تعملون بصیر لہ ملک السمٰوٰت والارض والی اللہ ترجع الامور " یہ آیات عقلِ اول ہی سے مخصوص ہیں (کنز الولد صفحہ ۱۰۲) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صـ۲۶)

" واذ قال ربک للملٰئکۃ " میں "رب" سے مقصود "امام مستقر" ہے ۔

(قصۂ آدم از قاضی نعمان بن محمد فصل ۱۵) بحوالہ ہمارا اسماعیلی مذہب اور اس کا نظام صـ۲۶)

۲ ۔ حضرت علی کا خدائی صفات سے موصوف ہونا ۔ (اسماعیلیوں کی کتابوں میں) " یہ کلام حضرت علی سے منسوب کیا گیا ہے ۔ " انا وجہ اللہ وانا ید اللہ الباسطۃ علی الارض انا جنب اللہ الذی یقول فیہ القائلون واحسرتاہ علی مافرطت فی جنب اللہ ۔ انا الاول والآخر وانا الظاھر والباطن وانا بکل شئ علیم وانا الذی رفعت سماءھا وانا الذی دحوت ارضھا وانا الذی انبت اشجارھا وانا الذی اجریت انھارھا " معاصم الھدیٰ از احمد حمید الدین کرمانی المجالس المستنصریۃ ۔ "بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صـ۲۷ "

قال مولانا علی انا نقلت لادم ونوح وموسیٰ وعیسیٰ وانا نبأت النبیین وانا ارسلت المرسلین

(انوار اللطیفہ از محمد بن طاہر بن محمد بن ابراھیم سراوی ۔ ۳ باب ۴) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صـ۲۸

۳ ۔ عالم الغیب والشھادۃ سے مراد (امام) قائم القیامۃ ہیں ۔ عالم الغیب والشہادۃ سے مراد (امام) قائم القیامۃ ہیں جو قیامت کے روز سب سے حساب لیں گے ۔ (تاویل الزکوٰۃ از سیدنا جعفر بن منصور الیمن صـ۱۲۴ ، کتاب الافتخار از ابو یعقوب سجستانی صـ۱۲۴) "

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(ان ہی کتابوں میں مزید لکھا ہے کہ امام قائم القیامۃ حساب لینے کے بعد) اہل جنت کو جنت میں اور اہل نار کو جہنم میں بھیجیں گے۔

"وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ" میں "علیم" سے مقصود "قائم القیامۃ" ہیں۔
(راحۃ العقل فی آخر الشرع الرابع عشر من السور السابع)

وقولہ "اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیْمًا خَبِیْرًا" اشارۃ الی القائم الذی ہو القیم عن اللہ ثم ابتداء فقال "واعبدوا اللہ ولا تشرکوا بہ شیئاً" اشارۃ الی الامام علیہ السلام لانہ ھو اللہ البارئ البرایا تبارک عن ان یکون لہ شبیہ وشریک لکنہ ھو القائم عن اللہ وداعی الخلق الی عبادتہ۔

ترجمہ:۔ تم خدا کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو" یہ اشارہ ہے امام یعنی حضرت علیؑ کی طرف کیونکہ وہی اللہ ہیں اور مخلوقات کے پیدا کرنے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ منزہ ہے اس بات سے کہ اس کا کوئی شبیہ یا شریک ہو لیکن امام ہی قائم ہیں اللہ کی طرف سے اور وہ مخلوقات کو اپنی عبادت کی طرف دعوت دیتے ہیں۔ (تاویل سورۃ النساء از جعفر بن منصور الیمن ص۴۸)

(بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص۲۷، ۲۸)

۴۔ اسماعیلیوں کا ہر ایک امام "عالم الغیب والشھادۃ" ہوتا ہے | "قولہ مایکون من نجوی ثلثۃ الا ھو رابعھم" ـــــ فاعلم ان ھذہ الاوصاف واقعۃ علی کل ایام لانہ عالم بما کان ومایکون لقول مولنا الصادق جعفر بن محمد لبعض شیعۃ استحوا منا فی مغابنا کما تستحیون منا فی محضرنا فانا نعلم سرکم ونجواکم۔ واللہ ما یدخل الداخل منکم علینا الا ونعرفہ، اھو مومن صادق ام منافق کاذب۔ (الشموس الزاھرۃ از حاتم بن ابراھیم ص۱۰۱)

(بحوالہ ہمارا اسماعیلی مذہب اور اس کا نظام ص۲۹)

۵۔ اسماعیلی تفسیر قرآن کا نمونہ | "سئل الصادق عن صفۃ الرب فقال خمس کلمات:۔ اللہ احد، محمد الصمد، فاطمۃ لم تلد الحسن، ولم یولد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحسین ، ولم یکن لامیر المومنین علی بن ابی طالب کفواً احد۔
وقول الصادق ھذا اشارۃ الی الوھیتھم فامّا النواسیت فھی مولودۃ

ترجمہ:۔ مولانا صادق سے کسی نے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ کی کیا صفت ہے؟ آپ نے فرمایا پانچ کلمے ہیں " اللہ ایک ہے ، محمد بے نیاز ہیں ، فاطمہ سے حسن پیدا نہیں ہوئے اور نہ حسین کسی سے پیدا ہوئے ۔ اور نہ کوئی امیر المؤمنین علی بن ابی طالب کا ہمسر ہے " امام صادق کا یہ جواب ان حضرات کے " خدا ہونے " کی طرف اشارہ ہے باقی رہے نواسیت سو وہ تو پیدا ہوئے ہیں (الشموس الزاھرۃ از حاتم بن ابراھیم)

(بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص ۳۶)

۶۔ اللہ تعالیٰ ستر شکلوں میں ظاہر ہوتے ہیں اور آئمہ کرام مختلف لوگوں کے روپ اختیار کر سکتے ہیں اور مختلف بہروپ بھرتے رہتے ہیں ۔

" وانما یظھر اللہ نفسہ فی سبعین ھیکلاً وھو معنی قولہ تعالیٰ ھل ینظرون الّا ان یاتیھم اللہ فی ظلل من الغمام والملٰئکۃ " وَ اجلّ ھیاکلہ یعنی البیوت الرسل والائمۃ والامام اجل ھیاکلھم والرسل والائمۃ ھم الحجب للہ یحتجب بھم ، واول حجاب احتجب بہ الباری تعالےٰ ھو آخر ما یظھر لاولیائہ وھو معنی قولہ ھو الاول والاخر وظھر الصادق فی صورۃ کالقمر وظھر فی صورۃ فاطمۃ و فی صورۃ محمدؐ ثم التفت عن یمینہ فی صورۃ الحسن وعن یسارہ فی صورۃ الحسین ورجع الی صورتہ وقال ھذا کلہ واحد بلسان واحد ینطق ویتصور کیف یشاء بقدرۃ ربّ العلمین وظھر فی صورۃ الانزعیۃ ورجع الی صورتہ لجابر بن عبداللہ الانصاری قال یا جابر ایحتمل عقلک ھذا ؟ ھذہ قمیصتی وملابسی فی کل وقت وزمان ۔ (زھر المعانی ص ۴۵-۵۴)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ :- بے شک اللہ تعالیٰ اپنے آپ کو ستر ھیکلوں (یعنی شکلوں) میں ظاہر کرتا ہے یہی تفسیر ہے اللہ تعالیٰ کے قول کی کہ " کیا یہ لوگ منتظر ہیں کہ اللہ تعالیٰ بادلوں کا چھتر لگائے ، فرشتوں کو ساتھ لئے ان کے سامنے آموجود ہو " سب سے بڑی ھیکل (یعنی شکل) یعنی "بیوت" انبیاء و مرسلین اور ائمہ ہیں ۔ ان میں سب سے بڑی ھیکل یعنی شکل جس میں خدا تعالیٰ ظہور کرتا ہے، امام ہے ۔ ائمہ اور رسل سب اللہ کے حجاب یعنی پردے ہیں جن میں وہ پوشیدہ ہوتا ہے ۔ پہلا وہ پردہ جس میں اللہ تعالیٰ چھپا وہی وہ پردہ ہے جو آخرت میں اس کے اولیاء کے لئے ظاہر ہوگا یہی ہیں معنی اس قول هوالاول والاخر کے ۔ امام جعفر صادق ایک صورت میں جو چاند سی تھی ، ظاہر ہوئے اور آپ حضرت فاطمہ کی صورت میں ظاہر ہوئے اور محمدؐ کی صورت میں بھی ظاہر ہوئے پھر آپ اپنے دائیں جانب حسنؑ کی صورت میں اور بائیں طرف حسینؑ کی صورت میں پھرے ۔ پھر آپ نے اپنی اصلی صورت اختیار کر لی اور فرمایا " یہ سب ایک ہی چیز ہیں جو ایک ہی زبان بولتی ہیں اور رب العالمین کی قدرت سے جس طرح چاہتی ہیں صورت اختیار کر لیتی ہیں "

پھر آپ صورت انزعیہ (یعنی حضرت علی کی صورت) میں ظاہر ہوئے اور جابر بن عبداللہ انصاری کے لئے پھر اپنی صورت کی طرف لوٹ گئے (یعنی اپنی اصلی شکل اختیار کر لی) پھر آپ نے فرمایا اے جابر ! کیا تیری سمجھ میں یہ بات آسکتی ہے ؟ یہ ہر وقت اور ہر زمانے میں میری قمیصیں اور لباس ہیں " (بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص۳۹)

اسمٰعیلیوں کی مشرکانہ دعاؤں کا ایک انوکھا نمونہ

" یا محمداہ ، یا محمداہ یا محمداہ انی استجیر بک فاجرنی وانی استعین بک فاعنّی وانی اتوکل علیک فلا تخذ لنی وانی اتوسل بک الی عاشر العقول وبک وبہ الی جمیع العقول الابداعیۃ وبک وبھم الی من جلت قدرتہ وعظمت مشیتہ ان یصلی علیک وعلیھم اجمعین "

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ:- اے محمد! اے محمد! اے محمد! بے شک میں تجھ سے پناہ کا خواستگار ہوں تو مجھے پناہ دے اور بے شک میں تجھ سے مدد مانگتا ہوں تو مجھے مدد دے اور بے شک میں تجھ پر توکل کرتا ہوں تو مجھے تنہا بے پناہ نہ چھوڑ میں تیرے وسیلے سے عقل عاشر کی طرف متوجہ ہوتا ہوں اور آپ کے اور اس کے وسیلے سے تمام عقول ابداعیہ کی طرف متوجہ ہوں اور آپ کے اور ان کے وسیلے سے اُس ہستی کی طرف متوجہ ہوتا ہوں جو کہ بڑی قدرت اور مشیت کا مالک ہے (اور دعا کرتا ہوں کہ) وہ تجھ پر اور ان سب پر درود بھیجے۔ (صحیفۃ الصلوٰۃ ص۱۰۴)

بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص۴۶)

۸- اسماعیلیوں کی مشرکین عرب کی دعاؤں سے ملتی جلتی دُعا بوقت ذبح حیوان عقیقہ

"بسم اللہ وبسم رسول اللہ وبسم امیر المومنین علی بن ابی طالب وبسم مولاتنا فاطمۃ الزہراء وبسم مولانا الحسن وبسم الطیب ابی القاسم امیر المومنین صلوات اللہ علیہم اجمعین۔ (صحیفۃ الصلوٰۃ عقیقہ کی دُعا ص۹۷)

(بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص۴۷)

۹- اسماعیلیوں کے نزدیک یہود و نصاریٰ اور بت پرست مشرک نہیں بلکہ حضرت علی کی ولایت میں کسی کو شریک ماننے والے مشرک ہیں

"اسماعیلی دعوت کی کتابوں میں اکثر مقامات پر یہ کہا گیا ہے کہ "الشرک فی الحدود لا فی المعبود"

یعنی حدود دین کے بارے میں شرک ہو سکتا ہے معبود میں نہیں ہو سکتا۔" بحوالہ اسماعیلی مذہب ص۲۹

(نوٹ) اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ذات و صفات میں کسی کو شریک و سہیم ماننے والا شخص مشرک نہیں بلکہ (ان کے) (امام کی بجائے دوسرے کو امام تسلیم کرنے والے مشرک ہیں۔ راصغر علی

"مولانا جعفر صادق نے فرمایا کہ آیت کریمہ:- ویل للمشرکین الذین لا یؤتون الزکوٰۃ۔ میں مشرکین وہ افراد ہیں جنہوں نے حضرت علی کی ولایت میں شرک کیا۔" کتاب الکشف ص۱۳

(بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص۲۹)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"سید نامؤید اپنی ایک مجلس میں فرماتے ہیں کہ یہود شرک سے بری ہیں کیونکہ باری تعالیٰ کے متعلق ان کا اور مسلمانوں کا عقیدہ ایک ہی ہے۔ نصاریٰ مشرک نہیں کہے جا سکتے۔ اگرچہ وہ تین کو ملا کر ایک کہتے ہیں۔ ثنویہ بھی مشرکین میں شامل نہیں کیونکہ وہ ضد کے قائل ہیں اور ضد غیر شریک ہے اب صرف عبدۃ الاصنام یعنی بتوں کی پوجا کرنے والے باقی رہ گئے یہ لوگ عقلاء مکلفین میں ہی داخل نہیں ہیں کہ ان کو مشرکین کہا جا سکے۔ کلام مجید میں مشرکین کا ذکر تو ہے لہٰذا ان کا وجود ہونا چاہیئے اس لئے مشرک وہ ہے جو رسول ہونے کا دعویٰ کرے اور وہ رسول نہ ہو یا جو وصی ہونے کا دعویٰ کرے اور وہ وصی نہ ہو اور یہی شرک صحیح ہے۔

ذرنی والمکذبین سے وہ افراد مراد ہیں جنہوں نے حضرت علی کی ولایت کو جھٹلایا (شرح الاخبار ص ۶۲) ہمارا اسمٰعیلی مذہب ص ۴۹

"**لئن اشرکت لیحبطن عملک**" کی تفسیر (اسماعیلیوں کے ہاں) یہ ہے کہ اے رسول! اگر تم نے کسی اور کا تقرر کر کے اسے علی کے ساتھ امر خلافت میں شریک کیا تو آپ کے اعمال برباد ہو جائیں گے۔ بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب بتفسیر پیر ص ۵۰

"۱۰۔ (اسماعیلیوں کے ہاں) حضرت آدم اور ان کی حقیقت | ہمارے دور ستر کے پہلے پہلے ناطق (رسول) یا مستودع تخوم بن نجلاح ہیں جن کا نام عبداللہ ہے لیکن یہ عام طور پر آدم کے نام سے مشہور ہیں ان کو دور کشف کے آخری مستقر امام ہنید نے قائم کیا اسی وجہ سے یہ آدم کے مقیم کہے جاتے ہیں (سرائر النطقاء از جعفر بن منصور الیمن ص ۲۹ اور ص ۶۴ حضرت آدم کے قصے کی تاویل بھی ملاحظہ فرمائیے)۔

جب انہوں نے دیکھا کہ دین میں فترت (سستی از اصفر علی) واقع ہو گئی ہے اور لوگ ان کی طاعت سے پھرتے جاتے ہیں اور ان میں یہ صلاحیت باقی نہیں رہی کہ انہیں عام طور پر کھلم کھلا علم باطن کی تعلیم دی جائے تو انہوں نے دور ستر کی تمہید شروع کی یعنی خود بھی چھپ گئے اور علم باطن کو بھی عام لوگوں سے چھپا دیا اور اپنی دعوت کے حدود (یعنی ارکان) میں سے جن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی تمثیل مٹی سے دی گئی ہے ایک حد کو اپنا نائب مقرر کیا اور اسے یہ حکم دیا کہ وہ ظاہری شریعت کی طرف تمام لوگوں کو دعوت دے لیکن علوم باطن یا تاویل چند خاص لوگوں کے سوا جو اس کے مستحق ہوں کسی کو نہ بتائے آدم کی پیدائش کی یہی تفسیر ہے۔ آیت کریمہ ، واذ قال ربك للملئكة اسجدوا لآدم فسجدوا الا ابليس " میں "رب" سے امام مستقر مراد ہے جنہوں نے ملئکہ یعنی اپنے حدود سے کہا کہ میں آدم کو تمہارا صدر مقرر کرنے والا ہوں تم ان کی اطاعت کرو۔ حضرت آدم کا بڑا دشمن شیطن جو باطنی دعوت میں شریک تھا اُس نے انہیں علم ظاہر کے ساتھ علم باطن بھی لوگوں کو بتائے اور قائم القیامۃ کے رتبے پر کچھ روشنی ڈالنے کی رغبت دلائی ان سے یہ کہا کہ اگر وہ ایسا کریں تو ان کا مشن ترقی کرے گا اور ان کی دعوت میں لوگ کثرت سے داخل ہوں گے یعنی اس درخت کے پھل کھانے کی رغبت دلائی جس کے استعمال کی امام مستقر نے ممانعت کی تھی حضرت آدم دھوکے میں آگئے اور علم باطن کے چند نکتے عوام پر ظاہر کر دیئے گئے ——— اس جرم کے سرزد ہوتے ہی وہ اپنی جنت یعنی باطنی دعوت سے نکال دیئے گئے۔ اور ظاہری دعوت کے صدر مقرر کیے گئے۔ اس زمانے سے علم باطن کی تعلیم کے لئے آدم نے اپنے وصی ہابیل کو مقرر کیا۔ دور ستر میں ظاہری شریعت کا معلم ناطق یعنی رسول ہوتا ہے اور باطنی شریعت کا معلم اساس یعنی وصی ہوتا ہے دور کشف میں اس تقسیم کار کی ضرورت نہیں پڑتی۔ جیسا کہ ہم اس سے پہلے بیان کر چکے ہیں کیونکہ اس وقت ظاہری شریعت یعنی اعمال مرتفع ہو جاتے ہیں محض باطنی شریعت یعنی علم باطن باقی رہ جاتا ہے۔ (سرائر النطقا از سید جعفر بن منصور الیمن ص ۲۹، ص ۶۲)

(بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص ۵۷)

(نوٹ) اسمٰعیلی فرقہ پیغمبروں کے معجزات اور خوارق کا قائل نہیں کیونکہ ان کے نزدیک یہ سب غیر فطری باتیں ہیں اس لئے انہوں نے پیغمبروں کے تمام معجزات اور خوارق عادت حالات کی تاویل بد تحریف کر ڈالی اور یوں معجزات تسلیم نہ کرنے کا ایک راستہ تلاش کر لیا۔ اس کے لئے ملاحظہ ہو اساس التاویل از قاضی نعمان بن محمد۔ از اصغر علی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۱ - آنحضرت صلعم کے بعد اجرا نبوت جدیدہ اور نسخ و تعطیل شریعت محمدیہ کا عقیدہ

"حضرت آدم کے بعد آپ کے قائم مقام آپ کے وصی ہابیل ہوئے۔ ہابیل نے دعوت باطن کے لئے اپنا ایک مددگار مقرر کیا جسے حجت کہتے ہیں اور جو آپ کے بعد آپ کے جانشین ہوئے اسی طرح آپ کے دور میں یکے بعد دیگرے ائمہ ہوتے رہے یہاں تک کہ ناطق ثانی (یعنی رسول ثانی) حضرت نوح کا دور آیا جن کو آپ کے زمانے کے مستقر امام مولنا ہود نے قائم کیا آپ کے وصی مولانا سام تھے آپ کے دور کے بعد ناطق ثالث (یعنی تیسرے رسول) حضرت ابراھیم کا دور شروع ہوا آپ اپنے دور کے مستقر امام بھی تھے گویا آپ مستقر امام بھی ظاہر ہو گئے اسی وجہ سے یہ کہا جاتا ہے کہ حضرت ابراھیم چاروں مراتب نبوت رسالت، وصایت اور امامت کے مالک تھے آپ نے حضرت اسحٰق کو ظاہری شریعت کے لئے اور حضرت اسمٰعیل کو باطنی شریعت کے لئے قائم کیا۔ وفدیناہ بذبح عظیم کی یہی تفسیر ہے۔ آپ کے دور کے بعد ناطق رابع (یعنی چوتھے رسول) حضرت موسیٰ کا دور شروع ہوا جو مستقر امام نہ تھے آپ کے مقیم مولنا الّا اور آپ کے وصی مولانا ہارون تھے آپ کے دور کے بعد ناطق خامس (یعنی پانچویں رسول) حضرت عیسیٰ کا دور شروع ہوا جن کے مقیم مولانا خزیمہ اور وصی شمعون باصفا تھے آپ کے دور کے بعد ناطق سادس (یعنی چھٹے رسول) آنحضرت صلعم کا دور شروع ہوا آپ کے مقیم مولینا ابوطالب اور وصی مولینا علی تھے آپ کے دور کے بعد ناطق سابع (یعنی ساتویں رسول) مولنا محمد بن اسمٰعیل کا دور شروع ہوا جو دور روحانی اور قائم کا دور تھا۔ یہ سب انبیاء اس وجہ سے نطقاء کہے جاتے ہیں کہ ان میں سے ہر نبی نے اپنے پیش رو نبی کی شریعت کو معطل یعنی منسوخ کر کے ایک جدید شریعت وضع کی چنانچہ مولانا محمد ابن اسمٰعیل نے شریعت محمدی کے ظاہر کو معطل کر کے باطنی شریعت جاری کی جیسا کہ آئندہ معلوم ہو گا۔ (دیکھئے اساس التاویل مولفہ سیدنا قاضی نعمان از ابتدائے قصہ آدم اور بالخصوص کتاب الکشف ص ۱۵۲ کی یہ عبارت ملاحظہ ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الناطقاھم الذین ینطقون بالتنزیل والشرائع فھم آدم و نوح وابراھیم وموسیٰ وعیسیٰ ومحمد وھو احمد ومحمد المھدی الناطق السابع فھم بیوت وحی اللہ "

(بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص۵۸، ۵۹)

۱۲ - موجودہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی کتاب نہیں بلکہ صحابہ وغیرہ کی تصنیف ہے

سیدنا قاضی نعمان اور باب الابواب سیدنا حمید الدین کرمانی دونوں کا اس امر پر اتفاق ہے کہ حضرت علی نے آنحضرت کی وفات کے کچھ ہی بعد قرآن مجید جمع کر کے لوگوں کے روبرو پیش کیا لیکن دشمنی کی وجہ سے اسے قبول نہیں کیا گیا اور کہا گیا کہ ہمارے پاس جو کلام اللہ ہے وہ کافی ہے آپ اپنا نسخہ واپس لے گئے اور یہ فرمایا کہ اب قائم کے سوا اسے کوئی نہیں کھولے گا سیدنا جعفر بن منصور الیمن ایک طویل بحث میں فرماتے ہیں جس طرح یہود و نصاریٰ نے اصلی تورات و انجیل کو چھوڑ کر اپنی رائے اور قیاس سے علیحدہ کتابیں جمع کر لیں مسلمانوں نے بھی اسی طرح کیا - رسولِ خدا صلعم نے کلام اللہ جمع کر کے اسے اپنے اصحاب کے سامنے اپنے وصی کے سپرد فرمایا یہ لوگ اس سے بے پرواہ ہو گئے اور اپنے قیاس و رائے سے ایک الگ قرآن مجید جمع کیا اس کے بعد خلیفہ ثالث نے شیخین کا جمع کیا ہوا نسخہ جلا ڈالا اور ایک دوسرا نسخہ تیار کیا پھر حجاج آیا اور اس نے خلیفہ مذکور کے نسخے کو لے کر آگ میں جھونک دیا اس کے بعد اس میں سے جو چاہا نکال دیا اور ایسی کتاب تالیف کی جو اب ان کے پاس موجود ہے (دیکھئے اساس التاویل فی ذکر وصی رسول اللہ، معاصم الھدیٰ از سیدنا حمید الدین کرمانی ص۱۰۲ - سرائر النطقاء ص۱۰۶، ۱۰۷)

(بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص۵۸ بعنوان مقدمہ)

۱۳ اللہ تعالیٰ کے تمام اوصاف مثلاً خالق، مالک، رزاق وغیرہ مجازی ہیں حقیقت میں یہ اوصاف امام الزمان کے ہیں -

اسمٰعیلی نقطہ نظر اور اعتقاد کے لحاظ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے اللہ تعالیٰ کے تمام اوصاف مثلاً خالق، مالک، رزاق وغیرہ مجازی (یعنی برائے اصطلاحی نام) ہیں حقیقت میں وہ عقل اوّل پر صادق آتے ہیں جو عالم روحانی کا پہلا موجود ہے عالم جسمانی میں ان اوصاف و نعوت سے امام الزمان موصوف ہوتے ہیں کیونکہ وہ اس عالم میں عقل اول کے مقابل ہیں یہاں تک کہ " اللہ " کا لفظ بھی جیسا کہ آئندہ معلوم ہوگا عقلِ اول اور امام پر اطلاق کیا جاتا ہے اس لئے ذات باری تعالیٰ کو مبدع یا غیب بلکہ غیب الغیوب کہتے ہیں اسے کسی وصف سے موصوف کرنا گویا اس کی ذات میں کثرت ثابت کرنا ہے جو شرک کا مترادف ہے " (باری تعالیٰ سے صفات سلب کرکے اوروں کو ان صفات سے موصوف کرنے کا یہ انوکھا استدلال ہے از اصغر علی) (حوالہ کیلئے ملاحظہ ہو، کنز الولد از سیدنا ابراھیم بن الحسین الحامدی ص ۴۵۶، ص ۴۵۷ فصل بعنوان، عقل اول یا عقل عاشر یا امام الزماں کا خدا تعالیٰ کے اوصاف سے موصوف ہونا) اسمٰعیلی مذہب ص ۱

" مولانا محمد باقر سے روایت کی جاتی ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ " عالم " ہے لیکن اس معنی سے کہ وہ جسے چاہتا ہے اسے علم کی دولت بخش کر عالم بناتا ہے نہ اس معنی سے کہ یہ صفت خود اس کی ذات سے قائم ہے ۔ (ملاحظہ ہو راحۃ العقل) اسمٰعیلی مذہب ص ۲

۱۴۔ اسماعیلیوں کے ہاں عقل اوّل کا مقام و مرتبہ

" (اسماعیلی عقائد کے اعتبار سے) تمام موجودات کی علت اُولیٰ اور محرک اُولیٰ " موجود اوّل " ہے جس کا نام " عقل اوّل " ہے اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس نے اپنی ذات کو پہچان لیا یہی ملک مقرب اور اسم اعظم ہے بلکہ یہی خالق اور باری اور مصوّر ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ۱۔ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ (اسماعیلی) شریعت کی اصطلاح میں اسے عقل نہیں کہتے بلکہ قلم کہتے ہیں ۔ (فلاسفۂ یونان کی تقلید کرتے ہوئے اسماعیلیوں نے یہ عقیدہ اختیار کر لیا کہ) چونکہ باری تعالیٰ کی ذات میں کسی قسم کی نہ تو کثرت ہے اور نہ ترکیب اس لئے اس سے صرف عقلِ اوّل ہی کا صدور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوا جو ایک ہی ہے۔ اگر باری تعالیٰ ایک ہوتا تو اس سے دو موجود صادر ہوتے کیونکہ ایک کے بعد دو کا رتبہ ہے۔ (حاصل یہ کہ واحد یعنی ایک ہونا بھی اللہ تعالیٰ کی صفت نہیں، از اصغر علی) " بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صـ۲

(نوٹ) حکمائے یونان بھی بقول " لایصدر عن الواحد الا الواحد " موجودات کا نظام تخلیق ایسے ہی بتایا ہے (جو کہ ان کے لامذہب دماغ کی ایجاد ہے از اصغر علی)

(بحوالہ حاشیہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صـ۳)

(حوالہ کیلئے مندرجہ ذیل عبارت غور سے پڑھئے۔ المبدع الاول۔ الناطق (المصور) المنبعث الاول، الاساس (الباری) (الموجد الثالث۔ الامام (الخالق) فجمع اللہ تعالیٰ المراتب الثلاثۃ فی ایتہ واحدۃ ونسبہا الی الاول فقال ھو اللہ الخالق البارئ المصورئ لہ الاسماء الحسنیٰ ای لہ المراتب الثلاثۃ التی دون ذلک (راحۃ العقل المشرع السادس من السور السابع) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب صـ۳

۱۵۔ عبدالمطلب اور ابوطالب پیغمبر تھے بلکہ پیغمبر گر اور رسول ساز تھے | "آنحضرت صلعم کے دادا مولانا

انہوں نے ہی آنحضرت صلعم کو پیغمبری بخشی تھی

عبدالمطلب حضرت ابراھیمؑ کی ذریت سے ہیں آپ بھی حضرت ابراھیم کی طرح حضرت عیسٰی کے دور میں مستقر امام تھے یعنی آپ میں نبوت، رسالت، وصایت اور امامت چاروں مراتب جمع تھے آپنے اپنے دو فرزندوں مولانا عبداللہ اور مولانا ابوطالب کو خدا کے امر و وحی سے الگ الگ رتبے دیئے پہلے کو نبوت و رسالت کے رتبے دے کر ظاہری دعوت کا صدر بنایا اور دوسرے کو وصایت و امامت کا درجہ دیکر باطنی دعوت کا رئیس مقرر کیا۔

(کنز الولد صـ۴۹۶، الانوار اللطیفہ فصل ۵ باب سرادق ۳ بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب صـ۶۳)

" مولانا عبداللہ کے انتقال کے وقت آنحضرت صلعم پیدا نہیں ہوئے تھے اسی لئے مولانا عبدالمطلب نے اپنے فرزند مولانا ابوطالب پر نص کر کے انہیں آنحضرت صلعم کا کفیل بنایا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسی وجہ سے مولانا ابوطالب "ذوالکفل" کہلاتے ہیں تاکہ آپ اپنے انتقال کے وقت نبوت ورسالت کا رتبہ آنحضرت صلعم کے سپرد کردیں۔ مولانا ابوطالب نے خدیجہ بنت خویلد، میسرہ بحیرا (راہب) اور ورقہ کو در حجت کے رتبے میں قائم کیا آپ کے بارہ نقیب نہ تھے کیونکہ کیونکہ آپ صاحب ولیت یعنی صاحب امانت تھے جیسا کہ حضرت موسیٰ کے دور میں ہوا۔ موسیٰ یوشع بن نون کو اپنے فرزند ہارون کے لئے جو سن بلوغ کو نہیں پہنچے تھے مستودع بنایا۔ (سرائر النطقاء ص ۱۳۸ تا ص ۱۴۰) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص ۶۳ ص ۶۴)

مولانا ابوطالب نے نبوت ورسالت کا رتبہ آنحضرت صلعم کو اور وصایت اور امامت کا درجہ مولانا علی کو دیا۔ مولانا عبداللہ کے قائم مقام آنحضرت صلعم اور مولانا ابوطالب کے جانشین مولانا علی ہوئے۔ ایک دوسری روایت میں یہ ہے کہ مولانا عبداللہ نے اپنے انتقال کے وقت اپنے والد مولانا عبدالمطلب کو آنحضرت صلعم کا کفیل بنایا تاکہ وہ اپنے بعد نبوت ورسالت کا عہدہ آنحضرت کے سپرد کردیں۔ (کنز الولد ص ۲۹۶)

بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص ۶۴

"مولانا ابوطالب کی شان عظمت وجلالت اس سے ظاہر ہے کہ آپ میں بھی مولانا عبدالمطلب کی طرح چاروں مراتب جمع ہوگئے تھے (الانوار اللطیفہ فصل ۵ باب ۳ سرادق ۳)

(بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص ۶۴)

"آپ نے اپنی حجت حضرت خدیجہ کو آپ کی بعثت کے ایک روز بعد سہ شنبہ کو ظہر کے وقت اللہ تعالیٰ کے امر ووحی سے یہ حکم دیا کہ وہ آنحضرت صلعم اور مولانا علی کو اپنے پانچ "حدود" کے سامنے بلاکر آنحضرت صلعم کو رتبہ وصایت وامامت کے متعلق مولانا علی کے کفیل اور مستودع بنائیں۔ چنانچہ حضرت خدیجہ نے آپ کے حکم کے متعلق عمل کیا اور شرح وبسط سے آنحضرت صلعم کے سامنے کہا کہ مولانا علی آپ کے وصی اور آپ کے علم کے وارث ہیں اور آپ کی یعنی مولانا علی کی ذات وہ ہے جس میں چاروں مراتب نبوت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رسالت وصایت اور امامت جمع ہیں ۔

ان یستکفل محمدًا العلی علی رتبۃ الوصایۃ والامامۃ ویستودع فیھما (ومولانا علی) ھوالذی تجتمع الیہ الھواتب الاربع وھو مستقر الباطن

(کنز الولد ص ۵۱۵) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص ۶۴ ص ۶۵)

۱۶ ۔ بحیرا راہب اور چار دیگر آدمی آنحضرت صلعم کے استاد تھے اور خدیجہ آپ کی استانی تھیں جن سے آپ نے تکمیل علوم کی

" پانچ ارکان دعوت جو آنحضرت صلعم اور آپ کے " رب " یعنی مولانا ابوطالب کے درمیان معلموں کی حیثیت سے تھے ان کے نام یہ ہیں :۔

(۱) ابی بن کعب (۲) زید بن عمرو (۳) عمرو بن نفیل (۴) زید بن اُسامہ

(۵) ۔ بحیرا راہب یہ پانچ ارکان ولایت ، طہارت ، صلوٰۃ زکوٰۃ اور صوم کے مقابل ہیں گویا ہر ایک نے آنحضرت صلعم کو ایک رکن شریعت کی تعلیم دی آخر میں آپ نے حضرت خدیجہ سے تعلیم پائی (کنز الولد ص ۴۹۷ ، ص ۵۱۵) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب ص ۶۵

۱۷ ۔ نبی اکرم صلعم غیر معصوم تھے مگر حضرت علی اور باقی سب امام معصوم تھے اور نبی اکرم صلعم سے چار درجے افضل تھے ۔

" سیدنا جعفر بن منصور الیمن کہتے ہیں کہ تمام انبیاء کی حد تنزیل ہے ان کی شریعتوں میں اختلاف اور شبہ پایا جاتا ہے ان سے گناہ سرزد ہوئے کیونکہ انہوں نے ایسے مراتب طلب کئے جن کے وہ مستحق نہ تھے وہ سب غیر معصوم تھے اُن میں آنحضرت بھی شامل ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ خود آپ کو خطاب کر کے فرماتا ہے ۔

انا فتحنا لک فتحا مبینا لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تأخر " بخلاف اس کے آپ کے وصی مولانا علی اور آپ کی نسل سے جتنے ائمہ ہوئے اُن کی حد تاویل ہے جس میں کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ما تری فی خلق الرحمٰن من تفاوت ، انہوں نے ایسے مراتب طلب نہیں کئے جن کے وہ مستحق نہ تھے ۔ یہ سب ملکہ بالفعل اور معصوم ہیں اور چار درجے انبیاء و مرسلین سے افضل ہیں ۔ سیدنا موصوف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے اس مقام پر طویل بحث کی ہے جو تقریباً چھ صفحوں پر مشتمل ہے ان کے بعض حصے بجنسہٖ یہاں درج کئے جاتے ہیں۔ الملئکۃ المقربون ھم الائمۃ المعصومون وھم افضل من الرسل المویدین ۔ لایعصون اللہ ما امرھم ویفعلون مایومرون ۔ والملئکۃ بالفعل ھم المقربون فوق الرسل باربع درجات لان الانبیاء وقعت منھم الذنوب والمعاصی ثم نالتھم التوبۃ والرحمۃ اذ عصیانھم متوجہ الی الطاعۃ فکانوا غیر معصومین بطلبھم مراتب فوق مرابتھم لم یستحقوھا وکان اُسسھم معصومین لانھم لم یطلبوا فوق حدھم کادم وماذکرہ اللہ من عصیانہ ویوسف وموسیٰ وداؤد وما حکی اللہ فی قصۃ نبینا محمد فی قولہ لیغفرلک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تاخر ولیس بین الرسل والملئکۃ مساواۃ فی الحقیقۃ ۔ وکذلک ان الموھنین المعصومین لا تجری علیھم الذنوب کما ان الذنوب لا تجری علی المویدین من الملئکۃ۔

(سراج النطقاء ص ٦٥ ص ٦٦ ۔ بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص ۷۰، ۷۱)

۱۸۔ اقرار ولایتِ علی کے بغیر ہر نیک عمل بے کار ہے حتیٰ کہ جس پیغمبر نے ان کی ولایت کا اقرار نہیں کیا اس سے پیغمبری چھین لی گئی

اسماعیلیوں کی حقائق کی اکثر کتابوں میں یہ ہے کہ

آنحضرت صلعم اسحاقی دور کے صرف مستجبین کے مجمع تھے یعنی اس دور کے مستجبین کی صورتیں آپ میں جمع تھیں اور مولانا علی میں دورِ فرات کے تین ہزار سال اور دورِ ستر کے مولانا ہاشم تک تمام مقامات یعنی حدود عالیہ اور ھیاکل نورانیہ جمع تھے۔ کسی نبی کی نبوت، کسی ولی کا انتخاب، کسی ولی کی امامت اور کسی عامل کا عمل اگرچہ کہ وہ عبادت میں فنا ہو جائے درست نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کے ساتھ مولانا علی کی ولایت نہ ہو جس نبی نے آپ کی ولایت کا اقرار نہیں کیا اس کی نبوت ساقط ہو گئی (یعنی چھین لی گئی) بہر حال کسی عامل کا عمل آپ کی ولایت کے بغیر مقبول نہ ہوگا۔

ان اللہ لا یقبل توبۃ نبی ولا اصطفاؤلی ولا امامۃ وصی ولا عمل طاعۃ من عامل ولو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقطع فی العبادۃ والاجتہاد الا بولایۃ علی بن ابی طالب فمن اتی بغیر ولایۃ علی اسقطت نبوتہ ووصایۃ وصالح عملہ ولا زکاۃ لعمل (سرائر النطقاء از سیدنا جعفر بن منصور الیمن صہ ۳۵ ۔ بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صہ ۷۲)

(نوٹ) سیدنا جعفر بن منصور الیمن، مولانا معز کے باب الابواب تھے اور انہوں نے اسماعیلی دعوت کی اشاعت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صہ ۷۲

۱۹۔ حضرت علی عمر بھر آنحضرت کے ساتھ کار نبوت میں شریک رہے | "آٹھویں داعی مطلق سیدنا حسین بن علی کہتے ہیں کہ آنحضرت صلعم اور مولانا علی دونوں کا مرتبہ اور درجہ ایک تھا ایک کو دوسرے پر کوئی فضیلت نہیں بلکہ دونوں مساوی ہیں جس نے یہ اعتقاد رکھا کہ ایک دوسرے سے افضل ہے اس نے ایک میں غلو کیا اور دوسرے میں تقصیر کی (اے مومنو!) تو یہی اعتقاد رکھ۔ جس کا اعتقاد اس کے خلاف ہو اس پر خدا کی لعنت (المبدأ والمعاد صہ ۳۵) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صہ ۷۳

" دونوں میں مساوات بھی اتنی تھی کہ بقول سیدنا ادریس، مولانا علی آنحضرت کی زندگی تک آپ کے ساتھ رسالت میں بھی شریک تھے اور آپ (یعنی علیؓ) درجہ نبوت پر فائز تھے (زہر المعانی صہ ۳۵)

زہر المعانی کی اصل عبارت ملاحظہ ہو۔

قال رسول اللہ صلعم فلما نلت کمال المراتب رفعت علیاً الی المنزلۃ التی رفعت وساویتہ فی الدرجۃ التی ملکت ــ وقلت ھو منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ عند اکمال ھارون منزلۃ الرسالۃ وقلت ان علیا فی ذلک الوقت قد حاز درجۃ النبوۃ ــــ وھذا تاویل قولی "انہ لا نبی بعدی" کی شرح کی جاتی ہے کہ مولانا علی آنحضرت صلعم کے ساتھ آپ کی زندگی تک کار نبوت میں شریک رہے۔

(بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صہ ۷۳)

۲۰۔ حضرت علی کو نبوت سمیت چار اعلیٰ مراتب تھے۔ | "(مولانا علی) ھو الذی تجتمع

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الیہ المراتب الاربع وھو مستقر الباطن ۔ یعنی حضرت علی میں چاروں مراتب یعنی نبوت، رسالت، وصایت اور امامت جمع تھے اور آپ باطن مستقر ہیں (کنز الولد ص ۵۱۵) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص ۷۳

۲۱۔ مولانا علی غافر خطیئۃ الرسول نفس اللہ اور معبود الملکۃ اھین

اس بارے میں سیدنا جعفر بن منصور الیمن کی یہ تین روایتیں ملاحظہ فرمائیں

(۱) وقد روی عن رسول اللہ صلعم انہ قال علی رؤس الاشھاد وھو آخذ بید علی بن ابی طالب وقد علی بہ المنبر معہ و الناس محدقون بہ فقال بعد حمد اللہ وثنائہ ! ھذا اعلی اخی ـــ والخلیفۃ من بعدی ـ وابو عترتی وساتر عوراتی ومفرج کربتی وغافر خطیئتی (سرائر النطقاء ۔

از سیدنا جعفر بن منصور الیمن ص ۱۲۵ ، ص ۲۰۹

(۲) وروی عن اسد الھجری انہ قال سمعت امیر المؤمنین علی بن ابی طالب یقول فی محضر من شیعتہ واصحابہ ۔ ما آمن باللہ ولا اقر بنبوۃ رسولہ من لم یقر بولایتی وان سلیمن بن داؤد سأل اللہ ان یعطیہ ملکا لا ینبغی لاحد من بعدہ فاجاب اللہ سؤالہ ـــ فاعجب بملکہ فعرضت علیہ ولایتی فتوقف عن ولایتی فسلبہ اللہ ملکہ وابتلاہ بالجسد علی کرسیہ وسقطت نبوتہ اربعین یوما حتی آمن بی واقر بولایتی فرد اللہ علیہ ماسلبہ وکشف عنہ بلاءہ وکذلک داؤد علیہ السلام امر بالحکم بین الناس فحکم واعجب بما صار الیہ فعرضت علیہ ولایتی فتوقف فابتلاہ اللہ بما ذکرہ من بلاء وکذلک یونس عرضت علیہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ولایتی فتوقف فابتلاہ اللہ بالحوت فابتلعہ کما قال اللہ تعالیٰ فلولا انہ کان من المسبحین للبث فی بطنہ الی یوم یبعثون فلما اقر بولایتی وعرفنی خلصہ اللہ مما ابتلاہ ۔ فما من نبی الا وعرضت علیہ ولایتی فمن سارع الی الاجابۃ بالولایۃ کان من المرسلین ومن ابطأ عن الاجابۃ بولایتی والاقرار بی کان غیر مرسل الا ان ولایتی ولایۃ اللہ ۔

وھو قولہ :۔ ھنالک الولایۃ للہ الحق ۔ فھی ولایتی فمن اقربھا فقد اقر باللہ واعترف بوحدانیتہ واقر لمحمد بالنبوۃ و من انکرھا فقد انکر اللہ وکفر بہ وانکر رسولہ ولم یومن بہ وروی عن ابی ذر جندب انہ قال سمعت امیر المؤمنین علی بن ابی طالب وھو یقول انا دین اللہ حقاً وانا توحید اللہ حقاً وانا نفس اللہ حقاً لا یقولہا غیری ولا یدعیھا غیری مدع الا کاذب ۔

(نوٹ) یہ روایت عیسائیت کا چربہ ہے الوہیت کے علاوہ بھی عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں انہوں نے اسی قسم کا غلو کیا ہے ملاحظہ ہو شہرستانی صفحہ ۱۷۲ ۔ قالت النصاریٰ المسیح ھو الذی بہ غفر زلۃ آدم وھو الذی یحاسب الخلق) شہرستانی کی یہ عبارت ہمارے اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام کے صفحہ ۸۱ پر ملاحظہ ہو ۔

(۲) وروی عن رسول اللہ صلعم انہ قال لما عرج بی الی السماء الرابعۃ رأیت علیاً جالساً علی کرسی الکرامۃ والملئکۃ حافون بہ یعظمونہ ویعبدونہ ویسبحونہ ویقدسونہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فلقت لحبیبی جبریل سبقنی اخی علی الی ھذا المقام فقال لی یا محمد ان الملئکۃ شکت الی اللہ تعالیٰ شدہ شوقھا الی علی لعلمھا بعلوہ ومنزلۃ وسئلت النظر الیہ فخلق اللہ ھذا اللک علی صورۃ علی والزمھم طاعتہ فکلما اشتاقو الی علی نظروا الی ھذا فیعبدونہ ویسبحونہ ویقدسونہ وذلک قولہ عزوجل ۔ ھوالذی فی السماء الٰہ وفی الارض الٰہ وھوالحکیم العلیم وقدقال رسول اللہ صلعم النظر الی وجہ علی عبادۃ ۔

(سرائر النطقاء ص ۲۸۲ ، ص ۳۱۳ فی آخر الکتاب)

ترجمہ ۱۔ آنحضرت صلعم سے روایت کی گئی ہے کہ آپ ایک روز منبر پر تشریف لکھتے تھے اور لوگ آپ کو گھیرے ہوئے تھے آپنے برسر عام مولانا علی کا ہاتھ پکڑ کر حمد وثنا کے بعد فرمایا اے لوگو ! ۔ یہ علی میرے بھائی ہیں اور میرے بعد میرے خلیفہ ہیں اور میری عترت کے باپ اور میرے راز کے پردہ پوش اور میری تکلیفیں دور کرنے والے اور میری خطا معاف کرنے والے ہیں

ترجمہ (۲) اسد ہجری سے روایت کیا گیا ہے کہ آپ نے مولانا علی کو اپنے شیعہ کی مجلس میں یہ فرماتے سنا کہ جو میری ولایت کا اقرار نہ کرے وہ مومن نہیں اور نہ وہ آنحضرت کی رسالت کا مقر ہے ۔ بے شک حضرت سلیمان نے اللہ تعالیٰ سے ایک ایسا ملک مانگا جو کسی کو آپ کے بعد سزاوار نہ ہو اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعا قبول فرمائی آپ ملک پر مغرور ہو گئے آپ پر میری ولایت پیش کی گئی لیکن آپنے اس کے ماننے سے توقف کیا اس لئے اللہ تعالیٰ نے آپ سے ملک چھین لیا اور آپ کی کرسی پر دھڑ لا ڈالنے سے آپ کو مبتلا کیا (والقینا علی کرسیہ جسدا) اور آپ کی نبوت چالیس روز تک چھن گئی یہاں تک کہ آپ مجھ پر ایمان لائے اور میری ولایت کا اقرار کیا پھر اللہ تعالیٰ نے جو کچھ آپ سے چھین لیا تھا اسے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واپس کر دیا اور آپ کی بلاء دور کی اس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد کو حکم دیا کہ وہ لوگوں کے درمیان فیصلہ کرے آپ نے فیصلے کئے جس کی وجہ سے آپ مغرور ہو گئے پھر اللہ تعالیٰ نے آپ پر میری ولایت پیش کی آپ نے بھی توقف کیا اس لئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو گرفتار بلا کیا۔ اسی طرح حضرت یونس پر میری ولایت پیش کی گئی آپ نے بھی توقف کیا لہٰذا اللہ تعالیٰ نے مچھلی کے ذریعے آپ پر بلاء نازل کی مچھلی آپ کو نگل گئی جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اگر وہ تسبیح نہ کرتے تو قیامت کے دن تک مچھلی کے پیٹ میں ہی رہتے جب آپ نے میری ولایت کا اقرار کیا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو مصیبت سے نجات دی۔ کوئی نبی ایسا نہیں گزرا۔ جس پر میری ولایت پیش نہ کی گئی ہو۔ جس نے اسے جلد قبول کر لیا۔ وہ مرسلین میں شمار کر لیا گیا اور جس نے اس کے قبول کرنے میں دیر کی اور میرا اقرار نہ کیا وہ غیر مرسل ٹھہرا۔ خبردار! میری ولایت خدا کی ولایت ہے اور یہی معنیٰ ہیں اللہ تعالیٰ کے قول۔

ھنالک الولایۃ للحق کے معنی ہیں والایت خدائے برحق ہی کو ہے جس نے اس کا اقرار کیا اس نے خدا کی وحدانیت اور رسول کی نبوت کا اقرار کیا اور اُن پر ایمان لایا۔ روایت ہے ابوذر جندب سے کہ آپ نے امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب کو یہ کہتے سنا کہ میں حقیقت میں خدا کا دین ہوں۔ خدا کی توحید ہوں اور خدا کا نفس ہوں (یعنی خود خدا ہوں) میرے سوا کوئی شخص ایسا نہیں کر سکتا۔ اور نہ ایسا دعویٰ کر سکتا ہے اگر دعویٰ کرے تو وہ جھوٹا ہے۔

ترجمہ ۳۔ آنحضرت سے روایت کی گئی ہے کہ معراج میں جب چوتھے آسمان پر پہنچا تو دیکھتا کیا ہوں کہ علی کرسی کرامت پر بیٹھے ہوئے ہیں اور فرشتے آپ کو گھیرے ہوئے ہیں: وہ آپ کی عبادت تسبیح اور تقدیس کر رہے ہیں میں نے اپنے دوست جبریل سے پوچھا کہ علی اس مقام پر مجھ سے پہلے پہنچ گئے ہیں جبریل نے کہا فرشتوں نے علی کے بلند مرتبہ کی وجہ سے آپ کو دیکھنے کا بہت شوق ظاہر کیا اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان فرشتے کو آپ کی صورت میں پیدا کیا اور ان اُس کی عبادت فرض کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب کبھی وہ آپ کو دیکھنے کے مشتاق ہوتے ہیں تو اس کو دیکھ لیتے ہیں اور اس کی عبادت تسبیح و تقدیس کرتے ہیں یہی ہے معنی اللہ تعالیٰ کے قول ۔

هو الذی فی السماء الٰہ وفی الارض الٰہ کے یعنی وہی معبود برحق ہے کہ آسمانوں میں بھی اس کی بندگی ہے اور زمین میں بھی اس کی بندگی ہے اور فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ علی کا منہ دیکھنا عبادت ہے ۔

(بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صفحہ ۸۳ تا صفحہ ۸۴)

نوٹ :۔ منقولہ بالا روایتوں کے معتبر اور مستند ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں ہو سکتا کیونکہ انہیں اسمٰعیلی دعوت کے بانی اور امام مولانا معز کے باب الابواب سیدنا جعفر بن منصور الیمن نے اپنی مہتم بالشان کتاب سرائر النطقاء میں مدون فرمایا ہے آپ کا یہ فرمانا کہ مولانا علی رسول اللہ کی خطا معاف فرمانے والے ہیں اور نفس اللہ ہیں (یعنی خود خدا ہیں معاذ اللہ) اور چوتھے آسمان پر فرشتوں کے معبود ہیں جس کی وہ عبادت اور تسبیح و تقدیس کرتے ہیں یہ ایسی غلو آمیز باتیں ہیں ۔ جن کی وجہ سے حضرت علی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر تو کجا خود اللہ تعالیٰ کے ہم درجہ و ہم پلہ ہو جاتے ہیں فتعالی اللہ عما یشرکون ۔ (بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب صفحہ ۸۵)

۲۲ ۔ مولا معز کی دعاؤں میں اسماعیلیوں کے خود ساختہ پیغمبر محمد بن اسماعیل کے ذریعہ شریعت محمدیہ کے معطل و منسوخ ہونے کی ایک دعا

وصل یارب علی اخی نبینا سید الاوصیاء المنتجبین وعلی فاطمۃ الزہراء سیدۃ نساء العالمین وعلی سبطیہ الحسن والحسین وصل علی القائم بالحق الناطق بالصدق التاسع من جدہ الرسول الثامن من ابنہ الکوثر السابع من آبائہ الائمۃ سابع الرسل من آدم وسابع الاوصیاء من شیث وسابع الائمۃ البررۃ صلوات اللہ علیہم اجمعین کما قلت سبحانہ خلق السمٰوٰت و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الارض فی ستة ایام سواء للسائلین ۔ ثم استوٰی الی السماء وھو استواء امر النطقاء بالسابع القائم صلوات اللہ علیہ (کما ذکرنا انفاً) الذی شرفتہ وکرمتہ وعظمتہ وختمت بہ عالم الطبائع وعطلت بقیامہ ظاھر شریعة محمد صلعم الخ (ادعیۃ الایام السبعۃ از مولانا المعز لدین اللہ)

ترجمہ :۔ اور درود بھیج تو یا اللہ اپنے نبی کے بھائی علی پر جو اوصیاء منتجبین کے سردار ہیں اور فاطمۃ الزہراؑ پر جو عالمین کی عورتوں کی سردار ہیں اور ان کے دونوں نواسوں حسن اور حسین پر اور درود بھیج تو قائم بالحق اور ناطق بالصدق پر جو اپنے نانا رسول سے نویں اور اپنے باپ کوثر سے آٹھویں اور اپنے آباؑ سے ساتویں ہیں اور جو آدم سے ساتویں رسول اور شیث سے ساتویں وصی اور نیک اماموں سے ساتویں امام ہیں ۔ درود اللہ کا ان سب پر جس طرح فرماتا ہے تو کہ " پیدا کیا ہم نے آسمانوں اور زمینوں کو چھ دن میں پھر بلند ہوا وہ اللہ آسمانوں کی طرف " مراد اس سے ناطقوں کے امر کا بلند ہونا ہے قائم سابع سے درود اللہ ان پر (جیسا کہ ابھی ہم نے ذکر کیا ہے) اور وہ (یعنی محمد بن اسمٰعیل) ایسے ہیں جنہیں تو نے مشرف معظم اور مکرم کیا اور جن کے ذریعہ سے تو نے عالم طبائع کو ختم کیا اور شریعت محمدیہ کے ظاہر کو معطل کیا ۔ " بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب صہ ۹۲

(نوٹ) اوپر کا اقتباس مولانا معز کی سات دعاؤں سے لیا گیا ہے جن میں ہر دعا ایک دن کے لئے مخصوص ہے ہر دعا میں ایک ناطق (یعنی رسول) اُن کے وصی اور چھ اماموں کا ذکر ہے ۔ پہلی یکشنبہ کی دعا میں حضرت آدم کا بیان ہے اسی طرح سلسلہ وار سات دعاؤں میں سات ناطقوں (یعنی رسولوں) اور ان کے حدود پر درود بھیجا گیا ہے (ان سات دعاؤں کو بخوف طوالت ہم نے یہاں ذکر نہیں کیا صرف شنبہ کی آخری دعا (مع ترجمہ) نقل کر دی ہے جس میں مولانا محمد بن اسمٰعیل کی شان بتائی گئی ہے کہ وہ نبی اکرم صلعم کے بعد رسول بنا کر بھیجے گئے جنہوں نے شریعت محمدیہ کو منسوخ کر دیا یہ محمد بن اسماعیل، امام جعفر صادق کے پوتے ہیں،
از اصغر علی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسمٰعیلی مذہب کی حقیقت دریافت کرنے کے لئے محقق کو اس سے بڑھکر کسی اور دوسرے حوالے کی ضرورت ہی نہیں کیونکہ یہ ان کے ایسے امام کی دعا ہے جن کی شان بہت بڑی ہے آپ ظہور کے اماموں کے چوتھے اور مولانا حسن سے چودھویں امام ہیں اور اور اسمٰعیلی اصول کے لحاظ سے چوتھا اور ساتواں اعلیٰ اور افضل ہوتا ہے (اسی وجہ سے اسماعیلی فرقے کو فرقہ سبعیہ بھی کہا جاتا ہے۔ از جعفر علی) حوالہ کے لئے ملاحظہ ہو زہر المعانی از سیدنا ادریس صفحہ ۵۶۸ بحوالہ ہمارا اسمعیلی مذہب اور اس کا نظام ص ۹۵ ۔

"۲۳ - رسول اللہ صلعم کا اپنی اذان میں مولانا محمد بن اسمٰعیل اور مولانا القائم محمد بن عبداللہ المہدی کی رسالت کی گواہی دینا ۔"

دور ستر کے دوسرے داعی مطلق سیدنا ابراہیم

ابن الحسین الحامدی المتوفی ۵۵۶ھ جو ظہور کے آخری زمانے میں مولانا آمر کے عہد میں موجود تھے اپنی مہتم بالشان کتاب کنز الولد میں اس طرح ارشاد فرماتے ہیں ۔

واما محمد بن اسمٰعیل فھو متم شریعتہ (ای شریعۃ محمد صلعم) وموفیھا حقوقھا وحدودھا وھو السابع من الرسل ۔ بیان ذلک فی ادعیۃ مولانا المعز السبعۃ وھو الذی یشھد (ای النبی صلعم) لہ وللقائم محمد بن عبد اللہ المھدی لانہ قائم القیامۃ الوسطی وقائم القیامۃ الاولی امیر المومنین وقائم القیامۃ الکبری صاحب الکشف فی اذانہ بقولہ اشھد ان محمداً رسول اللہ واشھد ان محمداً رسول اللہ لان الخالق یشھد دون برسالتہ وھو یشھد لمتم دورہ وشریعتہ ومنھاجہ وھو منسوب الی عبد اللہ بن میمون فی التربیۃ ۔

ترجمہ :- لیکن محمد بن اسمٰعیل وہ تو محمد (یعنی رسول اللہ صلعم) کی شریعت کے اتمام و اکمال کرنے والے اور اس کے حقوق و حدود کو پورا کرنے والے ہیں اور ساتویں رسول ہیں جن کا بیان مولانا معز کی سات دعاؤں میں ہے اور وہ وہی ہیں کہ جن کے لئے اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قائم محمد بن عبداللہ المہدی کے لئے آپ (یعنی رسول اللہ صلعم) اشہداً محمداً رسول اللہ اشہدان محمداً رسول اللہ کر کر گواہی دیتے ہیں کیونکہ مولانا محمد بن اسمٰعیل قیامتِ وسطی کے قائم اور امیر المؤمنین یعنی مولانا علی قیامتِ اولیٰ کے قائم اور صاحب الکشف قیامت کبریٰ کے ہیں تمام لوگ آپ (یعنی رسول اللہ صلعم) کی رسالت کی گواہی دیتے ہیں ۔ اور آپ صلعم خود اپنے دور اور شریعت کے پورا کرنے والے کی گواہی دیتے ہیں جو تربیت کے لحاظ سے عبداللہ بن میمون طرف منسوب ہیں (کنز الولد الباب العادی عشر صہ ۵۰۱) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب صہ ۹۷

(مندرجہ بالا عبارت کا سلیس مطلب یہ ہے کہ از اصغر علی)

اذان کے پہلے کلمے اشہدان محمداً رسول اللہ میں محمد سے مولانا محمد بن اسمٰعیل اور دوسرے کلمے اشہدان محمداً رسول اللہ میں محمد سے مولانا القائم محمد بن عبداللہ المہدی مراد ہیں ۔ گویا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں کی رسالت کی گواہی دیتے رہے "۔

بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صہ ۹۷

" ۲۴ - اماموں اور مؤمنین (یعنی اسماعیلیوں) کا اپنی اپنی اذانوں میں رسول اللہ صلعم اور (امام جعفر صادق کے پوتے) محمد بن اسمعیل کی رسالت کی گواہی دینا ۔

سیدنا محمد بن طاہر المکا سر سیدنا ابراہیم بن الحسین الحامدی

متوفی ۵۸۴ھ اپنی علم حقیقت کی مشہور کتاب الانوار اللطیفہ میں اس طرح فرماتے ہیں :۔

وتسلیمه (ای تسلیم رسول اللہ صلعم) لمحمد بن اسمٰعیل شهادته له بالرسالة فی الاذان عند قوله :۔ اشهد ان محمداً رسول اللہ لان شهادته صلعم لنفسه غیر جائزة وانما کانت شهادته لمحمد بن اسماعیل ۔ واما شهادة الائمة وسائر المسلمین فهی له (ای لرسول اللہ صلعم) لانه الناطق السادس وکون الشهادة مثناة فی الاذان لما کانت الشهادة الاولیٰ له (ای لرسول اللہ صلعم) والثانیة لمحمد بن اسمعیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الذی ھو متم دورہ وھو سابع الرسل والیہ اشار مولانا المعز فی دعائہ یوم السبت اذ ھو الناطق السابع ۔ فاما قائم القیامۃ علی ذکرہ السلام ماھو اعلی من ذلک لانہ غیر منتظم فی سلک الرسل ۔

ترجمہ :۔ اور آپ کے (یعنی رسول اللہ صلعم کے) محمد بن اسمٰعیل کو (علم وحکمت) کے سونپنے کے یہ معنی ہیں کہ آپ نے اپنی اذان میں اشھد ان محمدا رسول اللہ کے محمد (بن اسمٰعیل) کی رسالت کی گواہی دی ہے کیونکہ آپ کی گواہی خود اپنے لئے ناجائز ہے ۔ آپ نے محمد بن اسمٰعیل کی رسالت کی شہادت دی اور اماموں اور دیگر مسلمانوں کی شہادت کے یہ معنی ہیں کہ یہ لوگ آپ صلعم کی اور محمد بن اسمٰعیل کی رسالت کی گواہی دیتے ہیں ۔ کیونکہ آپ صلعم چھٹے ناطق (یعنی چھٹے رسول) ہیں اور محمد بن اسمٰعیل آپ کے دور کے متم اور ساتویں رسول اور ساتویں ناطق ہیں اذان میں اشہدان محمداً رسول اللہ کے مکرر ہونے کے یہی معنی ہیں اور اسی کی طرف مولانا معز نے اپنے یوم السبت (شنبہ) کی دعا میں اشارہ فرمایا ہے لیکن قائم القیامۃ کا معاملہ اس سے اعلیٰ ہے کیونکہ وہ رسولوں کی لڑی میں منسلک نہیں ۔

بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب ص۹۸ ، ص۹۹

(نوٹ) جب قائم القیامۃ کا امر (یعنی معاملہ) رسول سے اعلیٰ ہے تو اس کا یہی مطلب ہو سکتا ہے کہ وہ الوھیت کے منصب پر فائز ہیں جیسا کہ مندرجہ ذیل حوالہ سے بھی یہ بات بالکل روزِ روشن کی طرح واضح ہے از مؤلف ملاحظہ ہو نمبر (۲۵)

۲۵ امام قائم القیامۃ منصب وحدت والوھیت پر فائز ومتمکن ہیں اور محمد بن اسمٰعیل رسالت پر ۔

"وانساق الامر بعد مولانا الحسین بن علی الی باقی الائمۃ الی ان انتھی الی مولانا محمد بن اسمٰعیل فکان محمد بن اسمٰعیل متم الدور وخاتم الرسل المنتھیۃ الیہ غایۃ الشرائع المختومۃ بہ المشتمل علی مراتب حدودھا المحیط بعلومھم وھو القائم بالقوۃ صاحب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الکشفۃ الاولی لان القائم بالفعل ھو القائم الکلی الذی ھو صاحب الکشفۃ الاخری والبطشۃ العظمی لان القیامات کثیرۃ اولھا الماذون المکفوف وآخرھا قائم القیامات - وھو الذی یخلف العاشر فی موضعہ بعد ارتفاعہ من ھذہ الدار وانما وقع علیہ اسم الناطق السابع لنطقہ بالامر الالہی وقولہ "انا" لانہ غیر منتظم فی سلک نطقاء دور الستر اذ ھو بخلافہ ولیس ھو بمتم ولا رتب بحدودہ ولا ھو برسول بل ھو منفرد برتبۃ الوحدۃ والالوھیۃ وانما مولانا محمد بن اسمٰعیل المخصوص بذلک لانتظامہ فی سلک مقامات دور الستر ونطقاہ

فاذا عددت آدم ووصیہ ومتمی دورہ الستۃ کان سابعھم ناطقاً وھو نوح — واذا عددت عیسیٰ ووصیہ ومتمی دورہ الستۃ کان سابعھم ناطقاً وھو محمد واذا عددت محمداً ووصیہ ومتمی دورہ الستر کان سابعھم ناطقاً وھو محمد بن اسمٰعیل — اذ بقیامہ تمام دور الستر واعتقاد دور الکشف ونسخ شریعۃ الرسول السادس صلعم وبذلک نطق مولانا المعز فی دعائہ یوم السبت حیث قال "وعلی القائم بالحق الناطق بالصدق — سابع الرسل من آدم وسابع الاوصیاء من شیث وسابع الائمۃ البررۃ الذی شرفتہ وعظمتہ وکرمتہ وختمت بہ عالم الطبائع وعطلت بقیامہ ظاھر شریعۃ محمد صلعم کل ذلک بالقوۃ لا بالفعل لکونہ قائما بالقوۃ -

ترجمہ :- اسی طرح امر امامت مولانا حسین بن علی کے بعد باقی متممین میں جاری رہا یہاں تک کہ مولانا محمد بن اسمٰعیل تک پہنچا جو دور کے پورا کرنے والے اور آخری رسول ہیں جن پر شریعتیں منتہی اور ختم ہوئیں اور جو حدود کے مراتب اور ان کے علوم پر محیط ہیں اور قائم بالقوۃ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صاحب کشف اولیٰ ہیں کیونکہ قائم بالفعل قائم کل ہی ہیں جو کشف اُخری اور بشطہ عظمیٰ کے صاحب ہیں اس لئے کہ قیامتیں بہت ہیں جن میں پہلی قیامت ماذون مکفوف ہے اور آخری قیامت قائم القیامہ ہے جو اس گھر سے مرتفع ہونے کے بعد عقل عاشر کے خلیفہ ہوں گے اور آپ (یعنی مولانا محمد بن اسمٰعیل یا قائم القیامہ) ناطق سابع اسی لئے کہے گئے کہ آپ نے امر الٰہی بیان فرمایا اور آپ یعنی قائم القیامہ نے " انا " کہا کیونکہ آپ دورِ ستر کے ناطقوں میں شریک نہیں اس لئے کہ آپ اس کے خلاف ہیں اور نہ آپ متم ہیں اور نہ آپ کے لئے حدود کے رتبے ہیں اور نہ آپ رسول ہیں بلکہ آپ مرتبہ وحدت والوھیتہ کے ساتھ منفرد ہیں اور مولانا محمد بن اسمٰعیل کے اس فضیلت (یعنی رسالت) کے ساتھ مخصوص ہونے کی وجہ یہ ہے کہ آپ دورِ ستر اور اس کے نطقاء میں شامل ہیں۔

(مولانا محمد بن اسمٰعیل کی فضیلت کا مفصل بیان یوں ہے کہ) جب تم آدم اور آپ کے وصی اور آپ کے دور کے چھ متم (امام) شمار کرو تو اُن کا ساتواں امام ناطق ہوگا جو نوح ہیں اور جب تم عیسیٰ اور آپ کے وصی اور آپ کے دور کے متم (امام) گنو تو ان کا ساتواں ناطق ہوگا جو محمد (یعنی محمد صلعم) ہیں اور جب تم محمد صلعم اور آپ کے وصی اور آپ کے دور کے چھ متم (امام) کا حساب لگاؤ تو ان کا ساتواں امام، ناطق ہوگا جو محمد بن اسمٰعیل ہیں اس لئے کہ مولانا محمد بن اسمٰعیل کے قیام سے دورِ ستر پورا ہوا اور دور کشف شروع ہوا اور چھٹے رسول (یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) کی شریعت منسوخ ہوئی جو ہمارا اعتقاد ہے اسی وجہ سے مولانا معز اپنی سنیچر کی دُعا میں یہ فرماتے ہیں " درود بھیج تو اے اللہ قائم بالحق ناطق بالصدق پر جو آدم سے ساتویں رسول اور شیث سے ساتویں وصی اور نیک اماموں سے ساتویں امام ہیں جن کو تو نے مشرف معظم مکرم کیا اور جن کے ذریعہ تو نے عالم طبائع کو ختم کیا اور جن کے قیام سے تو نے شریعت محمدیہ کے ظاہر کو معطل کیا۔ یہ سب بالقوۃ تھا نہ کہ بالفعل اس لئے کہ آپ قائم بالقوۃ ہیں۔ بحوالہ ہمارا اسماعیلی مذہب ص۹۹ تا ص۱۰۱

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"نوٹ :- مولانا معز کی دعائیں بالقوہ ذکر نہیں یہ سیدنا محمد بن طاہر کی طرف سے ذاتی اضافہ ہے۔ مولانا معز کی ہفتہ بھر کی دعاؤں میں تو صاف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آدم کی شریعت کے ظاہر کو نوح کے قیام سے معطل کیا اور نوح کی شریعت کے ظاہر کو ابراھیم کے ظہور سے معطل کیا۔

اسی طرح عیسیٰ کی شریعت کے ظاہر کو آنحضرت صلعم کی بعثت سے معطل کیا اور آنحضرت صلعم کی شریعت کے ظاہر کو مولانا محمد بن اسمٰعیل کے قیام سے معطل کیا۔ جب آدم وغیرہ کی شریعتوں کا ظاہر بالفعل معطل کر دیا گیا ہے تو آنحضرت صلعم کی شریعت کا ظاہر بھی مولانا محمد بن اسمٰعیل کے قیام سے بالفعل معطل کر دیا گیا ہے کیونکہ تمام انبیاء کی شریعتوں کی تعطیل ایک ہی نوعیت کی بتائی گئی ہے اور سیاق عبارت سے بھی یہی واضح ہے" (بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص۱۱۶ یہ نوٹ ڈاکٹر زاہد علی کے ایک طویل تبصرے کا اختصار ہے۔ اضعر علی)

۲۶۔ ساتویں امام یعنی محمد بن اسمٰعیل نے شریعت محمدیہ کو منسوخ کر دیا۔	"وان السابع هو القائم بتبديل الشريعة لمن عرف ذلك وعقله فاذا ظهر

السابع وجب عليهم طاعته وترك الامر الاول الذى قامت الشريعة به۔

ترجمہ :- اور بے شک ساتواں امام ہی وہ امام ہے جو مبدل شریعت ہے (یعنی تبدیل شریعت کا کام انجام دینے والا ہے) یہ بات اس شخص کے لئے ہے جو سمجھتا اور عقل رکھتا ہے۔ جب ساتواں ناطق (یعنی رسول) ظاہر ہوتا ہے تو اس کی طاعت واجب ہوتی ہے اور امر اوّل جس سے شریعت قائم تھی متروک ہو جاتا ہے" (اساس التاویل از سیدنا جعفر بن منصور الیمن ص۹۵) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب ص۱۲۲ تا ۱۲۳

۲۷۔ مولانا محمد بن اسمٰعیل کا دور مصطفیٰ کو پورا کرنا	وسابع الناطقاء وهو متم دور مصطفیٰ (ترجمہ) ساتویں ناطق ہی آنحضرت صلعم کے دور کو پورا کرنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والے ہیں :" (کتاب الفترات والقرانات ص۳) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب ص۱۲۹

۲۸ - "مولانا محمد بن اسمٰعیل کا ساتواں ناطق (اور مہبط وحی الٰہی) ہونا

هذه البيوت انما هي النطقاء الذين ينطقون بالتنزيل و الشرائع فهم آدم ونوح وابراهيم وموسىٰ وعيسىٰ ومحمد وهو احمد ومحمد المهدي الناطق السابع فهم بيوت وحي الله۔

ترجمہ :- یہی گھر وہ نطقاء ہیں جو تنزیل اور شرائع بیان کرتے ہیں یعنی لاتے ہیں - وہ آدم، نوح، ابراھیم، موسیٰ، عیسیٰ، محمد جو احمد ہیں اور محمد المہدی جو ساتویں ناطق ہیں یہ سب خدا کی وحی کے گھر ہیں جن میں وحی اترتی رہی "

(کتاب الکشف ص۵۲) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب ص۱۲۹

۲۹ - لا الٰہ الا اللہ میں "اللہ" سے مراد امام الزمان ہے | "واعادة التكبير مرتين بعد ذلك (اى بعد حيّ على خير العمل) مثل على انه عند انقضاء امر المتمين من الائمة يقوم الخلفاء بدعوة القائم بتائيد الاصلين ثم يقول مرة لا اله الا الله اى لاقائم الا امام الزمان ولا صاحب العصر الا القائم بباطن الشرائع مجردًا محضًا بلا ظاهر ووجهًا واحدًا وحرفًا واحدًا۔

ترجمہ :- حیّ علی خیر العمل کے بعد تکبیر کا دو دفعہ کہنا مثل ہے اس امر پر کہ ائمہ متمین کے بعد جو خلفاء ہوں گے وہ اصلین (عقل و نفس) کی تائید سے "امام قائم" کی دعوت کو قائم کریں گے پھر لا الٰہ الا اللہ کہنے کے یہ معنی ہیں کہ نہیں ہیں قائم مگر امام الزمان اور نہ صاحب عصر مگر قائم جو وجہ واحد کے لحاظ سے شریعتوں کا باطن محض و مجرد بغیر ظاہر کے بتائیں گے (تاویل الشریعۃ من کلام الامام المعز ص۵) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص۲۴

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۰ ۔ تکالیف شرعیہ کا گرادیا جانا اور شرائع عقلیہ کا باقی رکھنا

"واما الشرائع فتحط عنهم التكليفات كالصلوة والزكاة والصوم والحج والجهاد وتبقى معهم الشرائع العقليات التي هي النكاح والطلاق والمواريث والاملاك ودفن الموتى وغسلهم الاجسام بالماء وماشاكل ذلك من الشرائع العقليات ۔

ترجمہ :۔ لیکن تکلیفی شریعتیں مثلاً نماز زکوٰۃ روزہ حج اور جہاد ان سے گرادی جائیں گی اور عقلی شریعتیں جو عقد نکاح طلاق ، مواریث ، املاک ، دفن موتیٰ اور ان کا پانی سے دھونا اور ان کے مماثل جو عقلی شریعتیں ہیں باقی رہیں (اربعہ کتب اسمٰعیلیہ بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص ۱۳۶

۳۱ ۔ قائم مہدی کا دور علم کا ہے نہ کہ عمل کا (کیونکہ وہ تمام احکام شریعت کے ناسخ ہیں بمنزلہ عمل)

"القائم المهدي دوره دور العلم بلا عمل والذهب من امثال القائم المهدي صاحب دور الجزاء وخاتم الدنيا وفاتح باب الآخرة وانما مثل بالذهب لانه صاحب الظهور ومبطل الشرائع كلها ومسقط ظاهر النطقاء والعمل به ۔

ترجمہ قائم مہدی کا دور علم بلا عمل کا دور ہے " سونا " قائم مہدی پر مثل ہے جو دور جزا کے مالک ہیں اور دنیا کے ختم کرنے والے اور آخرت کا دروازہ کھولنے والے ہیں ، " سونے " کا آپ پر مثل ہونا صرف اس وجہ سے ہے کہ آپ ظہور کے صاحب تمام شریعتوں کے باطل کرنے والے اور ناطقوں کے ظاہر اور عمل بالظاہر کو ساقط کرنے والے ہیں ۔

(تاویل الزکوٰۃ از سیدنا جعفر بن منصور الیمن ص ۶۲ ف ۷۰) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب ص ۱۳۹

۳۲ ۔ امام اور ولی کا عالم الغیب والشہادہ ہونا اور حوادث آئندہ کی خبر دینا ۔

"سیدنا جعفر بن منصور الیمن فرماتے ہیں ۔

القائم بالسيف يعلم الجهر من القول وما كنتم تكتمون ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ :۔ شمشیر بردار امام اس بات کو بھی جانتا ہے جو بلند آواز سے کہی جائے اور اس بات کو بھی جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو ۔ (کتاب الکشف صہ ۱۲۸)

سیدنا مذکور اپنی دوسری تصنیف میں فرماتے ہیں کہ ۔

اولیاء اللہ یعلمون افعال العباد ویطلعون علی سرائر العباد ۔

ترجمہ :۔ اولیاء اللہ کو بندوں کے افعال کا علم ہے اور وہ ان کی مخفی باتوں کو جانتے ہیں (سرائر النطقاء صہ ۲۵۸)

سیدنا حمید الدین کرمانی کا ارشاد ہے ولہٗ (ای لمولانا الحاکم) معجزۃ بل معجزات واخبار الکائنات قبل کونھا واظھا للعلم المکنون ۔

ترجمہ :۔ مولانا حاکم کا ایک معجزہ نہیں بلکہ کئی معجزات ہیں آپ حادثوں کی خبر ان کے وقوع سے پہلے دیتے ہیں اور آپ پوشیدہ علوم کو جانتے ہیں ۔ یعنی مولانا حاکم عالم الغیب والشہادۃ ہیں (المصابیح ذکر مولانا الحاکم) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب صہ ۳۵۷

۳۳ ۔ اللہ تعالیٰ کا اسمٰعیلیوں کے امام اسمٰعیل بن جعفر کی طرف وحی بھیجنا

"سیدنا جعفر بن منصور الیمن فرماتے ہیں ولم یعلموا ان اسمعیل لم یغب عن الدار حتی خلف ولدًا کاملاً وان الامر رجع الیہ بامر اللہ ووحیہ وانہ لما حضرہ ما اراد اللہ من امرہ اوحی اللہ ان یسلم الامر الی ولدہ محمد ۔

ترجمہ :۔ وہ لوگ نہیں جانتے کہ مولانا اسمٰعیل دنیا سے اس وقت تک غائب نہیں ہوئے جب تک کہ آپ نے اپنے بالغ بیٹے کو خلیفہ نہ بنا دیا جس کی طرف امر امامت خدا کے حکم اور اس کی وحی سے راجع ہوا (یعنی ان کے سپرد ہو) جب آپ کی وفات کا وقت قریب ہوا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی بھیجی کہ آپ امر امامت کو اپنے بیٹے (مولانا) محمد کے سپرد کریں۔"

(سرائر النطقاء صہ ۲۲۵) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب صہ ۳۵۸

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نوٹ :۔ یہاں وحی بالمعنی الاخص ہے جو انبیاء کی طرف بھیجی جاتی ہے کیونکہ خدا کے امر کے بعد اس کی وحی کا ذکر ہے ۔ بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب ص ۳۵۸

۳۴ ۔ امام کا فواحش ومنکرات کا مرتکب ہونا ، (فواحش کا ارتکاب کرنے سے امام کی شان یا اس کے ایمان میں کچھ فرق نہیں آتا ۔ لیکن ان فواحش کے ارتکاب میں اسے ملوث دیکھ کر اگر " مومن " اس کی امامت میں شک کرے تو اس کا ایمان جاتا رہتا ہے ۔ اور اس کی دنیا وآخرت برباد ہو جاتی ہے ۔)

امام کے کسی فعل کو برا نہ سمجھنا چاہیے اگرچہ ہم اسے اپنی آنکھوں سے شرعی محرمات کا مرتکب ہوتا ہوا بھی دیکھیں ۔ یہ مسئلہ بہت ہم ہی اہم ہے اس لئے ہم یہاں سیدنا قاضی نعمان بن محمد کی عربی عبارت بجنسہ نقل کرتے ہیں ۔

وقد جاء عن بعض الدعاۃ الی الائمۃ قول یصیر عن جمیع ذلک ویأتی علی جملتہ (ای الانکار علی الائمۃ فی افعالھم مما یتعلق فی تقریر العمال علی بلادھم ۔ وکذلک ینکر بعض الجھال علی الائمۃ مایفعلہ الناس فی زمانھم ویاتیہ من خالف امرھم من عمالھم) وذلک ان بعض الاولیاء من خراسان سأل داعیہ الاذن فی المسیر الی بعض الائمۃ فلم یأذن لہ فی ذلک فالح علیہ فقال لہ ویحک ھھنا اسلم لک واعفی قال وکیف ذلک قال انت ھھنا علی یقین ومعرفۃ باھامک والائمۃ لما ظھر والظھور امر اللہ لم تقم امورھم الا بمعاملۃ اھل الدنیا بالدنیا واخشی علیک ان سرت الی دار الامام ان ترٰی بعض ذلک فتنکرہ بلسانک او بقلبک فتھلک ویحبط عملک قال ماکنت بالذی انکر شیئا من ذلک کائنا ما کان فالح علیہ بالاذن فقال ان لم یکن فی ذلک بد اخذ علیک العھد کما اخذتہ اولا منک انک ان رایت الامام بعینیک یزنی ویشرب الخمر ویأتی الفواحش

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وقد اعاذ الله الائمة من ذلك لاتنكر ذلك بقلبك ولابلسانك ولا يتخالج الشك فيه انه صواب وحق قال نعم فخذ علي فاخذني ذلك عليه قال الرجل فوالله لولا ما كان منه الى لهلكت كما قال ولكن اذا رأيت امراً انكرته ذكرت ما كان منه وهذا ومايدخل في معناه اشبه بشيئ مما قد منا ذكره من قصة موسى والعالم فيما انكره موسى وهو صواب وحق

ترجمہ :- ——— خراسان کے ایک "مومن" نے اپنے داعی سے امام کی خدمت میں حاضری کی اجازت چاہی داعی نے اجازت نہ دی - "مومن" نے بہت اصرار کیا داعی نے کہا بھلے آدمی تیرے لئے یہیں ٹھہرنا زیادہ اچھا ہے اور اسی میں تیری (دینی) سلامتی ہوگی "مومن" نے کہا کس طرح ؟ داعی نے کہا تو یہاں اپنے امام کے متعلق "یقین ومعرفت" پر قائم ہے اور جب اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت سے صاحب اقتدار ہوئے تو ان کے معاملات اس وقت تک درست نہیں ہوسکتے جب تک کہ وہ اہل دنیا کے ساتھ دنیاوی برتاؤ نہیں کرتے مجھے ڈر ہے کہ اگر تو امام کے حضور میں جائے گا تو کچھ ایسی باتیں دیکھے گا کہ انہیں اپنے دل اور زبان سے منکر (یعنی بُرا) سمجھے گا نتیجہ اس کا یہ ہوگا کہ تو اس بد اعتقادی کے سبب برباد ہو جائے گا (یعنی "مومن" نہیں رہے گا) اور تیرا عمل رائیگاں چلا جائے گا - "مومن" نے کہا کہ میں ایسا نہیں ہوں کہ امام کی کسی بھی بات کو منکر (یعنی برا) سمجھوں خواہ کچھ ہو - اس پر اس نے اصرار کیا - داعی نے کہا خیر تو جانا ضروری سمجھتا ہے تو میں تجھ سے وہ عہد وپیمان لیتا ہوں جو میں نے تجھ سے اس سے پہلے لیا ہے کہ اگر تو اپنی دونوں آنکھوں سے امام کو زنا کرتے شراب پیتے اور دیگر فواحش کا مرتکب ہوتے ہوئے بھی دیکھے تو تو اسے اپنے دل اور زبان سے منکر (یعنی بُرا) نہ سمجھنا اور اس کے درست اور حق ہونے میں دل میں کچھ شک نہ لانا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آئمہ کو ان کاموں سے محفوظ اور معصوم رکھا ہے "مومن" نے کہا بہت اچھا، آپ مجھ سے ایسا ہی عہد وپیمان لیں داعی نے عہد وپیمان لیا مومن نے کہا خدا کی قسم اگر داعی مجھ سے عہد وپیمان نہ لیتا تو میں جیسا کہ اس نے کہا تھا - ہلاک ہوجاتا - یعنی امام ———

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی بدفعلیاں دیکھ کر بدعقیدگی کی وجہ سے "مومن" نہ رہتا (از اصغر) لیکن جب میں کوئی بُری بات دیکھتا تو اس عہد و پیمان کو یاد کر لیتا تھا۔ یہ اور (فواحش کے) اس جیسے دیگر واقعات زیادہ مشابہ ہیں حضرت موسیٰ اور عالم کے قصے سے جسے ہم نے پہلے بیان کیا ہے حضرت موسیٰ نے عالم کے افعال کو بُرا سمجھا حالانکہ وہ درست اور حق تھے۔ بحوالہ ۱۲ اسمٰعیلی مذہب ص ۳۶۱ ۳۶۳

نوٹ ۱۔ یہ واقعہ سیدنا قاضی نعمان نے اپنی بلند پایہ تصنیف معروف بہ کتاب الہمۃ فی آداب اتباع الائمۃ میں بیان کیا ہے اس کی صحت میں کچھ شک نہیں ہو سکتا اس کتاب کے لکھنے کی غرض یہ ہے کہ "مومنین" اماموں کے آداب سے واقف ہوں اس میں بڑی اہم ہدایتیں ہیں منجملہ ان کے ایک یہ ہے کہ مومن امام کے روبرو ایسے ادب سے کھڑا ہے جیسے وہ نماز میں کھڑا ہوتا ہے۔ جو کچھ آدمی کماتا ہے وہ "غنیمت" ہے اس میں سے امام کو پہلے "خمس" یعنی پانچواں حصہ دے پھر باقی ماندہ میں سے زکوٰۃ ادا کرے۔ حالانکہ خمس (صرف کفار سے حاصل ہونے والے) مال غنیمت میں ہوتا ہے۔ نیز اس کتاب میں امام کو سجدہ کرنے کی ترغیب دی گئی ہے یہ عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

ولیست الغنیمۃ ما اخذ من ایدی المشرکین خاصۃ بل ذلک وکل کسب کسبہ المرء فھو غنیمۃ۔ فما کسب احدکم من کسب او افاد من فائدۃ فلیخرج خمسہ فی وقت وصولہ فیرفعہ الی امامہ ثم ینظر الی ما یبقی فی یدہ فیزکیہ لکل عام واجب الزکوۃ فیہ ولیس فیہ بعد ذلک خمس (کتاب الہمۃ فی آداب اتباع الائمۃ ص ۶۱ ص ۶۳)

تقبیل الارض بغیر نیۃ السجود علی انہ لو سجد ساجد لولی من اولیاء اللہ اعظاما للہ لم یکن بمنکر (کتاب الہمۃ ص ۱۱)

اور اپنے متعلق لکھتے ہیں۔ فدخلت الی مجلس الخلافۃ واجتھدت عند وقوعی الی الارض ساجدا لولی السجود ومستحقہ (السیرۃ المویدۃ ص ۶۵)

(بحوالہ ۱۲ اسمٰعیلی مذہب ص ۳۶۳)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(بہر حال آئمہ کی عیش پرستی بلکہ زناکاری اور شراب نوشی کو مذھبی تقدس کے پردے میں چھپانے کی کوشش کی گئی ہے اور ان کو ہر قانون الٰہی سے بالاتر قرار دیا گیا ہے۔ از صفدر علی)

نوٹ:۔ (از صفدر علی) (اپنے آئمہ کے لئے) شرعی محرمات کے جواز کی تائید میں حضرت موسیٰ اور عالم کی مثال پیش کی گئی ہے لیکن یاد رکھنا چاہئے کہ یہ مثال یہاں بالکل موزوں نہیں ہے کیونکہ یہ آئمہ "معصومین" کا مسئلہ ہے جن کے متعلق سیدنا جعفر بن منصور الیمن نے فرمایا ہے کہ ان سے ہرگز کوئی گناہ سرزد نہیں ہو سکتا بخلاف انبیاء و مرسلین کے جن سے گناہ سرزد ہوئے ان انبیاء و مرسلین میں موسیٰ تو ایک طرف خود آنحضرت صلعم تک شامل ہیں جیسا کہ پہلے معلوم ہو چکا ہے۔ بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب صـ۳۶۶

۳۵۔ امامت کے سوا اللہ تعالیٰ کی مشیت کا ہر چیز میں جاری ہونا۔ | مولانا جعفر صادق سے یہ (نام نہاد از صفدر علی) حدیث منسوب کی جاتی ہے۔

ان البداوۃ والمشیۃ للہ تعالیٰ فی کل شیٔ الا الامامۃ اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مشیت کو ہر چیز میں دخل ہے لیکن امامت کے مسائل میں اس کی مشیت کچھ نہیں کر سکتی یہ حدیث مولانا اسمٰعیل بن جعفر کی وفات کے سلسلہ میں درج کی گئی ہے (یہ بات سرائر النطقاء میں اثنا عشریوں کے ساتھ ایک اختلافی مسئلہ کے ضمن میں کہی گئی ہے) از صفدر علی

فلما غاب شخصہ (اسمعیل) فی حیوۃ ابیہ کما تقدم القول فی اسمٰعیل بن ابراھیم ما بدا اللہ فی شیٔ کما بدا فی اسمٰعیل اذ قبضہ فی حیوۃ ابیہ وقد روینا نحن وانتم انہ قال ان البدء والمشیۃ للہ فی کل شیٔ الا الامامۃ فعظمتم الغریۃ (سرائر النطقاء صـ۲۲۴ ۔ بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب صـ۳۶۹)

۳۶۔ سلمان فارسی نے رسول اللہ صلعم کو سجدہ کیا | سلمان فارسیؓ نے رسول اللہ صلعم کو ایک دن اس وجہ سے سجدہ کیا کہ آپ کی پیشانی میں "امامت کا نور" تھا۔

تاویل الزکوٰۃ از جعفر بن منصور الیمن صـ۱۴۰ (بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب صـ۳۸۱)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۷۔ عیسیٰ بن مریم سے علی بن حسین یعنی امام زین العابدین مراد ہیں

سیدنا جعفر بن منصور الیمن فرماتے ہیں کہ آیت کریمہ " ولما ضرب ابن مریم مثلا اذا قومك منه یصدون " میں ابن مریم سے مولانا علی بن حسین یعنی امام زین العابدین مراد ہیں۔ واما القول الله تعالیٰ و لما ضرب ابن مریم مثلاً اذ قومك منه یصدون فیعنی بهذا علی بن الحسین بن علی "۔

کتاب الشواہد والبیان ص۲۲۱ بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب ص۳۸۱

۳۸۔ لا الٰہ الا اللہ کا مطلب اور شرک کی حقیقت | کلمہ طیبہ یعنی لا الٰہ الا اللہ کی (اسماعیلیوں کے ہاں) مختلف تاویلیں۔

لا الٰہ الا اللہ "تاویل" لا امام الا امام الزمان " (تاویل الشریعۃ من کلام امام المعز لدین اللہ ص۴)

اسم اللہ فی التاویل " ولی الزمان " الذی یعرف الناس ربهم لو کان فیهما الهة الا اللہ لفسدتا یعنی به الامام (تاویل الزکوٰۃ از سیدنا جعفر بن منصور الیمن ص۲۳)

ولن نشرک بربنا احدًا " ای لا نشرک معه (ای مع علی) احدًا فی منزلته۔ (تاویل الزکوٰۃ ص۱۵۸)

واعبدوا اللہ ولا تشرکوا به شیئًا اشارة الی الامام علیه السلام لانه هو باری البرایا تبارک اللہ تعالیٰ عن ان یکون له شبیه ولا شریک لکنه هو القائم عن اللہ و داعی الخلق الی عبادته۔

تاویل سورۃ النساء از سیدنا جعفر بن منصور الیمن ص۴۷۔ ہمارا اسمٰعیلی مذہب ص۴۰۱

نوٹ:۔ مندرجہ بالا حوالوں کے اعتبار سے لازم ہے کہ بندہ کلمہ لا الٰہ الا اللہ کہتے وقت " امام الزمان " کا تصور کرے نہ کہ ذات وحدہ لاشریک لہ کا جس نے امام کو پیدا کیا ہے۔ (فیا للعجب) ہمارا اسمٰعیلی مذہب ص۴۰۸

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۹ ۔ ابوطالب کے بعد نبوت کے اصلی وارث علی تھے اور آپ صلعم تو علی کے جوان ہونے تک مستودع یعنی عارضی اور عبوری پیغمبر تھے یعنی یہ حقیقۃً آپ صلعم کا منصب نہیں تھا ۔

سیدنا ادریس کا ارشاد ہے کہ رسول اللہ صلعم سے بحیرا (دور عیسوی کے آخری امام) ایک وادی میں ملے اور نبوت کی میراث جو ان کے پاس تھی وہ آپ کے سپرد کی جس کی وجہ سے آپ نبی مشہور ہوئے اس کے بعد آپ اپنی قوت کے کمال کو پہنچے اور وحی آپ پر نازل ہوئی جس کی بدولت آپ رسول ہوئے اب آپ کو یہ گمان پیدا ہوا کہ ابوطالب کے بعد میرے سوا کوئی امام نہیں ہے اس گمان کی وجہ سے اُن مواد روحانیہ میں جو آپ کو حدود علویہ کے ذریعہ پہنچتے تھے فتور پڑ گیا اور ان کا سلسلہ ٹوٹ گیا یہ آپ صلعم کا پہلا گناہ ہے کیونکہ آپ صلعم کے نفس نے ایک ایسا رتبہ حاصل کرنے کی کوشش کی جو آپ کا نہ تھا ۔ پھر آپ کو معلوم ہوا کہ اس میں تو اللہ کا ایک راز ہے اور حقیقی امام دوسرا ہے آپ صرف مستودع ہیں یعنی یہ رتبہ آپ کے پاس امانت کے طور پر رکھا گیا ہے اس کا مالک تو دوسرا ہے ۔ اس لئے آپ نے توبہ کی اور خدا کی طرف حدود کا وسیلہ اختیار کیا پھر آپ کو منتظر اور قائم منتظر کی معرفت حاصل ہوئی اور آپ زمین کی طرف گرائے گئے یعنی خدیجہ کی طرف جو صاحب العصر کی حجت تھیں سپرد کئے گئے کہ وہ آپ کو تعلیم دیں یہی آپ کا ھبوط یعنی گرنا ہے ۔

(تاویل الزکوٰۃ ص۱۱۷ ، زہر المعانی صفحہ ۳۹۲) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص۵۳۲ اور ص۲۳۱ پر

(نوٹ :۔ اس حوالے کا حاصل یہ ہے کہ مولانا ابوطالب مستقر امام تھے اور چاروں مراتب نبوت ، رسالت ، وصایت اور امامت کے مالک تھے ۔ آپ نے آنحضرت صلعم کو قائم کر کے یہ کہا تھا کہ آپ کے پاس امامت کا رتبہ امانت رکھا جاتا ہے اس کا اصلی وارث میرا لڑکا علی ہے آپ اس کو نامزد کر کے یہ امانت اس کے سپرد کر دیں مگر آنحضرت نے اس رتبہ کو اپنے لئے ناحق خواہش کر کے گناہ کا ارتکاب کیا جس کی حدود علویہ کے وسیلہ سے معافی تلافی ہوئی ۔ از ۔ اصغر علی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴۔ تحریف قرآن مجید | "قرآن مجید کی تحریف و تبدیل کے متعلق سیدنا جعفر بن منصور الیمن کا قول گزر چکا ہے اور یہ بھی معلوم ہو چکا ہے کہ مولانا علی نے ایک علیحدہ قرآن مجید جمع کیا تھا جسے اہل ظاہر (صحابہ رضی اللہ عنہم) نے قبول نہیں کیا اس قسم کی تبدیل و تحریف کی بزعم اسماعیلیہ چند مثالیں یہ ہیں۔

۱۔ یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک فان لم تفعل فما بلغت رسالتہ یہ آیت یوں تھی یا ایھا الرسل بلغ ما انزل الیک من ربک فی علی وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ۔

۲۔ فاذا فرغت فانصب (بفتح الصاد) یہ آیت یوں تھی۔ فاذا فرغت فانصب بکسر الصاد) یعنی فاذا فرغت من اقامۃ الفرائض فانصب علیا للناس ففعل صلوۃ اللہ علیہ۔ (شرح الاخبار ص۔)

۳۔ لا تحرک بہ لسانک لتعجل بہ ان علینا جمعہ وقرآنہ فاذا قرأناہ فاتبع قرآنہ ثم ان علینا بیانہ، یہ آیت یوں تھی لا تحرک بہ لسانک لتعجل بہ ان علیاً جمعہ وقرآنہ فاذا قرأہ فاتبع قراءتہ ثم ان علیاً بیّنہ۔ فتخوف من الناس ومن نفاق حجتہ بعدہ فضاق صدر رسول اللہ صلعم وکان (ای صلعم) یرجوان لا یکشف حقیقۃ مرتبۃ وصیہ الا رموزاً حتی یبلغ الکتاب اجلہ فقال تعالیٰ لا تحرک بہ لسانک لتعجل بہ ان علیاً جمعہ وقرآنہ الخ

(زہر المعانی ص۔) بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص۵۳۷، ۵۳۸)

(نوٹ) ہم جو قرآن مجید پڑھتے ہیں بزعم اسماعیلیہ یہ اصلی منزل من اللہ قرآن نہیں ہے بلکہ یہ لوگوں کی تصنیف و تالیف ہے جو کہ تحریف و تبدیل میں تورات و انجیل جیسا ہے اصلی قرآن مولانا علی کے پاس ہے جیسے قائم القیامۃ ہی کھولیں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسماعیلیوں کے معتبر و مستند پیشواؤں سیّدنا جعفر بن منصور الیمن ۔ سیّدنا حمید الدّین کرمانی اور سیدنا قاضی نعمان بن محمد کا یہی مذہب وعقیدہ ہے ۔ از اصغر علی)

"۴۱ ۔ ظاہری شریعت کی تعطیل اور باطنی شریعت کی ابتداء | "سیّدنا عبداللہ بن میمون القداح نے اپنے اسماعیلی مذہب کی بنیاد اس اصول پر رکھی کہ آنحضرت صلعم نے ظاہری شریعت کی تبلیغ کی باطنی شریعت کے لئے آپ نے مولانا علی کو قائم کیا ۔ مولانا علی اور آپ کے بعد چھ امام گزرے انہوں نے باطنی شریعت کو مکمل کیا جس کی وجہ سے یہ سب متمین کہلائے ۔ ساتویں امام مولانا محمد بن اسمٰعیل نے شریعت محمدیہ کے ظاہر کو معطل کر کے باطنی شریعت جاری کی اسی وجہ سے تاریخ میں اس فرقے کا دوسرا نام ۔ "سبعیہ" پڑ گیا (بزعم اسمٰعیلیہ) آپ سے (محمد بن اسمٰعیل) سے روحانی دور شروع ہوا آپ ہی وہ مہدی ہیں جن کی کہ آپ صلعم نے بشارت دی تھی یہ شرف آپ کو اس وجہ سے حاصل ہوا کہ آپ ساتویں امام ہونے کے علاوہ ساتویں ناطق اور ساتویں رسول بھی تھے جیسا کہ مولا معز کی دعاؤں کے حوالہ سے پہلے بتایا جا چکا ہے گویا آپ کے زمانہ سے ظاہری شریعت کے اعمال مثلاً نماز، روزہ، حج وغیرہ کے ادا کرنے کی اور شرعی محرمات سے بچنے کی ضرورت نہیں رہی بلکہ ان کی تاویل کی معرفت ہی کافی ہے ۔

(بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام صفحہ ۶۲۰)

"۴۲ ۔ دعوت کے حدود، اُن کی تعداد اُن کے مناصب اور اُن کے فرائض | اپنے مذہب کی اشاعت کے لئے ہم فرقہ اسمٰعیلیہ نے جو نظام اور سلسلہ قائم کیا ہے اُسے "دعوت" کہتے ہیں ۔ دعوت کے صدر کو داعی کہتے ہیں خواہ وہ نبی ہو یا وصی یا امام، اسے "حدا علیٰ" بھی کہتے ہیں اس کے چند مددگار بھی ہوتے ہیں جو حدود کہے جاتے ہیں جو شخص داعی کی دعوت کا جواب دے اور دعوت میں داخل ہو اسے "مستجیب" کہتے ہیں ۔ دعوت کے دس حدود، ان کے عہدے اور ان کے فرائض "راحۃ العقل" کی ترتیب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے مطابق حسب ذیل ہیں ۔

نمبر شمار	عدد و (ارکان)	عہدے	فرائض
۱	ناطق	رتبۂ تنزیل	ظاہری شریعت کی تعلیم دینا ۔
۲	اساس	رتبۂ تاویل	تاویل یعنی باطنی شریعت کی تعلیم دینا
۳	امام	رتبۂ امر	ظاہری اور باطنی شریعت کی حفاظت کرنا اور دینی و دنیوی حکومت قائم کرنا ۔
۴	باب	رتبۂ فصل الخطاب	آخری فیصلہ کرنا ۔
۵	حجت	رتبۂ حکم درمیان حق و باطل	حق کو باطل سے علیحدہ کرکے بتانا
۶	داعی بلاغ	رتبۂ احتجاج و تعریف معاد	آخرت کے مسائل سمجھانا ۔
۷	داعی مطلق	رتبۂ تعریف حدود علویہ عبادات باطنہ	حدود علویہ اور باطنی دعوت کی تعریف کرنا ۔
۸	داعی محدود یا محصور	رتبۂ تعریف حدود سفلیہ و عبادات ظاہرہ	حدود سفلیہ اور عبادات ظاہرہ کی تعریف کرنا ۔
۹	ماذون مطلق	رتبۂ اخذ عہد و میثاق	مستجیبین سے عہد و پیمان لینا ۔
۱۰	ماذون محدود یا محصور اسے مکاسر بھی کہتے ہیں	مخالفین سے مناظرہ بازی	مخالفین کے عقائد کو کسر کرکے یعنی توڑ کر انہیں مستجیب بنانا ۔

بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب اور اس کا نظام ص ۲۹۹ تا ص ۳۰۰

"۴۳ ۔ دعوت کے حدود کی اصلیت اور اُن کا ماخذ ——— !"

دعوت کی تنظیم کے بارہ میں ہم نصاری کے ممنون ہیں اس بارہ میں ہم نے اُن ہی کی پیروی کی ہے جیسا کہ سیدنا

جعفر بن منصور الیمن فرماتے ہیں :-

المسیح نصب دینه علی سبعة حدود ظاهرة وهم

۱ ۔ البطریق ۲ ۔ المطران ۳ ۔ الاسقف ۴ ۔ القس

۵ ۔ الشماس ۶ ۔ المرسوم ۷ ۔ الدوس ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جعلهم مستودعين علماً وحكمةً ۔ نصبها الاب لقيام الدعوة و
على باطنها يكون انقضاء دوره ونسخ شريعته ـــــ
فالبطريق مثل على الناطق والمطران على الاساس والاسقف على
المتم والقس على الحجة والقوس على الداعي والشماس على
الماذون والدوس على المومن البالغ (سرائر النطقا ، صـ ۱۶۱)

(بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب صـ ۳۲۹)

(نوٹ) ان حدود کے قیام کی نسبت حضرت عیسٰی کی طرف کی گئی ہے یہ ہرگز درست نہیں کیونکہ نہ انجیل میں ان کا کہیں ذکر ہے اور نہ ہی کوئی اسے انجیل سے دکھا سکتا ہے بلکہ اسے تو رومن کیتھولک چرچ کے پادریوں نے اپنا اقتدار قائم کرنے کے لئے ایجاد کیا ہے۔

(بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب صـ ۳۳۰)

" اسمٰعیلی دعوت کے حدود کی تنظیم سیدنا عبداللہ بن میمون القداح کی اختراع ہے جن کے باپ میمون جو قداح کے نام سے مشہور ہیں ۔ ابوالخطاب " کے شاگردوں میں تھے اسمٰعیلی دعوت کے حدود اور اس کی خفیہ کاروائی اور رازداری یہ سب ایسے اصول ہیں جن کا مقابلہ فری میسنوں یا چرچ مذکورہ بالا کے اصول سے کیا جا سکتا ہے ۔

بحوالہ ہمارا اسمٰعیلی مذہب صـ ۳۳۰

اسماعیلیوں کی جدید کتابوں کے حوالوں کے لئے یہاں سے مولانا ظاہر شاہ صاحب کے فراہم کردہ مجموعہ نقول فوٹو اسٹیٹ کے اقتباسات شروع ہوتے ہیں ۔ از اصغر علی دارالعلوم کراچی ۱۴

(ب) ہم اسماعیلیوں کی جدید کتابوں سے حوالے پیش کرتے ہیں۔

۴۴ ۔ حقیقی کلمہ | اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمداً رسول الله واشهد ان امير المومنين علي ولي الله ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ :- میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک محمد اللہ کے رسول ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ علی اللہ ہیں (یا علی اللہ میں سے ہیں)

(شکشہن مالا مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے ہند بمبئی)

۴۵ - سب کچھ امام پر روشن ہوتا ہے یعنی جو کچھ ہو چکا وہ بھی اور جو ہونے والا ہے وہ بھی - | امام حاضر عقل کل ہے - اسی وجہ سے جو ہو چکا، جو ہو رہا ہے اور جو ہونے والا ہے یہ سب امام پر روشن ہے (یعنی وہ عالم الغیب والشہادۃ ہے)

اور قرآن شریف سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ ہر ایک چیز امام ظاہر میں سموئی ہوئی ہے -

(درسی کتاب درجہ سوم صـ شائع کردہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے ہند بمبئی)

۴۶ - اللہ تعالیٰ حاضر امام کے روپ میں ظاہر ہو کر تشریف فرما ہے | چوتھا وید یعنی اتھروید کو جو لوگ برابر پوری طرح سمجھتے ہیں ان کا یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے دسویں اوتار میں غریبوں پر رحم کرنے والا پروردگار مولیٰ " حاضر امام " کے روپ میں ظاہر ہو کر تشریف فرما ہے -

(تعارفی صـ شکشہن مالا حصہ دوم شائع کردہ شعبۂ تعلیم اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن برائے ہند بمبئی)

۴۷ - یا علی مدد | " یا علی مدد " ہمارا سلام ہے " مولیٰ علی مدد " سلام کا جواب ہے یا علی بابا ہماری مدد کرتے ہیں - اٹھتے بیٹھتے " یا علی مدد " بولتے رہنا - گھر سے باہر نکلتے وقت " یا علی مدد " بولنا - گھر میں داخل ہوتے وقت یا علی مدد کہنا - ماں باپ اور بھائی بہنوں کو (سلام کے طور پر) یا علی مدد کہنا - شکشہن مالا صـ

۴۸ - امام مکھی اور کاکڑ یا لوگوں کے دانستہ اور نادانستہ گناہ معاف کر سکتے ہیں | ہر چاند رات کو اور بڑے تہوار کے دن امام حاضر کے فرمانوں کے تحت بیت الخیال کی مجالس میں چھینٹے ڈال کر مکھی اور کاکڑ یا دانستہ یا نادانستہ گناہوں کو معاف کر دیتے ہیں - (مارگ درشکا از مشنری علی بھائی بابو انی صـ ۲۸ مطبوعہ اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن برائے ہند بمبئی)

07415

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴۹ ۔ پیغمبر سے امام کا درجہ بڑا ہے اس لیئے کہ امام کا کام پیغمبر کے کام سے بڑا ہے

سوال :۔ پیغمبر یعنی ناطق اور "اساس" یعنی امام، ان دونوں میں سے کس کا درجہ بڑا ہے

جواب :۔ اساس کا درجہ بڑا ہے کیونکہ جو کام پیغمبروں سے نہیں ہو سکتا تھا وہ اساس (یعنی امام) کرتے تھے ۔ اور پیغمبروں میں سے اماموں کو بنانے کا اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کیلئے ہوا تھا ۔ اس سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ "اساس" کا درجہ بڑا ہوتا ہے ۔ پیغمبر اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچاتے ہیں اور اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی پہچان کراتے ہیں جبکہ "اساس" یعنی امام اپنی خود کی طاقت سے بذاتِ خود ہدایت کرتے ہیں اپنی پہچان آپ کراتے ہیں اور ان کو کسی کی مدد کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

(مدرگ ورشید کا حصہ اول صفحہ ۶۵ از مشنری علی بھائی بابوانی شائع کردہ اسمٰعیلیہ السوسی ایشن)

۵۰ ۔ خدا تعالیٰ ۔ امام کے روپ میں جو وہاں اور یہاں خدا کہلاتا ہے اس نے انسانی جسمانی شکل میں ظہور کیا اور اپنا نام رکھا ۔

www.KitaboSunnat.com

(مقدس گنان کا مجموعہ صفحہ ۲۵۱ بیچے از مطبوعات اسمٰعیلیہ السوسی ایشن برائے ہند بمبئی)

۵۱ ۔ محمد صلعم، علی کی بیوی ہیں اول ہی سے جو اللہ ہے اس کو علی کہئے نبی محمد صلعم نے (اسمٰعیلیوں کی کمال بے حیائی ۱۲ منہ از مصنف علی) اپنے شوہر (یعنی علی) کو پہچانا ۔

(مقدس گنان کا مجموعہ صفحہ ۱۴۴)

۵۲ ۔ علی کو اللہ کہہ کر اس کا سہارا حاصل کرو جو لوگ دل سے علی کو اللہ مانیں گے اُن کی آل اولاد میں اضافہ ہوگا اور وہ فلاح پائیں گے اس وجہ سے نرعلی کی اطاعت و عبادت کرنا ۔ اس نرجی کو دشوند (دسواں حصہ) دینا اگر آپ نرعلی کو دشوند دیتے رہیں گے تو آپ کی آل اولاد اور مال میں برکت ہوگی اور وہ (یعنی علی) آپ کا ایمان سلامت رکھے گا اس لئے کہ ہمارا یہ نرعلی (پوری کائنات کا) خالق مطلق ہے ۔

(گینان مومن چینتامنی از سید امام شاہ، مقدس گیانوں کا مجموعہ صفحہ ۱۱۳ شائع کردہ اسماعیلیہ السوسی ایشن)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۳ - علی ربّ الکائنات ہے | آسمان سے بادل آئیں گے اِدھر اُدھر برسیں گے یہ سب مولیٰ علی کے ہاتھ میں ہے جس نے ساری کائنات پیدا کی اور سب کا رب وہی ہے۔
گنان مومن چیتا منی از سید امام شاہ، مقدس گنانوں کا مجموعہ صفحہ ۱۰۲ شائع کردہ اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن)

۵۴ - قرآن مجید کے چالیس سپارے ہیں | قرآن مجید کے چالیس سپارے ہیں جس میں سے تیس سپارے اس دنیا میں ہیں اور دس سپارے جو باقی رہے وہ اس کے (یعنی امام کے) گھر میں ہیں ان دس سپاروں کو "اطہر دید" کہتے ہیں۔ ست گر (یعنی امام) کی زبان یہی (دس سپارے) ہیں۔
(گنان مومن چیتا منی از سید امام شاہ، مقدس گنانوں کا مجموعہ صفحہ ۹۵)

۵۵ - نبی محمد صلعم، گرو برہما جی کے اوتار ہیں | نبی محمدؐ گرو برہما جی کے اوتار ہیں نبی محمد صلعم پیدا ہوئے ان کا سلسلہ نصب چلا۔ ست گر برہما جی اور محمد ایک ہی ہیں ان کا پیدا کرنے والا داتا دشنو ہے۔
(گنان مومن چیتا منی از سید امام شاہ، مقدس گنانوں کا مجموعہ صفحہ ۱۰۴)

۵۶ - شاہ مرداں شیر یزداں حضرت علی کے مختلف دس روپ | پہلا اوتار شاہ نے مچھل کے روپ میں لیا، دیو سنکھاسر" کی گردن مروڑ کر شاہ نے مار ڈالا اور چاروں وید اس سے لے آئے۔ (۲) دوسرا اوتار کچھوے کی صورت میں لیا اور "دیو مدھو کٹک" کو مارا اور پوری دنیا کا بوجھ اپنی پیٹھ پر اٹھایا۔ (۳) شاہ نے تیسرا اوتار واراہ (یعنی سؤر) کے روپ میں لیا اور شاہ نے "مور دیو" کو مارا اور دیو "ہرناکش" کو بھی مارا اور "پرھلاد" اور پانچ کروڑ مریدوں کو نجات دلائی۔
(۴) شاہ نے چوتھا اوتار "وامن" کے روپ میں لیا اور "دیو بلی" کو مارا۔
(۵) شاہ نے "پرشورام" کے روپ میں پانچواں اوتار لیا اور "شیستر ارجن" دیو کو مارا۔ (۶) چھٹا اوتار شاہ نے "رام" کے روپ میں لیا اور دس سر والے "راون"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو مارا " سیتارانی " کو آزاد کرایا اور راجہ " وبھشتن " کو سری لنکا کا راجہ بنایا ۔

۷ ۔

(۸) آٹھواں اوتار شاہ نے " کرشن " کے روپ میں لیا " نند " کے گھر پیدا ہوئے کالے مہیب ناگ کے ناک میں نکیل ڈال دی اور " کنا سور " کو مارا ۔

۹ ۔ شاہ نے نواں اوتار " بدھ " کے روپ میں لیا اور دیو " دریودھن " کو ہلاک کیا ۔ پانچ پانڈوؤں کو بچایا اور راجہ " یودھشٹر " کو نو کروڑ مریدوں کے ساتھ نجات دلائی ۔ (۱۰) آج کل دسویں اوتار میں " علی " کے روپ میں شاہ کا ظہور ہے ۔

(مقدس گانوں کا مجموعہ گان ط۴ صہ۴۲ مرتبہ، پیر شمس از مطبوعات اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن)

(۱) خدا تعالیٰ کا ظہور اوّل :۔ شاہ امام " مچھیل " کے روپ میں دنیا میں آیا اور پانی کے اندر اترا اور " سنکھاسر " نام دیو کو مار کر چار وید لاکر " برہما " کو دیئے ۔

(۲) دوسرا ظہور ۔ شاہ (امام) کچھوے کا روپ دھار کر دنیا میں آیا اور اپنی پیٹھ پر سارا بوجھ اٹھایا اور " مدھو کیٹک " نام دیو کو ہلاک کیا اور " نو رتن " کو چمکایا ۔

۳ ۔ تیسرا ظہور : شاہ یعنی امام " سور " کے روپ میں دنیا میں آیا اور اپنی داڑھ میں پورے آسمان کو رکھ لیا اور " ہورڈے " نام دیو کو ہلاک کیا ۔

۴ ۔ چوتھا ظہور ۔ شاہ یعنی امام نرسی (آدھا جسم انسانی اور آدھا جسم شیر کا) کے روپ میں دنیا میں آیا اور " ہیرانا کنش " دیو کو ہلاک کیا اور راجہ " پرھلاد " اور اس کے پانچ کروڑ مریدوں کو بچایا ۔

۵ ۔ پانچواں ظہور ۔ شاہ (یعنی امام) " وامن " کے روپ میں اس دنیا میں آیا اور " بلرے " دیو کو ہلاک کیا ۔

۶ ۔ چھٹا ظہور ۔ شاہ (امام) " پرشورام " کے روپ میں دنیا میں آیا اور " کھشتری " لوگوں کو ہلاک کیا ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۷ ۔ ساتواں ظہور :۔ رام چندر جی کے روپ میں دنیا میں آیا اور " راون " جس کے دس سر تھے اس کو ہلاک کیا سیتا کو بچایا اور لنکا کو جلایا ۔

۸ ۔ آٹھواں ظہور :۔ کرشن کے روپ میں شاہ (امام) اس دنیا میں آیا مہیب کالے ناگ کو (دریائے جمنا میں) نکیل ڈال کر مارا ۔

۹ ۔ نواں ظہور :۔ شاہ (امام) مہاتما بدھ کے روپ میں دنیا میں آیا کوروؤں کو قتل کیا اور پانچ پانڈوؤں کو بچایا ۔

۱۰ ۔ دسواں ظہور ۔ شاہ (امام) نے اپنا نام نک لنک بتایا اور پانچ، سات، نو اور بارہ کروڑ انسانوں کو بچایا ۔ پچھلے اوتاروں کی نیکیاں سمیٹ لیں ۔

یہ دس اوتار گیان میں پیر صدرالدین نے بیان کئے اور مومن لوگوں کو شاہ (امام) کا دیدار دکھلایا اور گیان سے غافل انسان شیطان کی طرح راستے سے بھٹک گئے ۔

(مقدس گیان کا مجموعہ گیان ص ۱۸۳ ص ۱۸۲ از پیر صدرالدین مطبوعہ اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن)

۵۷ ۔ دشوند دینے سے "اواگون" سے نجات ملے گی | دشوند (یعنی دسواں حصہ) دیتے رہیئے اور روز بروز نیکیاں کماتے رہیئے اسی کے ذریعہ آپ کو اواگون کے چکر سے نجات ملے گی

(انت اکھاڑو صفحہ ۲۷ یکے از مطبوعات اسماعیلیہ ایسوسی ایشن کراچی)

نوٹ :۔ اواگون ہندوؤں کے ایک عقیدے کا نام ہے جس کی رو سے اپنے اعمال کی پاداش میں چوراسی جونیں یعنی چوراسی قالب بدلتا ہے اواگون کے عقیدے کو اسماعیلی کتابوں میں تناسخ ابدان کا نام دیا گیا ہے (جو کافرانہ عقیدہ ہے ۔ رفیع)

۵۸ ۔ اسمعیلیوں کے پاس کوئی کتاب ہدایت نہیں | آپ جانتے ہیں کہ انسان زندگی اور دنیا ہر وقت بدلتی رہتی ہے ہر چیز بدلتی رہتی ہے ۔ جس میں صحیح ہدایت امام ہی دے سکتے ہیں اسمعیلیوں کے پاس ہدایت کے لئے کوئی لکھی ہوئی کتاب نہیں ہے زندہ امام ہے (ہدایت کے لیئے) (کلام امام مبین حصہ دوم ص ۳۹۳ فرمان ۵۳۰ یکے از مطبوعات اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۹ - **ھوالحی القیوم کی عملی تصویر امام ہے** | امام حاضر دنیا میں موجود ہونا ہی چاہیئے امام کے سہارے دنیا ٹھہری ہوئی ہے - (آغا خان سوم کے فرامین کا مجموعہ کلام امام مبین حصہ اوّل ص۵)

جماعت خانے میں داخل ہوتے وقت "حی زندہ" بولو" حی زندہ" کا معنی ہے "حاضر امام" (تشکشہن مالا حصہ اول سبق ۳ صفحہ ۵ درسی کتاب برائے شبانہ سکول اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن بمبئی)

۶۰ - **شاہ پیر کی عبادت** | اس دنیا میں جو مومن پہلے تھے اور جو مومن اس وقت ہیں اور جو آئندہ ہوں گے یہ سب مومن شاہ پیر یعنی امام کی عبادت کرتے تھے کر رہے ہیں اور کرتے رہیں گے - (گینان برہم پکاش از پیر شمس مقدس گینانوں کا مجموعہ ص۲۹۷)

(نوٹ) پیر شاہ بولکر "نبی اور علی" مراد ہوتے ہیں حوالہ کیلئے تشکشہن مالا سبق ۱۱) اصغر

۶۱ - **یا علی تو ہی رب ہے تو ہی رحمٰن ہے وغیرہ** | یا علی تم ہی حق تعالیٰ ہو تم ہی پاک ذات ہو مہربان بادشاہ ہو علی تم ہی تم ہو یا علی! تو ہی ربّ ہے تو ہی رحمٰن ہے یا علی! تو ہی اول ہے، تو ہی آخر ہے اور تو ہی قاضی الحاجات ہے - یا علی! تم ہی نے پیدا کیا تم ہی نے پرورش کی - یا علی! خالق مطلق تم ہی ہو - یہ سمندر کا پانی، یہ زمین یہ آسمان ان سب میں تمہارا ہی حکم چلتا ہے - یا علی! تیری ہی دوستی میں پیر شمس بولے کہ یا علی! سب کچھ تم ہی ہو - (پچیس گینانوں کا مجموعہ گینان ۱۰ مطبوعہ اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن برائے پاکستان کراچی)

۶۲ - **عورتوں کو پردے کی ضرورت نہیں** | عورتیں جو برقعے پہنتی ہیں وہ اچھی بات نہیں ہے مگر اپنے دل کی آنکھوں پر حیا کا برقعہ ڈالو تاکہ تمہارے دل میں کبھی کوئی برا خیال نہ آئے -

(آغا سوم کے فرامین کا مجموعہ فرمان ۱۰۴ کلام امام مبین حصہ اول صفحہ ۲۴۳ مطبوعہ بمبئی)

۶۳ - **گناہوں کی معافی کا اعلان** | آج کے دن تک جتنے گناہ آپ لوگوں نے کئے ہیں وہ سب ہم معاف کرتے ہیں اب آئندہ گناہ نہ کرنا - کلام امام مبین صفحہ ۳۳۴ فرمان ۱۵۵

۶۴ - **سلطنت برطانیہ سے وفاداری کی تلقین** | ہمارے سارے روحانی بچوں کا مذہبی اور سماشرتی فرض اولین ہے کہ اپنی پوری وفاداری سے اور کل طاقت سے برٹش حکومت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(یعنی سلطنت برطانیہ) سے تعاون کریں۔ سلطنت برطانیہ اپنے مذہب اپنے مقصد کا اور اپنی آزادی کا محافظ ہے اس لئے اس وقت پُرخلوص وفاداری کے ساتھ لامتناہی خدمات انجام دینی چاہئیں۔

(کلام امام مبین حصہ دوم صفحہ ۲۸ فرمان ۴۴ یکے از مطبوعات اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن بمبئی)

۶۵۔ حضرت علی اپنی طاقت سے گناہ بخش کر جنت میں بھیج سکتے ہیں

مرشد (یعنی امام حاضر) کو ہر بات خبر ہے اگر وہ (اپنی تصویر کے بجائے) شراب کو سجدہ کرنے کو کہے تو کرنا چاہیئے کیونکہ وہ مرشد یعنی امام حاضر کا فرمان ہے مرتضیٰ علی بزرگ ہیں ان کے فرمان ماننے چاہئیں۔ کیونکہ وہ خود اپنی قدرت سے گناہ بخش کر جنت میں بھیج سکتے ہیں۔ (کلام امام مبین حصہ اول ۵۷۔ فرمان ۱۸)

۶۶۔ قرآن مجید کے چالیس سپاروں میں سے آخری دس سپارے حضرت علی گھر واپس لے گئے اور موجودہ قرآن، اللہ تعالیٰ کی کتاب نہیں بلکہ حضرت عثمان کی کتاب ہے۔

حضرت علی مرتضیٰ نے لوگوں کو فرمایا کہ یہ کتاب مجھ کو رسول اللہ صلعم نے دی ہے اور آپ لوگوں تک پہنچانے کی وصیت کی ہے اس لئے آپ اس کو لیجئے اس پر سب لوگوں نے کہا کہ ہمارے پاس حضرت عثمان کی کتاب ہے اور وہ ہمیں کافی ہے آپ کی کتاب کی ہمیں ضرورت نہیں، اس پر علی مرتضیٰ نے فرمایا کہ اس کتاب کی رتی برابر خبر آپ لوگوں کو تا قیامت نہیں ملیگی۔ یہ کہکر کتاب اپنے گھر واپس لے گئے۔ وہ کتاب بقیہ دس سپارے ہیں جن کے بارے میں پیر صدرالدین نے گنان میں سمجھا دیا ہے اس کے مطابق عمل کرو۔

(کلام امام مبین حصہ اول صفحہ ۶۴ فرمان ۲۰)

۶۷۔ اماموں کا فرمان قرآن مجید کے برابر ہے

نزول وحی کا سلسلہ ختم ہونے کے بعد زمانہ کے اماموں کی معرفت اُن کے فرمانوں کی شکل میں جو ہدایات کی جاتی ہیں وہ اللہ کے کلام کے برابر ہیں۔ اللہ نے حضرت پیغمبر کی معرفت تیس سپارے نازل کئے (باقی دس سپارے) زمانہ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اماموں کی معرفت ان کے فرمانوں کی شکل میں ظاہر ہو رہے ہیں۔

(کلام الٰہی اور فرمان امام از عالیجاہ سلطان ہفتم نور محمد صفحہ ۶۲ بکے از مطبوعات اسمٰعیلیہ ایسوسی ایشن تنزانیہ)

۶۸۔ قرآن مجید تو صدیوں کی بوسیدہ کتاب ہے | آپ لوگوں کے لئے جو علم ہے وہ گمان ہے
اب امام کا فرمان ہی قابل عمل ہے | قرآن شریف کو تیرہ سو سال ہو چکے ہیں وہ
ملک عرب کی آبادی کے لئے ہے۔ گمان کو سات سو سال ہوئے ہیں تم لوگوں کے لئے گمان ہے
اور اسی پر عمل کرنا۔ (کلام امام مبین حصہ اول صہ ۸۱ فرمان ۳۱)

۶۹۔ قرآن شریف بھی حق تھا مگر حضرت عثمان کے وقت میں اس میں ردوبدل کر دیا گیا | جس
امام کی باری ہوتی ہے اس کے فرمان پر عمل کرو تو فائدہ ہوگا اصل میں تورات انجیل زبور اور فرقان
یہ سب کتابیں الگ الگ قوم پر الگ الگ وقفہ پر نازل ہوتی تھیں۔ قرآن مجید بھی حق تھا مگر خلیفہ
عثمان کے وقت میں اس میں ردوبدل کر دیا گیا۔ آگے کے الفاظ پیچھے اور پیچھے
کے الفاظ آگے رکھ دیئے گئے ہیں۔ اس معاملے میں سارے خلاصے ہمارے پاس ہیں تم
لوگ ہم سے پوچھو گے تو ہم تم کو یہ خلاصے دکھلائیں گے۔
(کلام امام مبین حصہ اول صہ ۹۶ فرمان ۳۸ مطبوعہ اسمٰعیلی ایسوسی ایشن برائے ہند بمبئی)

خلیفہ عثمان کے وقت میں کچھ حصہ قرآن مجید میں سے نکال دیا گیا اور کچھ حصہ بڑھا دیا گیا
امام حاضر کے پاس ہر وقت ایک نئی چیز ہوتی ہے یہ اس وقت بتانے کی نہیں ہے بعد میں ہم
بتائیں گے۔ (حوالہ بالا)

۷۰۔ تنسیخ شریعت کا اعلان عام | تیئیسویں (۲۳ویں) امام حضرت شاہ حسن علی ذکرہ السلام
نے ۱۷ویں رمضان ۵۵۹ھ میں بھرے دربار میں فرمایا۔ "آج کے دن سے آپ کو میں
ساری شریعت کی پابندیوں سے آزاد کرتا ہوں، آج کے دن تم لوگوں کے لئے رحمت کے
دروازے کھل گئے ہیں۔ آج کے دن ہم نے پوری دنیا کو شریعت اور قیامت کے مفہوم
سے آگاہ کر دیا ہے آج کے دن کے بعد سے جو کوئی ہمیں نہیں پہچانتا تو ہم واضح الفاظ میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بتا دیتے ہیں ۔

"ہم زمانہ کے (ناسخ شریعت از مفضل) امام ہیں اور زمانہ (اب شریعت کی نہیں بلکہ از مفضل علم) ہماری تابعداری کے لئے تیار ہے" نور مبین ایڈیشن چہارم کے صفحہ نمبر ۲۵۴

مذکورہ بالا حوالوں پر اجمالی تبصرہ

ایسے مذہب کو اسلام اور اس کے ماننے والوں کو مسلمان نہیں کہا جا سکتا۔ جس مذہب میں کلمہ توحید لا الہ الا اللہ کی تفسیر "لا امام الا امام الزمان" ہو، جسمیں "لو کان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا" میں اللہ سے اشارہ امام کی طرف ہو، جسمیں ۔ ھو اللہ الخالق البارئ المصور سے عقل اول یا امام الزمان مراد ہوں، جسمیں ۔ عالم الغیب والشھادۃ سے مقصود امام قائم ہوں جو قیامت کے دن ظاہر ہوں گے جسمیں سورت اخلاص یعنی سورت قل ھو اللہ احد میں اللہ تعالیٰ کی بجائے عقل اوّل یا پنجتن کے اوصاف بیان کئے گئے ہوں جس میں شرک کی تعریف خدا کے ساتھ کسی کو شریک کرنا نہ ہو بلکہ خلافت و امامت میں علی کے ساتھ دوسروں کو شریک کرنا ہو، جس میں رتبہ وصایت و امامت کی حیثیت سے آنحضرت صلعم "مستودع" یعنی عارضی اور حضرت علی مستقر یعنی مستقل سمجھے گئے ہوں جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ایک اور ساتواں رسول پیدا ہو گیا ہو جسمیں انبیاء (جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی شامل ہیں) گناہگار ہوں اور صرف ائمہ معصوم سمجھے گئے ہوں جس میں حضرت علیؓ، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی تک آپ کی رسالت میں شریک ہوں جس میں حضرت علی اور ائمہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے چار درجے افضل مانے گئے ہوں جس میں حضرت علی نفس اللہ معبود ملئکہ اور غافر خطیئۃ الرسول سمجھے گئے ہوں جس میں آنحضرت صلعم کی اذان کے پہلے کلمے ۔ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللہ سے محمد بن اسمٰعیل، کی اور دوسرے کلمے ۔ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللہ سے ظہور کے دوسرے امام، القائم محمد بن عبداللہ المہدی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی رسالت کی شہادت مراد ہو، جس میں مؤمنین کی اذان کے پہلے کلمے۔ اشھدُ انّ محمدًا رسُول اللہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور دوسرے کلمے اشھدُ ان محمدًا رسول اللہ سے ساتویں امام محمد بن اسماعیل کی رسالت کی طرف اشارہ ہو جس میں قرآن مجید، تورات اور انجیل کی طرح ایک تحریف شدہ کتاب سمجھی گئی ہو جس میں شریعت محمدی کے ظاہر کی نہ صرف توہین کی گئی ہو بلکہ یہ بھی کہا گیا ہو کہ اللہ تعالیٰ نے ۱۳۳ھ کے بعد سے محمد بن اسمٰعیل کے ذریعے اسے معطل کر دیا ہے جس کی بنیاد باطنیت پر قائم ہو۔ جس سے ارتکاب فواحش و منکرات مباح ہو جائے جس میں اپنے علم حقیقت کے مسائل مثلاً حلول، تناسخ اور عقول عشرہ وغیرہ یونانی، ایرانی اور ہندی نظریات سے لئے گئے ہوں، جس میں دس حدود (یعنی ارکانِ دعوت) میں رومن کیتھولک چرچ کے نظام کی تقلید کی گئی ہو۔ جس میں حدود علویہ (یعنی عقول عشرہ) اور دس حدود سفلیہ (یعنی ارکانِ دعوت) کے واسطہ کے بغیر خدا تک پہنچنا یا نجات حاصل کرنا ناممکن ہو۔ جسمیں اپنی "پوری وفاداری" سے اور کل طاقت سے سلطنت برطانیہ سے تعاون کرنے اور پرخلوص وفاداری کے ساتھ لامتناہی خدمات انجام دینے کی تلقین کی گئی ہو۔ جس میں امام، محرمات اور فواحش کے مرتکب ہونے پر بھی امام باقی رہتا ہو اور فواحش کے ارتکاب کی وجہ سے اس کی امامت میں شک کرنے سے مومن کا ایمان جاتا رہتا ہو وغیرہ

علم تو عالم ہی ہیں لیکن ایک غیر عالم شخص بھی اسمٰعیلیوں (یعنی آغاخانیوں) کے ان ان عقائد کو جاننے کے بعد ایک منٹ کے لئے بھی انہیں مومن و مسلم ماننے کے لئے تیار نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اسے یہ لوگ اپنی کتابوں کے حوالوں کے آئینہ میں صاف طور پر غیر مسلم نظر آتے ہیں تاہم ان کے غیر مسلم ہونے کے بارہ میں چند معتبر ترین فتاوٰی نقل کئے جاتے ہیں تاکہ مزید تسلّی و تشفی کا باعث ہوں۔

فتوی نمبر (۱) ویجب اکفار الروافض فی قولھم برجعۃ الاموات الی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدنیا وبتناسخ الارواح وبانتقال روح الاله الی الائمۃ وبقولھم فی خروج امام باطنی وبتعطیلھم الامر والنھی الی ان یخرج الامام الباطن وبقولھم ان جبریل علیہ السلام غلط فی الوحی الی محمد صلی اللہ علیہ وسلم دون علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ وھولاء القوم خارجون عن ملۃ الاسلام واحکامھم احکام المرتدین کذا فی الظھیریۃ

(فتاوی عالمگیریہ جلد ۲ صـ ۲۶۴)

(ترجمہ و مطلب) درج ذیل وجوہ کی بناء پر ایسے روافض (جیسا کہ اسمٰعیلی اور ان جیسے دوسرے فرقے مثلاً زیدی، نصیری، دروزی وغیرہ) کو کافر جاننا واجب ہے جن کے عقائد یہ ہوں کہ

۱۔ مردے پھر زندہ ہو کر دنیا میں واپس لوٹ آتے ہیں۔

۲۔ روحیں جسمانی ڈھانچے بدل کر دنیا میں پھر نئے روپ میں آجاتی ہیں (مثلاً کوئی گناہ گار مر جائے تو اس کی روح گدھے میں ڈالدی جاتی ہے اور پھر مرنے کے بعد کتے میں ڈالدی جاتی ہے اور اس طرح ایک روح بطور سزا چوراسی قالب بدلتی ہے) (از اصغر علی)

۳۔ اللہ تعالیٰ اماموں کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں یعنی اماموں میں اللہ تعالیٰ کی روح منتقل ہو جاتی ہے۔

۴۔ ایک باطنی امام آئے گا اور تب تک احکام شریعت پر عمل درآمد معطل رہے گا۔

۵۔ جبریل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی وحی کو علی بن ابی طالب کے پاس لیجانیکی بجائے غلطی سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لیجاتے رہے۔

مندرجہ بالا عقائد حامل لوگ ملت اسلام سے خارج ہیں اور ان کے احکام مرتدوں والے احکام ہیں (فتاوی عالمگیری صـ ۲۶۴ ج ۲)

فتوی نمبر (۲) نعم لاشک فی تکفیر من قذف السیدۃ عائشۃ رضی اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعالیٰ عنہا او انکر صحبۃ الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ او اعتقد الالوھیۃ فی علی او ان جبریل غلط فی الوحی او نحو ذلک من الکفر الصریح المخالف للقرآن ۔ (ردالمحتار جلد ۳ صفحہ ۲۹۴ مطبوعہ یوپی)

ترجمہ و مطلب :۔ ہاں اس شخص کو کافر قرار دینے میں کوئی شک نہیں جو کہ منافقین کی طرف سے ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر لگائی گئی تہمت کو درست کہتا ہو یا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صحابی رسول ہونے کا انکار کرے یا حضرت علی کو معبود سمجھے یا یہ سمجھے کہ حضرت میں خدا تعالیٰ سمائے ہوئے ہیں اور ان میں خدا کی روح جلوہ گر ہے یا یہ سمجھے کہ جبریل علیہ السلام وحی الٰہی کو علی کے پاس لیجانے کی بجائے غلطی سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لیجاتے رہے یا اسی طرح کا کوئی اور صاف مخالف قرآن عقیدہ رکھے (مثلاً یہ کہ قرآن مجید کے چالیس سپارے ہیں یا موجودہ قرآن مجید صدیوں کی تحریف شدہ بوسیدہ کتاب ہے یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی کو نبی یا رسول مانے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین نہ جانے وغیرہ) فتاوی شامی ج ۳ ص ۲۹۴ (اصغر علی)

فتوی نمبر (۳) (تنبیہ) یعلم مما ھنا حکم الدروز والتیامنۃ فانھم فی البلاد الشامیۃ یظھرون الاسلام والصوم والصلوۃ مع انھم یعتقدون تناسخ الارواح وحل الخمر والزنا وان الالوھیۃ تظھر فی شخص بعد شخص ویجحدون الحشر والصوم والصلوٰم ویقولون المسمی بہا غیر المعنی المراد ویتکلمون فی جناب نبینا صلی اللہ علیہ وسلم کلمات فظیعۃ وللعلامۃ المحقق عبد الرحمان العمادی فیھم فتوی مطولۃ و ذکر فیھم ان ھم ینتحلون عقائد النصیریۃ والاسمٰعیلیۃ الذی یلقبون بالقرامطۃ والباطنیۃ الذین ذکرھم صاحب المواقف ۔

(الی قولہ) وفیھم فتوی فی الخیریۃ ایضاً فراجعہا والحاصل انھم یصدق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علیھم اسم الزندیق والمنافق والملحد (فتاویٰ شامی المعروف ردالمحتار جلد ۳ ص ۲۹۸ یوپی)

ترجمہ و مطلب:- علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ باب المرتد میں کفار کی قسمیں بیان کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ یہیں سے دروزیوں اور تیامنیوں کا حکم بھی معلوم کیا جاسکتا ہے (یعنی وہ زندیق ملحد اور منافق ہیں) کیونکہ وہ بلاد شام میں اپنا مسلمان ہونا اور اپنا نماز روزہ ظاہر کرتے ہیں۔ حالانکہ وہ تناسخ ارواح (یعنی اواگون) کا عقیدہ رکھتے ہیں اور شراب اور زنا کو حلال جانتے ہیں (کیونکہ ان کے ایک امام نے بقول ان کے انہیں شریعت کی سب پابندیوں سے آزاد کرکے ان پر رحمت کے دروازے کھول دیئے تھے) اصغر علی اور وہ یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ ان کے اماموں کے روپ میں خود خدا تعالیٰ جلوہ گر ہوتے ہیں اور یہ لوگ حشر نشر اور نماز روزے کے انکاری ہیں اور کہتے ہیں کہ نماز اور روزے کا وہ مفہوم نہیں جو عام لوگ سمجھتے ہیں اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں بھی گندی گندی باتیں کہتے ہیں (مثلاً یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم علی بیوی ہیں یا یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بحیرا راھب (ایک عیسائی درویش) کے شاگرد تھے یا یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ابوطالب نے نبوت سونپی تھی یا یہ کہ حضرت خدیجہ کبریٰ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی استانی تھیں جن سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تکمیل علوم کی وغیرہ) از اصغر علی محقق علامہ عبدالرحمٰن عمادی کا ان کے بارے میں ایک طویل فتویٰ ہے اس میں انہوں نے ذکر کیا ہے کہ دروزیوں اور تیامنیوں نے دراصل اپنے پیش رو، اسماعیلیوں اور نصیریوں کے عقائد چرائے ہیں (یعنی ان عقائد کے اصل موجد اسمٰعیلی اور نصیری ہیں) جن کو قرامطہ اور باطنیہ کا نام دیا جاتا ہے جنہیں صاحب مواقف نے بھی ذکر کیا ہے اور ان کے بارے میں چاروں مذہبوں کا فتویٰ نقل کیا ہے۔ (علامہ شامی آگے فرماتے ہیں) فتاویٰ خیریہ میں بھی ان کو غیر مسلم قرار دیا گیا ہے اور خلاصۂ کلام یہ ہے کہ یہ زندیق، منافق اور ملحد ہیں (فتاویٰ شامی ج ۳ ص ۲۹۸)

فتویٰ نمبر (۴) کفایۃ المفتی جلد نمبر ایک میں مسئلہ نمبر ۳۱۶ کے جواب میں حلول الوھیۃ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علی غلط فی الوحی اور قرآن مجید میں کمی زیادتی کا اعتقاد رکھنے والوں پر کفر کا فتوی لگا کر اُن کے ساتھ رشتے ناطے کرنے کو ناجائز قرار دیا گیا ہے۔

فتوی نمبر (۵) امداد الفتاوی جلد نمبر ۶ میں مسئلہ ۴۴۶ کے جواب میں آغاخانیوں کے کفر پر ایک مفصل فتوی بعنوان "الحکم الحقانی فی الحزب الآغاخانی" صادر کیا گیا ہے۔

فتوی نمبر (۶) مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا ایک مفصل فتوی بعنوان "تکفیر کے اصول اور آغاخانی فرقہ کا حکم" ایک رسالہ کی صورت میں آپ کے فقہی رسائل کے مجموعہ "جواہر الفقہ" کے حصہ اول میں موجود ہے جس کا مطالعہ اس بارے میں بے حد مفید اور باعث بصیرت ہے۔

نوٹ:۔ یہ رسالہ علیحدہ بھی طبع ہو گیا ہے اور مکتبہ دار العلوم کراچی ۱۴ کے پتہ پر دستیاب ہے۔

اب ہم استفتاء ہذا کے اصل سوالات کا نمبروار جواب تحریر کرتے ہیں۔

(۱) ان عقائد و نظریات والا فرقہ کافر ہے (۲) ان پر نماز جنازہ جائز نہیں

(۳) ان کو مسلمانوں کے مقبرہ میں دفن کرنا جائز نہیں (۴) ان کے ساتھ مناکحت جائز نہیں۔

(۵) ان کا ذبیحہ حلال نہیں۔ (۶) یہ خارج اسلام ہیں لہٰذا ان کے ساتھ مسلمانوں جیسا معاملہ ہرگز نہیں کیا جا سکتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم

حررہ احقر عبد الرؤف
دار العلوم کراچی ۱۴

الجواب صحیح
محمد شفیع عثمانی عفا اللہ عنہ
۲۹/۴/۱۴۰۳ھ

دار الافتاء
دار العلوم کراچی ۱۴
اسلامیہ جمہوریہ پاکستان
مورخہ ۲۹/۴/۱۴۰۳ھ
نمبر ۷۸۳/۳۴ ب

الجواب صحیح
۱۶/۴/۱۴۰۳ھ

الجواب صحیح
سعید احمد
بندہ سعید احمد غفرلہ
۲-۲-۱۴۰۳ھ

الجواب صحیح
سید عبد الرؤف
دار الافتاء - دار العلوم کراچی ۱۴
۱-۲-۱۴۰۳ھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مہتمم جامعہ فاروقیہ کراچی کا فتویٰ

ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان صدر سواد اعظم اہلسنت پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

اسمٰعیلی فرقے کے جن عقائد ونظریات کا سوال میں ذکر ہے ان کے پیش نظر ان لوگوں کے کفر میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے۔

کلمہ میں حضرت علی رضؓ کو صراحتہً اللہ کہا گیا ہے جو کفر ہے آغاخان کو قرآن ناطق کہنا اور قرآن کریم میں وارد شدہ لفظ اللہ سے آغاخان کو مراد لینا بھی صریح کفر ہے اسی طرح نماز اور زکوٰۃ کا انکار بھی موجب کفر ہے۔

اس لئے اسمٰعیلیوں کو مسلمان سمجھنا کھلی ہوئی گمراہی ہے ان کا رد زنے سے انکار اور حج سے انحراف بھی مشہور ومعروف ہے۔ اس لئے کسی طور سے ان کو مسلمان نہیں کہا جاسکتا نہ ان کا جنازہ پڑھنا جائز ہے نہ ان کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا درست ہے ان کا ذبیحہ بھی حلال نہیں نہ شادی بیاہ کا تعلق ان کے ساتھ صحیح ہے۔ غرضیکہ مسلمانوں کی طرح ان کے ساتھ کسی قسم کا معاملہ کرنا جائز نہیں ہے فقط

واللہ اعلم وعلمہ اتم واکمل

سلیم اللہ خان

مہتمم جامعہ فاروقیہ کراچی

۱۳ ۸/ ۱۴۰۳ھ ۲۷ ۵/ ۱۹۸۳ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

توقیعات علمائے کراچی

دارالافتاء

الجامعۃ الفاروقیہ

شاہ فیصل کالونی رقم ۴ کراتشی ۲۵ پاکستان

الجواب صحیح
سلیم اللہ خان مہتمم جامعہ فاروقیہ

الجواب صحیح
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کراچی ۱۴۰۳ھ
نظام الدین شامزی
دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

الجواب صحیح
مہتمم مدرسہ اشرفیہ
سکرٹری سندھ

الجواب صحیح مولانا اسفندیار خان مہتمم مدرسہ صدیقیہ
دارالخیر بکرا پیڑی کراچی۔
جنرل سکریٹری سواد اعظم اہلسنت پاکستان

الجواب صحیح محمد زکریا مہتمم مدرسہ انوار القرآن کراچی

الجواب صحیح

آغا خانی خود بھی اپنے آپ کو مسلمان نہیں کہتے اور جو عقائد سوال میں لکھے ہیں یہ مسلمانوں کا عقیدہ ہو نہیں سکتا ہے اس کے علاوہ بھی وہ اپنے عبادت خانوں میں آغا خان کی تصویر کی تقریباً پرستش کرتے ہیں۔ لہٰذا حکم شرعی کے اعتبار سے نہ وہ مسلمان ہیں نہ اُن کے ساتھ مسلمانوں سا برتاؤ کرنا جائز ہے۔ نہ ان کی نماز جنازہ جائز ہے نہ ذبیحہ حلال ہے نہ مقابر مسلمین میں دفن کیا جائے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

وقار الدین عفی عنہ

دارالافتاء
فاسئلوا اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون
اہل سنت وجماعت کی دینی درسگاہ
دارالعلوم امجدیہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بلاشبہ شیعہ آغاخانی عقائد مندرجہ استفتاء رکھنے کی وجہ سے کافر اور خارج از اسلام ہیں ان کا کفر اثنا عشریوں کے کفر سے بھی زیادہ اور اشد ہے ان کے عقائد باطلہ سے واقف ہونے کے بعد ان کے کفر میں قائل کرنا اور انہیں مسلمان کہنا بھی مستلزم کفر ہے ان سے مناکحت بالکل ناجائز اور حرام ہے ۔ فقط محمد اسحاق صدیقی عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح

مولانا فدا الرحمٰن درخواستی صاحب ، مہتمم مدرسہ انوار القرآن کراچی

الجواب صحیح محمد امین مدرس مدرسہ مفتاح العلوم گھاس مارکیٹ حیدرآباد

الجواب صحیح محمد عبدالرحیم غفرلہ مینگل مہتمم جامعہ نوشیہ رضویہ کراچی

الجواب صحیح محمد خلیل الرحمان مدرس و خادم مدرسہ مدینۃ العلوم اسلام پور

الجواب صحیح محمد اکرم ، مدرسہ حنفیہ کریمہ شہداد پور سندھ

الجواب صحیح واہ غلام اللہ ، خادم مدرسہ جامعہ دارالفیوض کندھ کوٹ ضلع جیکب آباد

الجواب صحیح عزالدین نائب مہتمم " " " "

الجواب صحیح محمد عمر مگسی ، مفتی مدرسہ مدینۃ العلوم پنیدو شریف ضلع حیدرآباد

الجواب صحیح ۔ ابو محمد عبدالکریم شاکر خطیب جامع مسجد گوٹھ نبی بخش ماتلی ضلع بدین

مولانا کلیم اللہ بدین مولانا عبدالرشید بدین

مولانا محمد اسمٰعیل ٹنڈو غلام علی بدین مولانا حافظ محمد شفیع ڈگری ضلع تھرپارکر

مولانا عبدالستار صاحب چاولہ بدین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علمائے پنجاب کا فتویٰ

الجواب باسم فلہم الصواب

۱۔ مندرجہ بالا اعتقادات کا رکھنے والا کافر ہے اس کو مسلمان سمجھنے والا کافر و مرتد ہوگا ۲۔ ان کی نماز جنازہ میں ہرگز شرکت نہ کی جائے ورنہ اندیشہ کفر ہے۔ (۳) مسلمانوں کے قبرستان میں ہرگز دفن نہ ہونے دیا جائے۔ (۴) ان کے ساتھ نکاح ہو ہی نہیں سکتا اگر نکاح ہوا تو خالص زنا ہوگا اولاد ولد الزنا اور حرامی ہوگی۔ ۵۔ ان کا ذبیحہ مردار ہوگا۔ ۶۔ ہرگز نہیں۔

الجواب صحیح
آپ کا مخلص دعاگو ہے
فقیر سراج احمد دینپوری
علمائے حق کے فیصلہ کی
فقیر بھی تائید کرتا ہے
(حضرت مولانا) سراج احمد دینپوری

مرکزی دار الافتاء
جامعہ مدنیہ
رجسٹرڈ
کریم پارک راوی روڈ لاہور

الجواب صحیح
حضرت مولانا حامد میاں صاحب مدظلہ
مہتمم جامعہ مدنیہ کریم پارک لاہور

عبد الحمید غفرلہ جامعہ مدنیہ لاہور
۲۴ رجب المرجب ۱۴۱۳ھ

الجواب ومنہ الصدق والصواب

اکابر امت کا فتویٰ ہے کہ جماعت آغا خانی اور فرقہ آغا خانی کافر ہے۔ امداد الفتاوی ص ۱۱۰ ج ۶ میں تصریح ہے کہ اسلام میں کلمہ توحید بنیاد ہے اس کے وہ قائل نہیں۔ شریعت کے معنی میں تغیر کیا لفظ اللہ ہی کو غلط سمجھا، نماز پنجگانہ روزہ، حج و زکوٰۃ کا انکار کیا۔ اور زکوٰۃ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے نام سے جو کچھ دیا تو وہ بھی دنیا کے ایک امیر ترین آدمی کو دیا - حالانکہ صدیق اکبرؓ نے صرف منکرین زکوٰۃ سے جہاد فرمایا ہے - مساجد شعائر اللہ ہیں انہوں نے اس سے انحراف کیا - اور جو جماعت خانے ہیں اُن کا رُخ قبلہ کی طرف بھی نہیں ہے یعنی یہ اہل قبلہ بھی نہیں ہیں - سلام جو عند اللقاء ایک مسنون طریقہ ہے انہوں نے اس کو بدل دیا - فقہاء کرام نے فرمایا ہے ایک بستی اگر متفق ہو کر صرف ایک سنت کا انکار کریں مثلاً اذان دینا چھوڑ دیں - تو خلیفۂ وقت کے لئے ان کے ساتھ جہاد کرنا فرض ہے اور بھی ان میں قباحتیں ہیں جو سوال میں نہیں آئے ہیں وہ یہ کہ میت کھاتے ہیں محرمات سے نکاح کرتے ہیں -

جبکہ قادیانی صرف ختم نبوت کے منکر ہو کر اقلیت میں آکر کافر ہوئے ہیں تو کیا یہ پوری شریعت پر جھاڑو پھیرنے کے بعد بھی کافر نہ ہوں گے ، یہ کافر ہیں کافر ہیں کافر ہیں - اور یہ بالکل مسلمان کہلانے کے مستحق نہیں ، لہٰذا ان کو مسلمانوں کے قبروں میں دفنا جائز ہے اور نہ ان پر نماز جنازہ پڑھنا جائز ہے اور نہ ان کا ذبیحہ حلال ہے اور نہ مناکحت جائز ہے مسلمانوں جیسا کوئی معاملہ ان کے ساتھ نہ کریں -

فقط والسلام غلام مصطفیٰ غفرلہ جامعہ ضیاء العلوم
بیگم پورہ لاہور ، ۱۶/۸/۱۴۰۳

الجواب

علمائے ہند کا یہ متفقہ حکم ہے تو فرقہ آغا خانی جو بہت سے احکام کے منکر ہے - قطعاً کافر ہے -

احقر نور الحسن عفی عنہ
دار العلوم رحمانیہ فیروز پورہ روڈ لاہور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الجواب ھو الموفق الصدق

آغاخانی فرقے کے جو عقائد آپ نے سوال میں تحریر فرمائے ہیں اس کی بنیاد پر یہ فرقہ دائرہ اسلام سے خارج ہے حج اور روزے کا انکار تو صریحاً قرآن کریم کا انکار ہے اسی طرح دیگر عقائد بھی اسلام کے خلاف ہیں یہ فرقہ مسلمانوں سے علیحدہ ہے اس لئے ان کے احکام بھی مسلمانوں کی طرح نہیں تمام احکام میں مسلمانوں سے جدا ہیں۔ نماز جنازہ مناکحہ ذبیحہ وغیرہ بھی درست نہیں۔

واللہ اعلم بالصواب

مفتی محمد حسین نعیمی جامعہ نعیمیہ

لاہور

الجواب

جو فرد فرائض کا منکر ہے اور سلف صالحین کے عقائد کے خلاف عقائد رکھتا ہے وہ ہرگز مسلمان نہیں۔

احقر العباد مولوی ابوالریان محمد رمضان

مفتی دارالعلوم حزب الاحناف لاہور

الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم، واضح رہے کہ ضروریات دین میں سے کسی ایک چیز کا بھی اگر کوئی شخص منکر ہے تو وہ دائرہ اسلام سے خارج اور کافر ہے لہٰذا اگر فرقہ مذکورہ کے واقعی یہی عقائد ہیں جو سوال میں مذکور ہیں تو وہ مسلمان کہلانے کے مستحق نہیں ہیں۔ مسلمانوں کے لئے ان کی نماز جنازہ پڑھنا، ان کو مسلمانوں کی قبرستان میں دفن کرنا ان کے ساتھ مناکحت کرنا، ان کا ذبیحہ کھانا اور ان کے ساتھ مسلمانوں جیسے سلوک کرنا جائز نہیں ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محمد عنایت اللہ عفی عنہ
معین مفتی جامعہ قاسم العلوم ملتان
۱۲ شعبان ۱۴۰۲ھ

الجواب صحیح
عبدہ محمد اسحاق جعفر مفتی جامعہ قاسم العلوم ملتان

الجواب مذکورہ عقائد کو صحیح سمجھنے والا بلاشبہ کافر ہے اس کے ساتھ مسلمانوں کا معاملہ نہ کیا جائے ان سے مناکحت، ان کا جنازہ، ان کے ذبیحہ کو کھانا مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا ہرگز جائز نہیں کیونکہ یہ شخص ضروریات دین کا منکر ہے فرقہ آغاخانی کے بارے میں حضرت تھانوی کا رسالہ "القول الحقانی فی الحزب الاغاخانی" ہے اس میں اور دیگر اکابر اہل علم کی تحریرات میں اس فرقہ کو کافر قرار دیا گیا ہے۔



فقط واللہ اعلم
عبد القادر عفی عنہ
مدرس دار العلوم کبیر والا
۲۴ رجب ۱۴۰۲ھ

الجواب مشہور آغاخانی فرقہ کافر اور خارج از اسلام ہے۔ ان کے ساتھ مسلمانوں کا سا برتاؤ ہرگز نہ کیا جائے۔ نہ ان سے مناکحت صحیح ہے اور نہ مسلمانوں کے قبرستان میں ان کو دفن کیا جائے ان کی بعض کفریات کی سوال میں بھی تصریح ہے مثلاً

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لفظ اللہ سے مراد امام لینا اور صلوۃ خمسہ زکوۃ، روزہ، حج کا انکار کرنا یہ امور بلاشبہ کفر ہیں مزید تفصیل کے لئے دیکھیں حضرت اقدس حکیم الامت حضرت تھانوی قدس سرہ کا رسالہ "الحکم الحقانی فی الحرب الآغاخانی" (جواہر الفقہ ص ۶۲ ج ۱)

فقط واللہ اعلم

مفتی خیر المدارس

الجواب صحیح

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ

نائب مفتی، محمد انور

خیر المدارس۔ ملتان پاکستان

مندرجہ بالا عبارت سے مندرجہ ذیل مسائل معلوم ہوئے۔

۱۔ فرق ضالہ دروزیہ۔ تیامنہ، نصیریہ، اسماعیلیہ حشر نشر صوم صلوۃ حج کے منکر ہیں اور شخص بعد شخص میں ظہور الوھیت کے قائل ہیں معاذ اللہ۔

۲ مذاہب اربعہ میں ان کا یہ حکم ہے کہ انہیں دار الاسلام میں رہنے نہ دیا جائے اور نہ ان سے مناکحت جائز ہے اور ان کا ذبیحہ حلال ہے ۳ انہیں زندیق منافق ملحد کہا جا سکتا ہے ۴ اسلامی حکومت پر ان کا قلع قمع اور استئصال واجب ہے۔

فقط واللہ اعلم

العبد محمد [illegible]

خادم الافتاء مدرسہ اسلامیہ عربیہ خیر المعاد ملتان شریف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

